تَعلِیمُ القُرآن

رُبَمَا (۱۴)

قرآن سیکھنے والوں کیلئے آسان گرامر کے ساتھ
لفظی اور بامحاورہ ترجمہ

چوہدری عبد السّلام

حافظ قاری عطاء اللہ

(مستند) رجسٹرڈ پروف ریڈر پنجاب قرآن بورڈ محکمہ اوقاف

حکومت پنجاب لاہور۔ پاکستان

فون نمبر: 0308-4259187

0324-4858497

حوالہ نمبر: تعلیم القرآن

رجسٹریشن نمبر:013

میں نے چوہدری عبدالسّلام کے ترجمہ قرآن کریم (تعلیم القرآن) کے پارہ نمبر14 کے قرآنی متن کو حرفاً حرفاً پوری توجہ اوراحتیاط سے پڑھاہے۔ میں پورے وثوق سے اس کی صحت کی تصدیق کرتاہوں کہ اس کے متن میں اعرابی لفظی اور رسم الخط کی کوئی ایسی غلطی نہیں جس سے قرآنِ کریم کے عربی متن میں کوئی تبدیلی واقع ہوتی ہو۔

حافظ قاری عطاء اللہ

عرضِ مؤلف

پارہ رُبَمَا (۱۴) کاآسان گرامر کے ساتھ لفظی اور بامحاورہ ترجمہ پیش ہے۔
قرآن پاک کاترجمہ سیکھنے کیلیئے گرامر کاآنا بہت ضروری ہے۔ پہلے پارہ میں گرامر کے صفحات لگائے گئے ہیں۔ اسے پڑھیں یا کسی اور گرامر کی کتاب کا مطالعہ کریں۔

قرآن کے الفاظ کا گرامر کے ساتھ ترجمہ کیا گیاہے۔ پھر الفاظ کے ترجمہ کو ملا کر بامحاورہ ترجمہ کی شکل دی گئی ہے۔ فعل کے مصادر اور ساتھ فعل ماضی واحد مذکر غائب اور فعل مضارع واحد مذکر غائب کے صیغے دیئے گئے ہیں تاکہ ترجمہ سیکھنے میں آسانی ہو۔

اگر کوئی کوتاہی نظر آئے تو آگاہ کریں تاکہ اصلاح کی جائے۔

پورے قرآن مجید کا اسی انداز میں ترجمہ کرنے کاارادہ ہے دعا کریں اللہ تعالیٰ مجھے ہمت اور صحت عطافرمائے اور یہ کوشش میری بخشش کا سبب بن جائے۔

چوہدری عبدالسّلام
435رضا بلاک علامہ اقبال ٹاؤن لاہور
موبائل نمبر:0322-4655866

رُبَمَا يَوَدُّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْ كَانُوْا مُسْلِمِيْنَ ۝	کسی وقت چاہیں گے وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا کاش وہ مسلمان ہوتے۔

رُبَمَا (رُبَ، مَا) رُبَ ، حرف جار ہے اور، مَا، کافہ ہے یہ عام طور پر نکرہ پر داخل ہوتا ہے، قلت اور کثرت کے لئے آتا ہے (کسی وقت، بہت وقت، بسا اوقات)

يَوَدُّ، فعل مضارع واحد مذکر غائب وَدَّ يَوَدُّ ، مصدر مَوَدَّةٌ، چاہنا، خواہش کرنا (وہ چاہے گا)

الَّذِيْنَ، اسم موصول جمع مذکر (وہ لوگ جنہوں نے)

كَفَرُوْا، فعل ماضی مذکر غائب كَفَرَ يَكْفُرُ ، مصدر كُفْرًا، کفر کرنا (انہوں نے کفر کیا)

لَوْ، تمنائی (کاش) كَانُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب كَانَ يَكُوْنُ، مصدر كَوْنًا، ہونا (وہ ہوتے)

مُسْلِمِيْنَ : اِسْلَامًا ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، فرمانبردار (مسلمان)

ذَرْهُمْ يَاْكُلُوْا وَ يَتَمَتَّعُوْا وَ يُلْهِهِمُ الْاَمَلُ فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ۝	آپ انہیں چھوڑ دیں وہ کھائیں اوروہ فائدہ اٹھائیں اورانہیں امید غفلت میں رکھے پھر جلد وہ جان لیں گے۔

ذَرْهُمْ (ذَرْ، هُمْ) ذَرْ، فعل امر واحد مذکر حاضر وَذَرَ يَذَرُ، مصدر وَذْرًا ، چھوڑنا، نظرانداز کرنا، آپ چھوڑ دیں، هُمْ ، ضمیر جمع مذکر غائب، انہیں (آپ انہیں چھوڑ دیں)

يَاْكُلُوْا، فعل مضارع جمع مذکر غائب مجزوم اَكَلَ يَاْكُلُ، مصدر اَكْلًا، کھانا (وہ کھائیں)

وَ، حرف عطف (اور) يَتَمَتَّعُوْا، فعل مضارع جمع مذکر غائب مجزوم تَمَتَّعَ يَتَمَتَّعُ، مصدر تَمَتُّعًا، فائدہ اٹھانا (وہ فائدہ اٹھائیں) وَ، حرف عطف (اور)

يُلْهِهِمُ (يُلْهِ، هِمْ) يُلْهِ، فعل مضارع واحد مذکر غائب اَلْهٰى يُلْهِيْ، مصدر اِلْهَآءٌ، غفلت میں رکھنا وہ غفلت میں رکھے، هِمْ ، ضمیر جمع مذکر غائب، انہیں (وہ انہیں غفلت میں رکھے)

الْاَمَلُ : (امید توقع) جمع، اٰمَالٌ،

فَسَوْفَ (فَ، سَوْفَ) فَ، حرف عطف پھر ، سَوْفَ، جلد مضارع کو مستقبل کے لئے مختص کرتا ہے (پھر جلد) يَعْلَمُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب عَلِمَ يَعْلَمُ مصدر عِلْمًا، جاننا (وہ جان لیں گے)

وَمَآ اَهْلَكْنَا مِنْ قَرْيَةٍ اِلَّا وَ لَهَا كِتَابٌ مَّعْلُوْمٌ ۝۴	اور ہم نے کسی بستی کو ہلاک نہیں کیا مگر اس حال میں کہ اس کے لئے لکھا ہوا مقرر وقت تھا۔

وَمَآ،وَ، حرف عطف اور، مَا، نافیہ، نہیں (اور نہیں)

اَهْلَكْنَا، فعل ماضی جمع متکلم اَهْلَكَ يُهْلِكُ، مصدر اِهْلَاكٌ، ہلاک کرنا (ہم نے ہلاک کیا)

مِنْ قَرْيَةٍ (مِنْ، قَرْيَةٍ) مِنْ، حرف جار زائدہ برائے عموم، کسی، قَرْيَةٍ، بستی (کسی بستی)

اِلَّا، کلمہ استثنا (مگر) وَ: حالیہ (اس حال میں کہ)

لَهَا (لَ، هَا) لَ، جار کے لئے، هَا، ضمیر واحد مونث غائب اس، ضمیر کا مرجع قَرْيَةٍ ہے (اس کے لئے)

كِتَابٌ مَّعْلُوْمٌ، كِتَابٌ، موصوف، بمعنی مفعول لکھا ہوا، مَعْلُوْمٌ، صفت، عِلْمًا، مصدر سے اسم مفعول واحد مذکر جانا ہوا، معین، مقرر وقت (لکھا ہوا مقرر وقت)

مَا تَسْبِقُ مِنْ اُمَّةٍ اَجَلَهَا وَمَا يَسْتَاْخِرُوْنَ ۝۵	کوئی امت اپنے مقررہ وقت سے آگے نہیں نکل سکتی اور نہ وہ پیچھے رہتے ہیں۔

مَا، نافیہ (نہیں) تَسْبِقُ، فعل مضارع واحد مؤنث غائب سَبَقَ يَسْبِقُ، مصدر سَبْقًا، آگے نکلنا، پہلے پہنچنا، پہل کرنا (آگے نکل سکتی ہے) مِنْ اُمَّةٍ، مِنْ، زائدہ برائے، عموم، اُمَّةٍ، امت (کوئی امت)

اَجَلَهَا (اَجَلَ، هَا) اَجَلَ، مضاف، مقررہ وقت، هَا، مضاف الیہ، ضمیر واحد مونث غائب، اپنے، ضمیر کا مرجع، اُمَّةٍ، ہے (اپنے مقررہ وقت سے) وَمَا، وَ، حرف عطف اور، مَا، نافیہ، نہ (اور نہ)

يَسْتَاْخِرُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب اِسْتَاْخَرَ يَسْتَاْخِرُ، مصدر اِسْتِيْخَارٌ، دیر کرنا، پیچھے رہنا (وہ پیچھے رہتے ہیں)

وَقَالُوْا يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْ نُزِّلَ عَلَيْهِ الذِّكْرُ اِنَّكَ لَمَجْنُوْنٌ ۝۶	اور انہوں نے کہا اے وہ (شخص) جس پر نصیحت نازل کی گئی ہے! بے شک آپ یقیناً دیوانہ ہیں۔

وَ: حرف عطف (اور) قَالُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب قَالَ يَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، کہنا (انہوں نے کہا)

يَاَيُّهَا، يَا، حرف ندا (اے) اَيُّهَا منادیٰ میں ال داخل ہو تو مذکر کیلئے يَا کے ساتھ لگاتے اَيُّهَا لگاتے ہیں۔

الَّذِىْ نُزِّلَ عَلَيْهِ الذِّكْرُ، منادیٰ، الَّذِىْ، اسم موصول واحد مذکر (وہ جس)

نُزِّلَ، فعل ماضی مجہول واحد مذکر غائب نَزَّلَ يُنَزِّلُ، مصدر تَنْزِيْلًا، اتارنا، نازل کرنا (نازل کی گئی ہے)

عَلَيْهِ (عَلٰى، هِ) عَلٰى، حرف جار، پر، هِ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب اس (اس پر)

الذِّكْرُ، اسم ومصدر (نصیحت، یاددہانی)

اِنَّكَ (اِنَّ، كَ) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، كَ، ضمیر واحد مذکر حاضر، آپ (بے شک آپ)

لَمَجْنُوْنٌ (لَ، مَجْنُوْنٌ) لَ، لام تاکید، ضرور، یقیناً، مَجْنُوْنٌ، جِنٌّ، سے اسم مفعول واحد مذکر، دیوانہ، جن رسیدہ، وہ شخص جس کو جنات نے تعلیم دی ہو (یقیناً دیوانہ)

لَوْ مَا تَاْتِيْنَا بِالْمَلٰٓئِكَةِ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ۝	آپ ہمارے پاس فرشتوں کو کیوں نہیں لے آتے اگر آپ سچوں میں سے ہیں۔

لَوْ مَا، حرف امتناع اور حرف تحضیض (کیوں نہیں)

تَاْتِيْنَا (تَاْتِىْ، نَا) تَاْتِىْ، فعل مضارع واحد مذکر حاضر اَتٰى يَاْتِىْ، مصدر اِتْيَانٌ، آنا صلہ میں بَاء، ہے اس لئے ترجمہ لانا، آپ لے آتے، نَا، ضمیر جمع متکلم، ہمارے (آپ ہمارے پاس لے آتے)

بِالْمَلٰٓئِكَةِ (بِ، اَلْمَلٰٓئِكَةِ) بِ، حرف جار، کو، اَلْمَلٰٓئِكَةِ، مجرور، فرشتوں، واحد مَلَكٌ، اِنْ، شرطیہ (اگر)

كُنْتَ، فعل ماضی واحد مذکر حاضر كَانَ يَكُوْنُ، مصدر كَوْنًا، ہونا (آپ ہیں)

مِنَ الصّٰدِقِيْنَ (مِنْ، اَلصّٰدِقِيْنَ) مِنْ، حرف جار، سے، اَلصّٰدِقِيْنَ، صِدْقٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر۔ سچ بولنے والے سچوں (سچوں میں سے)

مَا نُنَزِّلُ الْمَلٰٓئِكَةَ اِلَّا بِالْحَقِّ وَمَا كَانُوْٓا اِذًا مُّنْظَرِيْنَ ۝	ہم فرشتوں کو نہیں اتارتے مگر حق کے ساتھ اور اس وقت وہ مہلت دیئے جانے والے نہیں ہونگے۔

مَا، نافیہ (نہیں) نُنَزِّلُ، فعل مضارع جمع متکلم نَزَّلَ يُنَزِّلُ، مصدر تَنْزِيْلًا، اتارنا، نازل کرنا (ہم اتارتے)

اَلْمَلٰٓئِكَةَ (فرشتوں کو) اِلَّا، کلمہ استثنا (مگر)

بِالْحَقِّ (بِ، اَلْحَقِّ) بِ، حرف جار، کے ساتھ، اَلْحَقِّ، مجرور، حق (حق کے ساتھ) فیصلہ عذاب کے ساتھ، وَمَا، وَ، حرف عطف، اور، مَا، نافیہ، نہیں (اور نہیں)

كَانُوْٓا، فعل ماضی جمع مذکر غائب كَانَ يَكُوْنُ، مصدر كَوْنًا، ہونا، نُنَزِّلُ، کا جزائیہ اسلئے ترجمہ (وہ ہونگے)

اِذًا، حرف جزا ہے، جواب اور جزا کیلئے آتا ہے (اس وقت)

مُّنْظَرِيْنَ، اِنْظَارٌ، مصدر سے اسم مفعول جمع مذکر (مہلت دیئے جانے والے)

اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَ اِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ ۝۹	بے شک ہم نے نصیحت (قرآن) کو نازل کیا اور بے شک ہم اس کی ضرور حفاظت کرنے والے ہیں

اِنَّا (اِنَّ، نَا) اِنَّ حرف مشبہ بالفعل بے شک، نَا ضمیر جمع متکلم فعل ماضی جمع متکلم ہم (بے شک ہم) نَحْنُ، ضمیر منفصلہ جمع متکلم (ہم)

نَزَّلْنَا: فعل ماضی جمع متکلم نَزَّلَ يُنَزِّلُ، مصدر تَنْزِيْلًا، اُتارنا، نازل کرنا (ہم نے نازل کیا)

اَلذِّكْرَ (نصیحت) وَ، حرف عطف (اور)

اِنَّا (اِنَّ، نَا) اِنَّ حرف مشبہ بالفعل بے شک، نَا ضمیر جمع متکلم، ہم (بے شک ہم)

لَهٗ (لَ، هٗ) لَ، حرف جار، کی، هٗ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس، ضمیر کا مرجع اَلذِّكْرَ (قرآن) ہے۔ (اس کی) لَحٰفِظُوْنَ (لَ، حٰفِظُوْنَ) لَ، لام تاکید ضرور، یقیناً، حٰفِظُوْنَ، حِفْظٌ مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر حفاظت کرنے والے (ضرور حفاظت کرنے والے)

وَ لَقَدْ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ فِيْ شِيَعِ الْاَوَّلِيْنَ ۝۱۰	اور بلاشبہ یقیناً ہم نے آپ سے پہلے اگلے لوگوں کے گروہوں میں رسول بھیجے۔

وَ، حرف عطف (اور) لَقَدْ (لَ، قَدْ) لَ، لام تاکید بلاشبہ، ضرور قَدْ، حرف تحقیق، مزید تاکید کے لئے یقیناً (بلاشبہ یقیناً) اَرْسَلْنَا، فعل ماضی جمع متکلم اَرْسَلَ يُرْسِلُ، مصدر اِرْسَالًا، بھیجنا (ہم نے (رسول) بھیجے)

مِنْ قَبْلِكَ (مِنْ، قَبْلِ،كَ) مِنْ، حرف جار سے، قَبْلِ، مجرور، مضاف پہلے، كَ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر حاضر آپ (آپ سے پہلے)

فِيْ شِيَعِ الْاَوَّلِيْنَ ،فِيْ، حرف جار، میں، شِيَعِ، مجرور، مضاف، فرقے، گروہوں، قوموں، واحد، شِيْعَةٌ، اَلْاَوَّلِيْنَ، مضاف الیہ، اگلے، پہلے، واحد، اَوَّلُ، اگلے لوگوں کے (اگلے لوگوں کے گروہوں میں)

وَمَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝۱۱	اوران کے پاس کوئی رسول نہیں آتا مگر وہ اس کے ساتھ مذاق کرتے تھے۔

وَ مَا ،وَ، حرف عطف، اور، مَا، نافیہ نہیں (اور نہیں)

يَاْتِيْهِمْ (يَاْتِيْ، هِمْ) يَاْتِيْ، فعل مضارع واحد مذکر غائب اَتٰى يَاْتِيْ، مصدر اِتْيَانٌ ، آنا، وہ آتا، هِمْ ، ضمیر جمع مذکر غائب ان کے (وہ ان کے پاس آتا)

مِّنْ رَّسُوْلٍ، مِنْ ،زائدہ برائے عموم، کوئی، رَسُوْلٍ، رسول (کوئی رسول)

اِلَّا، کلمہ استثنا (مگر) كَانُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب كَانَ يَكُوْنُ ،مصدر كَوْنًا، ہونا (وہ تھے)

بِهٖ (بِ ،هٖ) بِ، حرف جار، کے ساتھ، هٖ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس (اس کے ساتھ)

يَسْتَهْزِءُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب اِسْتَهْزَا يَسْتَهْزِئُ، مصدر اِسْتِهْزَآءٌ، مذاق کرنا، ٹھٹھا کرنا (وہ مذاق کرتے)

كَذٰلِكَ نَسْلُكُهٗ فِيْ قُلُوْبِ الْمُجْرِمِيْنَ ۝۱۲	اسی طرح ہم اس (مذاق) کو مجرموں کے دلوں میں داخل کرتے ہیں۔

كَذٰلِكَ (كَ، ذٰلِكَ) كَ، حرف تشبیہ مانند، طرح، ذٰلِكَ، اسم اشارہ واحد مذکر بعید، یہ، اسی (اسی طرح)

نَسْلُكُهٗ (نَسْلُكُ، هٗ) نَسْلُكُ، فعل مضارع جمع متکلم سَلَكَ يَسْلُكُ، مصدر سَلْكًا وَسُلُوْكًا، چلانا، داخل کرنا، ہم داخل کرتے ہیں، هٗ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس کو، ضمیر کا مرجع، اِسْتِهْزَآءٌ، ہے (ہم اس کو داخل کرتے ہیں)

فِیْ قُلُوْبِ الْمُجْرِمِیْنَ (فِیْ، قُلُوْبِ، اَلْمُجْرِمِیْنَ) فِیْ، حرف جار، میں، قُلُوْبِ، مجرور، مضاف، دلوں، واحد، قَلْبٌ، اَلْمُجْرِمِیْنَ، مضاف الیہ، اِجْرَامٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر جرم کرنے والے والے، مجرموں کے (مجرموں کے دلوں میں)

لَا یُؤْمِنُوْنَ بِهٖ وَ قَدْ خَلَتْ سُنَّةُ الْاَوَّلِیْنَ ﴿۱۳﴾	وہ اس پر ایمان نہیں لاتے اور یقیناً پہلے لوگوں کا (یہی) طریقہ گزرا ہے۔

لَا یُؤْمِنُوْنَ، فعل مضارع منفی جمع مذکر غائب اٰمَنَ یُؤْمِنُ مصدر اِیْمَانًا ایمان لانا (وہ ایمان نہیں لاتے)
بِهٖ (بِ، هٖ) بِ، حرف جار، پر، هٖ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب اس (اس پر) وَ، حرف عطف (اور)
قَدْ، کلمہ تحقیق تاکید کے لئے، یقیناً، خَلَتْ، فعل ماضی واحد مونث غائب خَلَا یَخْلُوْ، مصدر خُلُوٌّ، گزرنا (گزرا ہے) سُنَّةُ الْاَوَّلِیْنَ (سُنَّةُ، اَلْاَوَّلِیْنَ) سُنَّةُ، مضاف، سنت، طریقہ، اَلْاَوَّلِیْنَ، مضاف الیہ، پہلے لوگوں کا، واحد، اَوَّلُ (پہلے لوگوں کا طریقہ)

وَ لَوْ فَتَحْنَا عَلَیْهِمْ بَابًا مِّنَ السَّمَآءِ فَظَلُّوْا فِیْهِ یَعْرُجُوْنَ ﴿۱۴﴾	اور اگر ہم ان پر آسمان سے کوئی دروازہ کھول دیتے پھر وہ اس میں چڑھتے رہتے۔

وَ لَوْ، وَ حرف عطف اور، لَوْ، شرطیہ امتناعیہ، اگر (اور اگر)
فَتَحْنَا، فعل ماضی جمع متکلم فَتَحَ یَفْتَحُ، مصدر فَتْحًا، کھولنا، فتح کرنا، لَوْ، کی وجہ سے ترجمہ (ہم کھول دیتے) عَلَیْهِمْ (عَلٰی، هِمْ) عَلٰی، حرف جار، پر، هِمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، ان (ان پر)
بَابًا، اسم نکرہ (کوئی دروازہ)
مِّنَ السَّمَآءِ (مِنْ، اَلسَّمَآءِ) مِنْ، حرف جار، سے، اَلسَّمَآءِ، مجرور، آسمان، جمع، اَلسَّمٰوٰتِ (آسمان سے)
فَظَلُّوْا (فَ، ظَلُّوْا) فَ، حرف عطف، پھر، ظَلُّوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب ظَلَّ یَظَلُّ، مصدر ظَلًّا وَ ظُلُوْلًا، رہنا، ہونا، لَوْ کی وجہ سے ترجمہ وہ رہتے (پھر وہ رہتے)
فِیْهِ (فِیْ، هِ) فِیْ، حرف جار، میں، هِ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس (اس میں)

يَعْرُجُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب عَرَجَ، يَعْرُجُ، مصدر عَرُوْجًا، بلند جگہ پر چڑھنا (وہ چڑھتے)

لَقَالُوْٓا اِنَّمَا سُكِّرَتْ اَبْصَارُنَا بَلْ نَحْنُ قَوْمٌ مَّسْحُوْرُوْنَ ﴿۱۵﴾ ع	یقیناً وہ کہتے در حقیقت ہماری آنکھوں کی نظر بندی کر دی گئی بلکہ ہم جادو کئے ہوئے لوگ ہیں۔

ع ۱۵ ۱

لَقَالُوْٓا (لَ، قَالُوْا) لَ، لام تاکید، ضرور، یقیناً، قَالُوْا، فعل ماضی جمع مذکر قَالَ يَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، کہنا، لَوْ، کی وجہ سے ترجمہ (وہ کہتے) اِنَّمَا، کلمہ حصر (در حقیقت، بے شک)

سُكِّرَتْ، فعل ماضی مجہول واحد مؤنث غائب سَكَّرَ يَسَكِّرُ، مصدر تَسْكِيْرًا، نشے میں آنا، نظر بندی کرنا، (نظر بندی کر دی گئی ہے) اَبْصَارُنَا (اَبْصَارُ، نَا) اَبْصَارُ، مضاف، آنکھوں، بینائیاں، واحد، بَصَرٍ، نَا، مضاف الیہ، ضمیر جمع متکلم، ہماری (ہماری آنکھوں کی) بَلْ، کلمہ اضراب (بلکہ) قَوْمٌ (قوم، لوگ) مَّسْحُوْرُوْنَ، سِحْرٌ، مصدر سے اسم مفعول جمع (جادو کئے ہوئے)

وَلَقَدْ جَعَلْنَا فِى السَّمَآءِ بُرُوْجًا وَّ زَيَّنّٰهَا لِلنّٰظِرِيْنَ ﴿۱۶﴾	اور بلاشبہ یقیناً ہم نے آسمان میں برج بنائے اور ہم نے اسے دیکھنے والوں کے لئے مزین کر دیا۔

وَلَقَدْ (وَ، لَ، قَدْ) وَ، حرف عطف، اور، لَ، لام تاکید، ضرور، بلاشبہ، قَدْ، حرف تحقیق، یقیناً (اور بلاشبہ یقیناً) جَعَلْنَا، فعل ماضی جمع متکلم، جَعَلَ يَجْعَلُ، مصدر جَعْلًا، بنانا (ہم نے بنایا)

فِى السَّمَآءِ (فِىْ، اَلسَّمَآءِ) فِىْ، حرف جار، میں، اَلسَّمَآءِ، مجرور، آسمان (آسمان میں)

بُرُوْجًا، برجیں، واحد، بُرْجٌ (برج) وَّ، حرف عطف (اور)

زَيَّنّٰهَا (زَيَّنَّا، هَا) زَيَّنَّا، فعل ماضی جمع متکلم زَيَّنَ يُزَيِّنُ، مصدر، تَزْيِيْنٌ، زینت دینا، مزین کرنا، ہم نے مزین کر دیا، هَا، ضمیر واحد مؤنث غائب، اسے (ہم نے اسے مزین کر دیا)

لِلنّٰظِرِيْنَ (لِ، اَلنّٰظِرِيْنَ) لِ، حرف جار، کے لئے، اَلنّٰظِرِيْنَ، مجرور، نَظْرًا، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، دیکھنے والے، واحد، نَاظِرٌ (دیکھنے والوں کے لئے)

وَحَفِظْنٰهَا مِنْ كُلِّ شَيْطٰنٍ رَّجِيْمٍ ۙ﴿۱۷﴾	اور ہم نے اسے ہر مردود شیطان سے محفوظ کر دیا۔

وَ، حرف عطف (اور) حَفِظْنٰهَا (حَفِظْنَا، هَا) حَفِظْنَا، فعل ماضی جمع متکلم حَفِظَ يَحْفَظُ، مصدر حِفْظًا، بچانا، نگہداشت کرنا، محفوظ کرنا، ہم نے محفوظ کر دیا، هَا، ضمیر واحد مونث غائب، اسے (ہم نے اسے محفوظ کر دیا) مِنْ كُلِّ شَيْطٰنٍ رَّجِيْمٍ (مِنْ، كُلِّ، شَيْطٰنٍ، رَجِيْمٍ) مِنْ، حرف جار، سے، كُلِّ، مجرور، مضاف، ہر، شَيْطٰنٍ، مضاف الیہ، موصوف، ابلیس ملعون، شیطان، رَجِيْمٍ، صفت، رَجْمٌ، مصدر سے صفت مشبہ، پتھر مارا ہوا، دھتکارا ہوا، رد کیا ہوا، مردود (ہر مردود شیطان سے)

اِلَّا مَنِ اسْتَرَقَ السَّمْعَ فَاَتْبَعَهٗ شِهَابٌ مُّبِيْنٌ ﴿۱۸﴾	مگر جو سنی ہوئی بات چرا لے تو اس کے پیچھے روشن شعلہ لگتا ہے

اِلَّا، کلمہ استثنا (مگر) مَنِ اسْتَرَقَ (مَنْ، اسْتَرَقَ) مَنْ، اسم موصول، شرطیہ، جو، اِسْتَرَقَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب اِسْتَرَقَ يَسْتَرِقُ، مصدر، اِسْتِرَاقٌ، چرانا چوری کرنا، چرا لے (جو چرا لے)
السَّمْعَ مصدر (سننا، سنی ہوئی بات) فَاَتْبَعَهٗ (فَ، اَتْبَعَ، هٗ) فَ، حرف عطف، تو، اَتْبَعَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب اَتْبَعَ يُتْبِعُ، مصدر اِتْبَاعًا، پیچھے لگنا، پیچھے لگتا ہے، هٗ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس کے (اس کے پیچھے لگتا ہے) شِهَابٌ مُّبِيْنٌ (شِهَابٌ، مُبِيْنٌ) شِهَابٌ، موصوف، انگارہ، شعلہ، مُبِيْنٌ، صفت، اِبَانَةٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر، واضح، روشن (روشن انگارہ)

وَالْاَرْضَ مَدَدْنٰهَا وَاَلْقَيْنَا فِيْهَا رَوَاسِيَ وَاَنْۢبَتْنَا فِيْهَا مِنْ كُلِّ شَيْءٍ مَّوْزُوْنٍ ﴿۱۹﴾	اور زمین ہم نے اسے پھیلا دیا اور ہم نے اس میں پہاڑ ڈال (گاڑ) دیئے اور ہم نے اس میں ہر چیز نپی تلی اُگائی

وَالْاَرْضَ (وَ، اَلْاَرْضَ) وَ، حرف عطف اور، اَلْاَرْضَ، زمین (اور زمین)
مَدَدْنٰهَا (مَدَدْنَا، هَا) مَدَدْنَا، فعل ماضی جمع متکلم مَدَّ يَمُدُّ، مصدر، مَدًّا، پھیلانا، لمبا کرنا، کھینچنا، ہم نے پھیلایا، هَا، ضمیر واحد مؤنث غائب، اسے، ضمیر کا مرجع، اَلْاَرْضَ، ہے (ہم نے اسے پھیلا دیا)

وَ حرف عطف (اور) اَلْقَيْنَا ، فعل ماضی جمع متکلم اَلْقٰى يُلْقِيْ، مصدر اِلْقَآءٌ ،ڈالنا (ہم نے ڈال (گاڑ) دیئے)

فِيْهَا (فِيْ، هَا) فِيْ ، حرف جار ، میں ، هَا، مجرور ، ضمیر واحد مؤنث غائب ، اس ، ضمیر کا مرجع اَلْاَرْضَ ہے

(اس میں) رَوَاسِيَ ، پہاڑ ، بوجھ ، واحد ، رَاسِيَةٍ ، وَ ، حرف عطف (اور)

اَنْبَتْنَا ، فعل ماضی متکلم اَنْبَتَ يُنْبِتُ ، مصدر اِنْبَاتًا ، اُگانا (ہم نے اُگائی)

فِيْهَا (فِيْ، هَا) فِيْ ، حرف جار ، میں ، هَا، مجرور ، ضمیر واحد مؤنث غائب ، اس (اس میں)

مِنْ كُلِّ شَيْءٍ ، مِنْ ، حرف جار سے ، كُلِّ ، مجرور ، مضاف ، ہر ، شَيْءٍ ، مضاف الیہ ، چیز (ہر چیز سے)

مَّوْزُوْنٍ ، وَزْنٌ ، مصدر سے اسم مفعول واحد مذکر ، اندازہ کی ہوئی ، اندازے سے (نپی تلی)

وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِيْهَا مَعَايِشَ وَمَنْ لَّسْتُمْ لَهٗ بِرٰزِقِيْنَ ۝	اور ہم نے تمہارے لئے اس میں روزی کے سامان بنائے اور اُن کے لئے (بھی) جنہیں تم ہرگز رزق دینے والے نہیں ہو۔

وَ ، حرف عطف (اور) جَعَلْنَا ، فعل ماضی جمع متکلم جَعَلَ يَجْعَلُ ، مصدر جَعْلًا ، بنانا (ہم نے بنائے)

لَكُمْ (لَ ، كُمْ) لَ ، حرف جار لئے ، كُمْ ، مجرور ، ضمیر جمع مذکر حاضر ، تمہارے (تمہارے لئے)

فِيْهَا (فِيْ، هَا) فِيْ ، حرف جار ، میں ، هَا، مجرور ، ضمیر واحد مؤنث غائب ، اس (اس میں)

مَعَايِشَ ، سامان معیشت ، روزی کے سامان ، واحد ، مَعِيْشَةٌ ،

وَ ، حرف عطف (اور) مَنْ ، اسم موصول (جنہیں)

لَّسْتُمْ ، لَيْسَ ، سے فعل ماضی جمع حاضر ، اس کا فعل مضارع اور فعل امر نہیں ہوتا (نہیں ہو تم)

لَهٗ (لَ ، هٗ) لَ ، حرف جار ، کے لئے ، هٗ ، مجرور ، ضمیر واحد مذکر غائب ، اس ، هُ ، ضمیر کا مرجع ، اہل وعیال

، خدمت گزار ، چوپائے وغیرہ (ان کے لئے) بِرٰزِقِيْنَ (بِ ، رَازِقِيْنَ) بِ ، زائدہ نفی کی تاکید کے لئے ،

رَازِقِيْنَ ، رِزْقٌ ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (ہرگز رزق دینے والے)

وَاِنْ مِّنْ شَيْءٍ اِلَّا عِنْدَنَا خَزَآئِنُهٗ	اور کوئی چیز (ایسی) نہیں مگر ہمارے پاس اس کے خزانے

	ہیں۔

وَ، حرف عطف (اور) اِنْ، صلہ میں اِلَّا ہے، ترجمہ (نہیں)

مِّنْ شَیْءٍ، مِنْ، حرف جار زائدہ برائے عموم، شَیْءٍ، مجرور (کوئی چیز) اِلَّا، کلمہ استثنا (مگر)

عِنْدَنَا (عِنْدَ، نَا) عِنْدَ، مضاف، پاس، نَا، مضاف الیہ، ضمیر جمع متکلم، ہمارے (ہمارے پاس)

خَزَآىِٕنُهٗ (خَزَآىِٕنُ، ہٗ) خَزَآىِٕنُ، مضاف، خزانے، واحد، خَزِیْنَۃٌ، ہٗ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس کے (اس کے خزانے)

وَمَا نُنَزِّلُهٗۤ اِلَّا بِقَدَرٍ مَّعْلُوْمٍ ﴿۲۱﴾	اور ہم اسے نہیں اتارتے مگر ایک معلوم اندازے سے۔

وَ مَا، وَ، حرف عطف اور، مَا، نافیہ، نہیں (اور نہیں)

نُنَزِّلُهٗۤ (نُنَزِّلُ، ہٗ) نُنَزِّلُ، فعل مضارع جمع متکلم نَزَّلَ یُنَزِّلُ، مصدر، تَنْزِیْلًا، اتارنا، ہم اتارتے، ہٗ، ضمیر واحد مذکر غائب اُسے (ہم اُسے اتارتے) اِلَّا، کلمہ استثنا (مگر)

بِقَدَرٍ مَّعْلُوْمٍ (بِ، قَدَرٍ، مَعْلُوْمٍ) بِ، حرف جار سے، قَدَرٍ، مجرور، موصوف، اندازہ، مقدار، مَعْلُوْمٍ، صفت، عِلْمٌ، سے اسم مفعول واحد مذکر، جاناہوا، معلوم (ایک معلوم اندازے سے)

وَ اَرْسَلْنَا الرِّیٰحَ لَوَاقِحَ فَاَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَسْقَیْنٰكُمُوْهُ ۚ	اور ہم نے ہواؤں کو بار آور بناکر بھیجا پھر ہم نے آسمان سے پانی اتارا پس ہم نے تمھیں وہ پلایا۔

وَ، حرف عطف (اور) اَرْسَلْنَا، فعل ماضی جمع متکلم اَرْسَلَ یُرْسِلُ، مصدر اِرْسَالًا، بھیجنا (ہم نے بھیجا)

اَلرِّیٰحَ، ہواؤں، مرادرحمت کی ہوائیں، واحد، رِیْحٌ،

لَوَاقِحَ، وہ ہوائیں جو پانی سے بھرے بادل کو اٹھائے ہوں (بوجھل بار آور بناکر)

فَاَنْزَلْنَا (فَ، اَنْزَلْنَا) فَ، حرف عطف، پھر، اَنْزَلْنَا، فعل ماضی جمع متکلم اَنْزَلَ یُنْزِلُ، مصدر اِنْزَالًا، اُتارنا، ہم نے اُتارا (پھر ہم نے اُتارا)

مِنَ السَّمَآءِ (مِنْ، اَلسَّمَآءِ) مِنْ، حرف جار، سے، اَلسَّمَآءِ، مجرور، آسمان (آسمان سے) مَآءً (پانی)

فَاَسْقَيْنٰكُمُوْهُ (فَ، اَسْقَيْنَا، كُمْ، وْ، هٗ) فَ، حرف عطف، پس، اَسْقَيْنَا، فعل ماضی جمع متکلم اَسْقٰی يُسْقِيْ، مصدر اِسْقَآءٌ، سیر اب کرنا، پلانا، ہم نے پلایا، كُمْ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہیں، وْ، اشباع کا، هٗ، ضمیر واحد مذکر غائب، وہ (پس ہم نے تمہیں وہ پلایا)

وَمَآ اَنْتُمْ لَهٗ بِخٰزِنِيْنَ ۝۲۲	اور تم اس کو ہرگز ذخیرہ کرنے والے نہیں۔

وَمَآ، وَ، حرف عطف اور، مَا، نافیہ، نہیں (اور نہیں)

اَنْتُمْ، ضمیر منفصلہ جمع مذکر حاضر، تم (اور نہیں تم)

لَهٗ (لَ، هٗ) لَ، حرف جار، کو، هٗ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس (اس کو)

بِخٰزِنِيْنَ (بِ، خٰزِنِيْنَ) بِ، زائدہ، نفی کی تاکید کے لئے، ہرگز، خٰزِنِيْنَ، خَزْنٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، جمع کرنے والے، ذخیرہ کرنے والے، واحد، خَازِنٌ (ہرگز ذخیرہ کرنے والے)

وَاِنَّا لَنَحْنُ نُحْيٖ وَنُمِيْتُ وَنَحْنُ الْوٰرِثُوْنَ ۝۲۳	اور بے شک ہم یقیناً ہم ہی زندہ کرتے ہیں اور مارتے ہیں اور ہم ہی وارث ہیں۔

وَاِنَّا (وَ، اِنَّ، نَا) وَ، حرف عطف اور، اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، نَا، ضمیر جمع متکلم، ہم (اور بے شک ہم) لَنَحْنُ (لَ، نَحْنُ) لَ، لام تاکید، ضرور، یقیناً، نَحْنُ، ضمیر جمع متکلم، ہم (یقیناً ہم)

نُحْيٖ، فعل مضارع جمع متکلم اَحْيٰ يُحْيِيْ، مصدر اِحْيَآءٌ، زندہ کرنا (ہم زندہ کرتے ہیں)

وَ، حرف عطف (اور) نُمِيْتُ، فعل مضارع جمع متکلم اَمَاتَ يُمِيْتُ، مصدر اِمَاتَةٌ، مارنا (ہم مارتے ہیں)

وَ، حرف عطف (اور) نَحْنُ، ضمیر جمع متکلم (ہم)

الْوٰرِثُوْنَ، وِرَاثَةٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، ورثا، واحد، اَلْوٰرِثُ، میراث پانے والے (وارث)

وَلَقَدْ عَلِمْنَا الْمُسْتَقْدِمِيْنَ مِنْكُمْ	اور بلاشبہ یقیناً ہم نے تم میں سے آگے گزر جانے والوں کو جان

وَ لَقَدْ عَلِمْنَا الْمُسْتَاْخِرِيْنَ ﴿۲۴﴾	لیا ہے اور بلاشبہ یقیناً ہم نے پیچھے آنے والوں کو (بھی) جان لیا ہے۔

وَ لَقَدْ، وَ حرف عطف اور، لَ، لام تاکید، ضرور، بلاشبہ، قَدْ، مزید تاکید، کلمہ تحقیق کلام، یقیناً (اور بلاشبہ یقیناً) عَلِمْنَا، فعل ماضی جمع متکلم عَلِمَ یَعْلَمُ، مصدر عِلْمًا، جاننا (ہم نے جان لیا)

الْمُسْتَقْدِمِيْنَ، اِسْتِقْدَامٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر آگے گزر جانے والے، واحد، اَلْمُسْتَقْدِمُ،

مِنْكُمْ (مِنْ، كُمْ) مِنْ، حرف جار، سے، كُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر، تم (تم میں سے)

وَلَقَدْ، وَ، حرف عطف اور، لَ، لام تاکید، ضرور، بلاشبہ، قَدْ، حرف تحقیق، مزید تاکید کے لئے، یقیناً (اور بلاشبہ یقیناً) عَلِمْنَا، فعل ماضی جمع متکلم عَلِمَ یَعْلَمُ، مصدر عِلْمًا، جاننا (ہم نے جان لیا ہے)

اَلْمُسْتَاْخِرِيْنَ، اِسْتِيْخَارٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، پیچھے رہ جانے والے، پیچھے آنے والے، واحد، اَلْمُسْتَاْخِرُ،

وَ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ يَحْشُرُهُمْ ؕ	اور بے شک آپ کا رب ہی انہیں جمع کرے گا۔

وَ، حرف عطف اور، اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک (اور بے شک)

رَبَّكَ (رَبَّ، كَ) رَبَّ، مضاب۔ رب، پروردگار، كَ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، آپ کا (آپ کا رب)

هُوَ، ضمیر واحد مذکر غائب (وہی) يَحْشُرُهُمْ (يَحْشُرُ، هُمْ) يَحْشُرُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب حَشَرَ يَحْشُرُ، مصدر حَشْرًا، جمع کرنا، وہ جمع کرے گا، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، انہیں (وہ انہیں جمع کرے گا)

اِنَّهٗ حَكِيْمٌ عَلِيْمٌ ﴿۲۵﴾ ع	بے شک وہ بڑی حکمت والا خوب جاننے والا ہے

ع ۲/۲

اِنَّهٗ (اِنَّ، هٗ) اِنَّ حرف مشبہ بالفعل بے شک، هٗ ضمیر واحد مذکر غائب وہ (بے شک وہ)

حَكِيْمٌ، اللہ کا صفاتی نام، حِكْمَةٌ، سے صفت مشبہ (بڑی حکمت والا)

عَلِيْمٌ، اللہ کا صفاتی نام، عِلْمٌ ،مصدر سے مبالغہ کا صیغہ (خوب جاننے والا)

وَ لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ صَلْصَالٍ مِّنْ حَمَاٍ مَّسْنُوْنٍ ﴿۲۶﴾	اور بلاشبہ یقیناً ہم نے انسان کو کھنکھنانے والی مٹی سے پیدا کیا (جو) سڑے ہوئے گارے سے تھی

وَ لَقَدْ (وَ ،لَ ،قَدْ) وَ، حرف عطف اور ،لَ، تاکید کیلئے ،ضرور بلاشبہ ،قَدْ، حرف تحقیق ،یقیناً (اور بلاشبہ یقیناً)

خَلَقْنَا، فعل ماضی جمع متکلم خَلَقَ یَخْلُقُ ،مصدر خَلْقًا، پیدا کرنا (ہم نے پیدا کیا)

الْاِنْسَانَ (انسان کو) مِنْ صَلْصَالٍ (مِنْ، صَلْصَالٍ) مِنْ، حرف جار، سے، صَلْصَالٍ، مجرور، کھنکھنانے والی، بجنے والی، ایسی مٹی جو خشک ہونے کے بعد کھنکھنانے لگے اور آگ میں نہ پکی ہو۔

مِّنْ حَمَاٍ مَّسْنُوْنٍ (مِنْ، حَمَاٍ، مَسْنُوْنٍ) مِنْ، حرف جار، سے، حَمَاٍ، مجرور، موصوف، گارا، کیچڑ ، مَسْنُوْنٍ، صفت، سَنًّا، مصدر سے اسم مفعول، سڑے ہوئے، وہ چیز جس پر تغیر آ گیا ہو (سڑے ہوئے گارے سے)

وَ الْجَآنَّ خَلَقْنٰهُ مِنْ قَبْلُ مِنْ نَّارِ السَّمُوْمِ ﴿۲۷﴾	اور جنوں کو ہم نے انہیں اس سے پہلے لُو والی آگ سے پیدا کیا

وَ الْجَآنَّ (وَ، اَلْجَآنَّ) وَ، حرف عطف اور ،اَلْجَآنَّ، جنون، واحد، جِنٌّ (اور جنوں کو)

خَلَقْنٰهُ (خَلَقْنَا، ہُ) خَلَقْنَا، فعل ماضی جمع متکلم خَلَقَ یَخْلُقُ، مصدر خَلْقًا، پیدا کرنا، ہم نے پیدا کیا، ہُ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس، ضمیر کا مرجع جَآنَّ ہے (ہم نے انہیں پیدا کیا)

مِنْ قَبْلِ (مِنْ، قَبْلِ) مِنْ، حرف جار سے، قَبْلِ، مجرور، پہلے (اس سے پہلے)

مِنْ نَّارِ السَّمُوْمِ (مِنْ، نَارِ ،اَلسَّمُوْمِ) مِنْ، حرف جار، سے، نَارِ، مجرور، موصوف، آگ، اَلسَّمُوْمِ، صفت، سُمُوْمٌ، سے صفت مشبہ، لُو والی سخت حرارت والی (لو والی آگ سے)

وَ اِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلٰٓئِكَةِ اِنِّیْ خَالِقٌۢ	اور جب آپ کے رب نے فرشتوں سے کہا بے شک میں

بَشَرًا مِّنْ صَلْصَالٍ مِّنْ حَمَاٍ مَّسْنُوْنٍ ﴿۲۸﴾	ایک بشر کو کھنکھنانے والی مٹی سے پیدا کرنے والا ہوں (جو) سڑے ہوئے گارے سے ہو گی

وَ اِذْ، وَ، حرف عطف اور، اِذْ، ظرف زمان ماضی کے واقعہ سے پہلے آتا ہے (جب)

قَالَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب قَالَ یَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، کہنا (اس نے کہا)

رَبُّكَ، رَبُّ، مضاف، رب، پروردگار، كَ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر حاضر، آپ کے (آپ کے رب نے)

لِلْمَلٰٓئِكَةِ (لِ، اَلْمَلٰٓئِكَةِ) لِ، حرف جار، سے، اَلْمَلٰٓئِكَةِ، فرشتوں، واحد، مَلَكٌ (فرشتوں سے)

اِنِّیْ (اِنِّ، یْ) اِنِّ، اصل میں اِنَّ، ہے، یْ، کی وجہ سے نون کو زیر دی گئی ہے، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، یْ، ضمیر واحد متکلم، میں (بے شک میں)

خَالِقٌۢ، خَلْقًا، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر (پیدا کرنے والا) بَشَرًا، ایک انسان (ایک بشر)

مِّنْ صَلْصَالٍ (مِنْ، صَلْصَالٍ) مِنْ، حرف جار، سے، صَلْصَالٍ، کھنکھنانے والی مٹی، بجنے والی مٹی، گیلی مٹی جو خشک ہونے کے بعد کھنکھنانے لگے آگ پر نہ پکی ہو (کھنکھنانے والی مٹی سے)

مِّنْ حَمَاٍ مَّسْنُوْنٍ (مِنْ، حَمَاٍ، مَسْنُوْنٍ) مِنْ، حرف جار، سے، حَمَاٍ، مجرور، موصوف، گارا، کیچڑ، مَسْنُوْنٍ، صفت، سَنًّا، مصدر اسم مفعول سڑے ہوئے (سڑے ہوئے گارے سے)

فَاِذَا سَوَّیْتُهٗ وَ نَفَخْتُ فِیْهِ مِنْ رُّوْحِیْ فَقَعُوْا لَهٗ سٰجِدِیْنَ ﴿۲۹﴾	پھر جب میں اسے درست کر لوں اور میں اس میں اپنی روح سے پھونک دوں تو تم اس کے لئے سجدہ کرتے ہوئے گر پڑنا۔

فَاِذَا (فَ، اِذَا) فَ، حرف عطف، پھر، اِذَا، ظرف زمان مستقبل پر دلالت کرتا ہے، بمعنی شرط جب (پھر جب) سَوَّیْتُهٗ (سَوَّیْتُ، هٗ) سَوَّیْتُ، فعل ماضی واحد متکلم سَوّٰی یُسَوِّیْ، مصدر تَسْوِیَةٌ، برابر کرنا، درست کرنا، پورا کرنا، میں درست کر لوں، هٗ، ضمیر واحد مذکر غائب، اسے (میں اسے درست کر لوں)

وَ، حرف عطف (اور) نَفَخْتُ، فعل ماضی واحد متکلم نَفَخَ یَنْفَخُ مصدر نَفْخًا، پھونک دینا (میں پھونک

دوں)فِيْهِ(فِيْ ،هِ) فِيْ، حرف جار، میں ،هِ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس(اس میں)

مِنْ رُّوْحِيْ(مِنْ، رُوْحِ، يْ) مِنْ، حرف جار سے ،رُوْحِ، مجرور، مضاف، روح، يْ، مضاف الیہ، ضمیر واحد متکلم، اپنی(اپنی روح سے)

فَقَعُوْا(فَ، قَعُوْا) فَ، حرف عطف، تو، قَعُوْا، فعل امر جمع مذکر حاضر وَقَعَ يَقَعُ، مصدر وُقُوْعًا، گر پڑنا (توتم گر پڑنا) لَهٗ(لَ ،هٗ)لَ، حرف جار، کیلئے، کو، هٗ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس(اس کے لئے)

سٰجِدِيْنَ، سُجُوْدٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، سجدہ کرنے والے، (سجدہ کرتے ہوئے) واحد، سَاجِدٌ

فَسَجَدَ الْمَلٰٓئِكَةُ كُلُّهُمْ اَجْمَعُوْنَ ﴿۳۰﴾	توان سب تمام کے تمام فرشتوں نے سجدہ کیا

فَسَجَدَ الْمَلٰٓئِكَةُ (فَ، سَجَدَ، اَلْمَلٰٓئِكَةُ) فَ، حرف عطف، تو، سَجَدَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب سَجَدَ يَسْجُدُ، مصدر سُجُوْدًا، سجدہ کرنا، سجدہ کیا ،اَلْمَلٰٓئِكَةُ، فرشتوں نے، واحد، مَلَكٌ(تو فرشتوں نے سجدہ کیا) كُلُّهُمْ اَجْمَعُوْنَ (كُلُّ، هُمْ، اَجْمَعُوْنَ) كُلُّ، مضاف، سب، هُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان، اَجْمَعُوْنَ، تاکید کے لئے آتا ہے، تمام کے تمام (ان سب تمام کے تمام نے)

اِلَّآ اِبْلِيْسَ ؕ	سوائے ابلیس کے۔

اِلَّآ، کلمہ استثنا، (مگر سوائے) اِبْلِيْسَ، شیطان کا نام (ابلیس)

اَبٰٓى اَنْ يَّكُوْنَ مَعَ السّٰجِدِيْنَ ﴿۳۱﴾	اس نے انکار کیا کہ وہ سجدہ کرنے والوں کے ساتھ ہو

اَبٰى، فعل ماضی واحد مذکر غائب اَبٰى يَاْبٰى، مصدر اِبَآءٌ، انکار کرنا (اس نے انکار کیا)

اَنْ مصدریہ (کہ) يَّكُوْنَ، فعل مضارع واحد مذکر غائب كَانَ يَكُوْنُ، مصدر كَوْنًا، ہونا(وہ ہو)

مَعَ السّٰجِدِيْنَ، مَعَ، مضاف، ساتھ، اَلسّٰجِدِيْنَ، مضاف الیہ، سُجُوْدٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، سجدہ کرنے والوں کے (سجدہ کرنے والوں کے ساتھ)

قَالَ يٰٓاِبْلِيْسُ مَا لَكَ اَلَّا تَكُوْنَ مَعَ	اس نے فرمایا اے ابلیس! تجھ کو کیا ہے کہ تو سجدہ کرنے

السّٰجِدِيْنَ ﴿۳۲﴾	والوں کے ساتھ نہ ہوا

قَالَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب قَالَ يَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، فرمانا (اس (اللہ) نے فرمایا)

يٰٓاِبْلِيْسُ (يَا، اِبْلِيْسُ) يَا، حرف ندا، اے، اِبْلِيْسُ، منادیٰ، ابلیس (اے ابلیس)

مَا، استفہامیہ (کیاہے) لَكَ (لَ، كَ) لَ، حرف جار، کو، كَ، مجرور، ضمیر واحد مذکر حاضر، تجھ (تجھ کو، تجھے)

اَلَّا (اَنْ، لَا) اَنْ، مصدریہ کہ لَا، نافیہ، نہ (کہ نہ) تَكُوْنَ، فعل مضارع واحد مذکر حاضر كَانَ يَكُوْنُ، مصدر كَوْنًا، ہونا (تو ہوا) مَعَ السّٰجِدِيْنَ (مَعَ، اَلسّٰجِدِيْنَ) مَعَ، مضاف، ساتھ، اَلسّٰجِدِيْنَ، مضاف اليہ، سُجُوْدٌ، مصدر سے سجدہ کرنے والوں کے (سجدہ کرنے والوں کے ساتھ)

قَالَ لَمْ اَكُنْ لِّاَسْجُدَ لِبَشَرٍ خَلَقْتَهٗ مِنْ صَلْصَالٍ مِّنْ حَمَاٍ مَّسْنُوْنٍ ﴿۳۳﴾	اس نے کہا میں (ایسا) نہیں ہوں کہ میں اس بشر کو سجدہ کروں جسے تو نے کھنکھنانے والی مٹی سے پیدا کیا (جو) سڑے ہوئے گارے سے ہے

قَالَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب قَالَ يَقُوْلُ مصدر قَوْلًا، کہنا (اس نے کہا)

لَمْ اَكُنْ، فعل مضارع منفی جحد بلم واحد متکلم كَانَ يَكُوْنُ، مصدر كَوْنًا، ہونا (میں (ایسا) نہیں ہوں)

لِّاَسْجُدَ لِبَشَرٍ (لِ، اَسْجُدَ) لِ، لام تعلیل ناصبہ، کہ، اَسْجُدَ، فعل مضارع واحد متکلم سَجَدَ يَسْجُدُ، مصدر سُجُوْدٌ، سجدہ کرنا، میں سجدہ کروں (کہ میں سجدہ کروں)

لِبَشَرٍ (لِ، بَشَرٍ) لِ، حرف جار، کو، بَشَرٍ، مجرور، ایک بشر (ایک بشر کو)

خَلَقْتَهٗ (خَلَقْتَ، هٗ) خَلَقْتَ، فعل ماضی واحد مذکر حاضر خَلَقَ يَخْلُقُ، مصدر خَلْقًا، پیدا کرنا، تو نے پیدا کیا، هٗ، ضمیر واحد مذکر غائب، اسے (تو نے اسے پیدا کیا)

مِنْ صَلْصَالٍ، مِنْ، حرف جار، سے، صَلْصَالٍ، مجرور، کھنکھنانے والی مٹی، بجنے والی مٹی (کھنکھنانے والی مٹی سے) مِّنْ حَمَاٍ مَّسْنُوْنٍ (مِنْ، حَمَاٍ، مَسْنُوْنٍ) مِنْ، حرف جار، سے، حَمَاٍ، مجرور، موصوف، گارا، کیچڑ،

مَسْنُوْنٍ ، صفت، سَنًّا، مصدر اسم مفعول، سڑے ہوئے (سڑے ہوئے گارے سے)

قَالَ فَاخْرُجْ مِنْهَا فَاِنَّكَ رَجِيْمٌ ﴿۳۴﴾	اس نے فرمایا پھر تو اس سے نکل جا۔ پس یقیناً تو مردود ہے

قَالَ ، فعل ماضی واحد مذکر غائب قَالَ يَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا ، فرمانا (اس (اللہ) نے فرمایا)

فَاخْرُجْ (فَ، اُخْرُجْ) فَ، حرف عطف، پھر، اُخْرُجْ ، فعل امر واحد مذکر حاضر خَرَجَ يَخْرُجُ ، مصدر خُرُوْجًا، نکلنا، تو نکل جا (پھر تو نکل جا) مِنْهَا (مِنْ، هَا) مِنْ، حرف جار، سے، هَا، مجرور، ضمیر واحد مؤنث غائب، اس (اس سے) فَاِنَّكَ (فَ، اِنَّ، كَ) فَ، حرف عطف، پس، اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، یقیناً، كَ، ضمیر واحد مذکر حاضر، تو (پس یقیناً تو) رَجِيْمٌ ، رَجْمًا، مصدر سے اسم مفعول، راندہ ہوا (مردود)

وَّ اِنَّ عَلَيْكَ اللَّعْنَةَ اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ ﴿۳۵﴾	اور بے شک تجھ پر قیامت کے دن تک لعنت ہے

وَّ، حرف عطف (اور) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل (بے شک)

عَلَيْكَ (عَلٰى، كَ) عَلٰى، حرف جار، پر، كَ، مجرور، ضمیر واحد مذکر حاضر، تجھ (تجھ پر)

اللَّعْنَةَ ، اسم مصدر منصوب، پھٹکار (لعنت)

اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ (اِلٰى، يَوْمِ، اَلدِّيْنِ) اِلٰى ، حرف جار، تک، يَوْمِ ، مجرور، مضاف، دن، اَلدِّيْنِ، مضاف الیہ، قیامت کے (قیامت کے دن تک)

قَالَ رَبِّ فَاَنْظِرْنِيْٓ اِلٰى يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ ﴿۳۶﴾	اس نے کہا اے میرے رب! پھر تو مجھے (اس) دن تک مہلت دے (جب) وہ دوبارہ اٹھائے جائیں گے

قَالَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب قَالَ يَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، کہنا (اس (ابلیس) نے کہا)

رَبِّ، اصل میں يَا رَبِّيْ ہے، يَا، حرف ندا محذوف ہے، اے، رَبِّيْ، منادی، رَبِّ، مضاف، رب، پروردگار، يْ، مضاف الیہ محذوف ہے ضمیر واحد متکلم، میرے (اے میرے رب)

فَاَنْظِرْنِيْٓ (فَ، اَنْظِرْ، نِ، يْ) فَ، حرف عطف پھر، اَنْظِرْ ، فعل امر واحد مذکر حاضر اَنْظَرَ يُنْظِرُ، مصدر

اِنْظَارًا، مہلت دینا، تو مہلت دے ،نِ، نون وقایہ ،یْ ، ضمیر واحد متکلم مجھے (پھر تو مجھے مہلت دے)

اِلٰی یَوْمِ ، اِلٰی، حرف جار ،تک ، یَوْمِ ، مجرور ،دن (دن تک)

یُبْعَثُوْنَ، فعل مضارع مجہول جمع مذکر غائب بَعَثَ یَبْعَثُ ، مصدر بَعْثًا، بھیجنا، دوبارہ اٹھانا (وہ دوبارہ اٹھائے جائیں گے)

قَالَ فَاِنَّكَ مِنَ الْمُنْظَرِیْنَ ﴿۳۷﴾	اس نے فرمایا پس بے شک تو مہلت دیئے جانے والوں میں سے ہے

قَالَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب قَالَ یَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا ،فرمانا ((اللہ نے) فرمایا)

فَاِنَّكَ(فَ،اِنَّ، كَ) فَ، حرف عطف ،پس ، اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل ، بے شک ،كَ، ضمیر واحد مذکر حاضر ، تو (پس بے شک تو) مِنَ الْمُنْظَرِیْنَ(مِنْ،اَلْمُنْظَرِیْنَ)مِنْ، حرف جار ، سے ،اَلْمُنْظَرِیْنَ، مجرور ،اِنْظَارًا، مصدر سے اسم مفعول جمع مذکر، مہلت دیئے جانے والے (مہلت دیئے جانے والوں میں سے)

اِلٰی یَوْمِ الْوَقْتِ الْمَعْلُوْمِ ﴿۳۸﴾	مقرر وقت کے دن (قیامت) تک۔

اِلٰی یَوْمِ الْوَقْتِ الْمَعْلُوْمِ ،اِلٰی، حرف جار ،تک ،یَوْمِ ، مجرور ، مضاف ، دن ،اَلْوَقْتِ، مضاف الیہ، موصوف ،وقت کے ، اَلْمَعْلُوْمِ ، صفت ، عِلْمٌ ، سے اسم مفعول جانا ہوا، معلوم (مقرر)

قَالَ رَبِّ بِمَآ اَغْوَیْتَنِیْ لَاُزَیِّنَنَّ لَهُمْ فِی الْاَرْضِ وَ لَاُغْوِیَنَّهُمْ اَجْمَعِیْنَ ﴿۳۹﴾	اس نے کہا اے میرے رب! تونے مجھے اس (بشر کی) وجہ سے جو گمراہ کیا ضرور بالضرور میں ان کے لئے زمین میں مزین کروں گا اور ضرور بالضرور میں ان سب کو گمراہ کروں گا

قَالَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب قَالَ یَقُوْلُ ،مصدر قَوْلًا، کہنا(اس (ابلیس) نے کہا)

رَبِّ، اصل میں ،یَا رَبِّیْ ، ہے ، یَا، حرف ندا محذوف ہے ،اے ،رَبِّیْ، منادی ،رَبِّ، مضاف ،رب ، پروردگار ، یْ، مضاف الیہ ، محذوف ہے ، ضمیر واحد متکلم ،میرے (اے میرے رب)

بِمَآ(بِ،مَا) بِ، حرف جار ،وجہ سے ،مَا، مجرور ،اسم موصول ،جو (اس وجہ سے جو)

اَغْوَيْتَنِيْ (اَغْوَيْتَ، نِ، يْ) اَغْوَيْتَ، فعل ماضی واحد مذکر حاضر اَغْوٰی يُغْوِيْ، مصدر اِغْوَآءٌ، گمراہ کرنا، بھٹکانا، تونے گمراہ کیا، نِ نون وقایہ، يْ، ضمیر واحد متکلم، مجھے (تونے مجھے گمراہ کیا)

لَاُزَيِّنَنَّ (لَ، اُزَيِّنَنَّ) لَ، لام تاکید، ضرور، اُزَيِّنَنَّ، فعل مضارع واحد متکلم بانون تاکید ثقیلہ زَيَّنَ يُزَيِّنُ، مصدر تَزْيِيْنٌ، زینت دینا، مزین کرنا، میں ضرور مزین کروں گا (میں ضرور بالضرور مزین کروں گا)

لَهُمْ (لَ، هُمْ) لَ، حرف جار۔ کیلئے، هُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، ان (ان کے لئے)

فِي الْاَرْضِ (فِيْ، اَلْاَرْضِ) فِيْ، حرف جار، میں، اَلْاَرْضِ، مجرور، زمین (زمین میں) وَ، حرف عطف (اور)

لَاُغْوِيَنَّهُمْ (لَ، اُغْوِيَنَّ، هُمْ) لَ، لام تاکید ضرور، اُغْوِيَنَّ، فعل مضارع واحد متکلم بانون تاکید ثقیلہ اَغْوٰی يُغْوِيْ، مصدر اِغْوَآءٌ، بھٹکانا، گمراہ کرنا، ضرور میں گمراہ کروں گا، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان کو (ضرور بالضرور میں ان کو گمراہ کروں گا) اَجْمَعِيْنَ، تاکید کے لئے آتا ہے (وہ سب کے سب۔ سب)

اِلَّا عِبَادَكَ مِنْهُمُ الْمُخْلَصِيْنَ ۝	سوائے ان میں سے تیرے بندوں کے (جو) خالص کئے ہوئے ہیں

اِلَّا، کلمہ استثنا (مگر سوائے) عِبَادَكَ (عِبَادَ، كَ) عِبَادَ، مضاف، بندے، واحد، عَبْدٌ، كَ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر حاضر، تیرے (تیرے بندوں کے) مِنْهُمْ (مِنْ، هُمْ) مِنْ، حرف جار، سے، هُمْ، مجرور، ضمیر مذکر غائب، ان (ان میں سے) اَلْمُخْلَصِيْنَ، اِخْلَاصٌ، مصدر سے اسم مفعول جمع مذکر، چھانٹے ہوئے، خالص کئے ہوئے، واحد، اَلْمُخْلَصُ،

قَالَ هٰذَا صِرَاطٌ عَلَيَّ مُسْتَقِيْمٌ ۝	اس نے فرمایا یہ راستہ ہے (جو) مجھ تک سیدھا ہے۔

قَالَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب قَالَ يَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، فرمانا (اس (اللہ) نے فرمایا)

هٰذَا صِرَاطٌ، هٰذَا، اسم اشارہ واحد مذکر قریب، یہ، صِرَاطٌ، مشار الیہ، راستہ (یہ راستہ)

عَلَيَّ (عَلٰی، يَ) عَلٰی، حرف جار بمعنی، اِلٰی، تک، يَ، ضمیر واحد متکلم، مجھ (مجھ تک)

مُسْتَقِيْمٌ، اِسْتِقَامَةٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر (سیدھا)

اِنَّ عِبَادِيْ لَيْسَ لَكَ عَلَيْهِمْ سُلْطٰنٌ اِلَّا مَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ الْغٰوِيْنَ ۝۴۲	بے شک میرے بندے تیرا اُن پر کوئی غلبہ نہیں مگر جو گمراہوں میں سے تیرے پیچھے چلے

اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل (بے شک)

عِبَادِيْ (عِبَادِ، يْ) عِبَادِ، مضاف، بندے، واحد، عَبْدٌ، يْ، مضاف الیہ، ضمیر واحد متکلم میرے (میرے بندے) لَيْسَ، فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب، اس کا مضارع اور فعل امر نہیں آتا (نہیں ہے)

لَكَ (لَ، كَ) لَ، حرف جار، کا، كَ، مجرور، ضمیر واحد مذکر حاضر، تجھ (تجھ کا، تیرا)

سُلْطٰنٌ، اسم نکرہ (کوئی زور، کوئی غلبہ) اِلَّا، کلمہ استثنا (مگر، سوائے)

مَنِ اتَّبَعَكَ (مَنْ، اِتَّبَعَ، كَ) مَنْ، اسم موصول، جو، اِتَّبَعَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب اِتَّبَعَ يَتَّبِعُ، مصدر اِتِّبَاعًا، پیروی کرنا، پیچھے چلنا، وہ پیچھے چلا، كَ، ضمیر واحد مذکر حاضر، تیرے (جو تیرے پیچھے چلا)

مِنَ الْغٰوِيْنَ (مِنْ، اَلْغٰوِيْنَ) مِنْ، حرف جار، سے، اَلْغٰوِيْنَ، مجرور، غَوَايَةٌ، مصدر اسم فاعل جمع مذکر، گمراہوں، واحد، اَلْغَاوِيْ (گمراہوں میں سے)

وَ اِنَّ جَهَنَّمَ لَمَوْعِدُهُمْ اَجْمَعِيْنَ ۝۴۳	اور بے شک جہنم یقیناً ان سب کے وعدے کی جگہ ہے

وَ اِنَّ، وَ، حرف عطف، اور، اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک (اور بے شک) جَهَنَّمَ (جہنم، دوزخ)

لَمَوْعِدُهُمْ (لَ، مَوْعِدُ، هُمْ) لَ، لام تاکید، ضرور، یقیناً، مَوْعِدُ، مضاف، وَعْدٌ، مصدر سے اسم ظرف مکان، وعدہ کی جگہ، هُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان کے (یقیناً ان کے وعدے کی جگہ)

اَجْمَعِيْنَ، تاکید کے لئے آتا ہے (سب کے)

لَهَا سَبْعَةُ اَبْوَابٍ ؕ	اس کے سات دروازے ہیں۔

لَهَا (لَ، هَا) لَ، حرف جار کے، هَا، ضمیر واحد مؤنث غائب، اس، ضمیر کا مرجع جَهَنَّمَ ہے (اس کے)

سَبْعَةُ، اسم عدد (سات) اَبْوَابٍ، دروازے، واحد، بَابٌ،

ع ۳ ۱۹

لِكُلِّ بَابٍ مِّنْهُمْ جُزْءٌ مَّقْسُوْمٌ ﴿۴۴﴾	ہر دروازے کے لئے ان میں سے ایک حصہ تقسیم کیا ہوا ہے

لِكُلِّ بَابٍ، لِ، حرف جار، کیلئے، كُلِّ، مجرور، مضاف، ہر، بَابٌ، مضاف الیہ، دروازہ (ہر درواز کے لئے)

مِّنْهُمْ (مِنْ، هُمْ) مِنْ، حرف جار، سے، هُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، ان (ان میں سے)

جُزْءٌ مَّقْسُوْمٌ، جُزْءٌ، موصوف، ایک حصہ، مَقْسُوْمٌ، صفت، قَسْمًا، مصدر سے اسم مفعول واحد مذکر، علیحدہ کیا ہوا، مخصوص کیا ہوا، تقسیم کیا ہوا (ایک حصہ تقسیم کیا ہوا)

اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ﴿۴۵﴾	بے شک متقی لوگ باغات اور چشموں میں ہوں گے۔

اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل (بے شک) اَلْمُتَّقِيْنَ، اِتِّقَآءٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، اللہ سے ڈرنے والے، متقی لوگ، پرہیز گار لوگ، واحد، اَلْمُتَّقِيْ، فِيْ جَنّٰتٍ، فِيْ، حرف جار، میں، جَنّٰتٍ، مجرور، جنتوں (باغات)

وَّ، حرف عطف (اور) عُيُوْنٍ (چشموں) واحد، عَيْنٌ،

اُدْخُلُوْهَا بِسَلٰمٍ اٰمِنِيْنَ ﴿۴۶﴾	تم ان میں سلامتی کے ساتھ بے خوف ہو کر داخل ہو جاؤ۔

اُدْخُلُوْهَا (اُدْخُلُوْا، هَا) اُدْخُلُوْا، فعل امر جمع مذکر حاضر دَخَلَ يَدْخُلُ، مصدر دُخُوْلًا، داخل ہونا، تم داخل ہو جاؤ، هَا ضمیر واحد مؤنث غائب، اس، ضمیر کا مرجع جَنّٰتٍ ہے (تم ان میں داخل ہو جاؤ)

بِسَلٰمٍ (بِ، سَلٰمٍ) بِ، حرف جار، کے ساتھ، سَلَامٍ، مجرور، مصدر، سلامتی (سلامتی کے ساتھ)

اٰمِنِيْنَ، اَمْنٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (بے خوف ہو کر)

وَنَزَعْنَا مَا فِيْ صُدُوْرِهِمْ مِّنْ غِلٍّ اِخْوَانًا عَلٰى سُرُرٍ مُّتَقٰبِلِيْنَ ﴿۴۷﴾	اور ان کے سینوں میں جو کوئی کدورت ہے ہم نکال دیں گے بھائی بھائی (بن کر) تختوں پر آمنے سامنے (بیٹھے) ہوں گے۔

وَ، حرف عطف (اور) نَزَعْنَا، فعل ماضی جمع متکلم نَزَعَ يَنْزَعُ، مصدر نَزْعًا، نکال دینا، کھینچ لینا، احوال آئندہ جنت کا ہے، اس لئے ترجمہ (ہم نکال دیں گے) مَا، اسم موصول (جو)

فِيْ صُدُوْرِهِمْ (فِيْ، صُدُوْرِ، هِمْ) فِيْ، حرف جار، میں، صُدُوْرِ، مجرور، مضاف، سینوں، واحد، صَدْرٌ، هِمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان کے (ان کے سینوں میں)

مِّنْ غِلٍّ، مِنْ، حرف جار، سے، غِلٍّ، مجرور، اسم فعل، کینہ، کوئی کدورت (کدورت سے)

اِخْوَانًا (بھائی بھائی) عَلٰى سُرُرٍ، عَلٰى، حرف جار، پر، سُرُرٍ، مجرور، تختوں، واحد، سَرِيْرٌ (تختوں پر)

مُّتَقٰبِلِيْنَ، تَقَابُلٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (آمنے سامنے) واحد، مُتَقَابِلٌ،

لَا يَمَسُّهُمْ فِيْهَا نَصَبٌ وَّمَا هُمْ مِّنْهَا بِمُخْرَجِيْنَ ﴿۴۸﴾	اس میں انہیں کوئی تکلیف نہیں پہنچے گی اور نہ وہ اس سے کبھی نکالے جانے والے ہوں گے۔

لَا يَمَسُّهُمْ (لَا يَمَسُّ، هُمْ) لَا يَمَسُّ، فعل مضارع منفی واحد مذکر غائب مَسَّ يَمُسُّ، مصدر مَسًّا، چھونا، پہنچنا، نہیں پہنچے گی، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، انہیں (انہیں نہیں پہنچے گی)

نَصَبٌ، اسم مصدر، تھکاوٹ (کوئی تکلیف)

وَّمَا هُمْ (وَ، مَا، هُمْ) وَ، حرف عطف، اور، مَا، نافیہ، نہ، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، وہ (اور نہ وہ)

مِّنْهَا (مِنْ، هَا) مِنْ، حرف جار، سے، هَا، مجرور، ضمیر واحد مؤنث غائب، اس (س سے)

بِمُخْرَجِيْنَ (بِ، مُخْرَجِيْنَ) بِ، زائدہ نفی کی تاکید کے لئے، مُخْرَجِيْنَ، اِخْرَاجًا، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (کبھی نکالے جانے والے)

نَبِّئْ عِبَادِيْٓ اَنِّيْٓ اَنَا الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ﴿۴۹﴾	آپ میرے بندوں کو خبر دیں کہ بے شک میں ہی بے حد بخشنے والا، بہت رحم کرنے والا ہوں

نَبِّئْ، فعل امر واحد مذکر حاضر نَبَّاَ يُنَبِّیءُ، مصدر تَنْبِئَةٌ، خبر دینا (آپ خبر دیں)

عِبَادِیْٓ (عِبَادِ، یْ) عِبَادِ، مضاف، بندے، واحد، عَبْدٌ، یْ، مضاف الیہ، ضمیر واحد متکلم، میرے (میرے بندوں کو) اَنِّیْٓ (اَنِّ، یْ) اَنِّ، اصل میں، اَنَّ، ہے، زیر، یْ، کی وجہ سے آئی ہے، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، یْ، ضمیر واحد متکلم، میں (کہ بے شک میں) اَنَا، ضمیر واحد متکلم (میں)

اَلْغَفُوْرُ، اللہ کا صفاتی نام، غُفْرَانٌ، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ (بے حد بخشنے والا)

الرَّحِیْمُ، اللہ کا صفاتی نام، رَحْمَةٌ، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ (بہت رحم کرنے والا)

وَ اَنَّ عَذَابِیْ هُوَ الْعَذَابُ الْاَلِیْمُ ﴿۵۰﴾	اور بے شک میرا عذاب ہی دردناک عذاب ہے

وَ اَنَّ، وَ، حرف عطف، اور، اَنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک (اور بے شک)

عَذَابِیْ (عَذَابِ، یْ) عَذَابِ، مضاف، عذاب، یْ، مضاف الیہ، ضمیر واحد متکلم، میرا (میرا عذاب)

هُوَ، ضمیر واحد مذکر غائب (وہ، ہی) اَلْعَذَابُ الْاَلِیْمُ، اَلْعَذَابُ، موصوف، عذاب،

الْاَلِیْمُ، اَلَمٌ، مصدر سے بمعنی فاعل صفت مشبہ، دکھ دینے والا، دردناک (دردناک عذاب)

وَ نَبِّئْهُمْ عَنْ ضَیْفِ اِبْرٰهِیْمَ ﴿۵۱﴾	اور آپ انہیں حضرت ابراہیم (علیہ السلام) کے مہمانوں کے بارے میں خبر دیں

وَ نَبِّئْهُمْ (وَ، نَبِّئْ، هُمْ) وَ، حرف عطف، اور، نَبِّئْ، فعل امر واحد مذکر حاضر نَبَّاَ یُنَبِّیءُ، مصدر تَنْبِئَةٌ، خبر دینا، آپ خبر دیں، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، انہیں (اور آپ انہیں خبر دیں)

عَنْ ضَیْفِ اِبْرٰهِیْمَ (عَنْ، ضَیْفِ، اِبْرٰهِیْمَ) عَنْ، حرف جار، کے بارے میں، ضَیْفِ، مجرور، مضاف مہمان، جمع، اَضْیَافٌ، اِبْرٰهِیْمَ، مضاف الیہ، حضرت ابراہیم کے (حضرت ابراہیم کے مہمانوں کے بارے)

اِذْ دَخَلُوْا عَلَیْهِ فَقَالُوْا سَلٰمًا ط	جب وہ اس پر داخل ہوئے تو انہوں نے سلام کہا۔

اِذْ، اسم ظرف زمان، ماضی کے واقعہ سے پہلے آتا ہے (جب)

دَخَلُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب دَخَلَ یَدْخُلُ، مصدر دُخُوْلًا، داخل ہونا (وہ داخل ہوئے)

وقف لازم

عَلَيْهِ (عَلٰی، هٖ) عَلٰی، حرف جار، پر، هٖ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس (اس پر)

فَقَالُوْا (فَ، قَالُوْا) فَ، حرف عطف، تو، قَالُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب قَالَ يَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، کہنا، انہوں نے کہا (تو انہوں نے کہا)

سَلٰمًا، مصدر ہے، عیوب و آفات سے سلامت رہنا اور چھٹکارا پانا، سلامتی (سلام)

قَالَ اِنَّا مِنْكُمْ وَجِلُوْنَ ﴿۵۲﴾	اس (ابراہیم علیہ السلام) نے کہا کہ بے شک ہم تم سے ڈرنے والے ہیں۔

قَالَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب قَالَ يَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، کہنا (اس (حضرت ابراہیم) نے کہا)

اِنَّا (اِنَّ، نَا) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل بے شک، نَا، ضمیر جمع متکلم، ہم (بے شک ہم)

مِنْكُمْ (مِنْ، كُمْ) مِنْ، حرف جار، سے، كُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر تم (تم سے)

وَجِلُوْنَ، وَجَلًا، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (خوف محسوس کرنے والے ڈرنے والے)

قَالُوْا لَا تَوْجَلْ اِنَّا نُبَشِّرُكَ بِغُلٰمٍ عَلِيْمٍ ﴿۵۳﴾	انہوں نے کہا مت ڈریں بے شک ہم تجھے ایک بہت علم رکھنے والے لڑکے کی خوشخبری دیتے ہیں

قَالُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب قَالَ يَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، کہنا (انہوں نے کہا)

لَا تَوْجَلْ، فعل نہی واحد مذکر حاضر وَجِلَ يَوْجَلُ، مصدر وَجَلًا، ڈرنا (مت ڈریں)

اِنَّا (اِنَّ، نَا) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، نَا، ضمیر جمع متکلم، ہم (بے شک ہم)

نُبَشِّرُكَ (نُبَشِّرُ، كَ) نُبَشِّرُ، فعل مضارع جمع متکلم بَشَّرَ يُبَشِّرُ، مصدر تَبْشِيْرًا، خوش خبری دینا، ہم خوشخبری دیتے ہیں، كَ، ضمیر واحد مذکر حاضر، تجھے (ہم تجھے خوشخبری دیتے ہیں)

بِغُلٰمٍ عَلِيْمٍ (بِ، غُلٰمٍ، عَلِيْمٍ) بِ، حرف جار، کی، غُلٰمٍ، مجرور، موصوف، ایک لڑکا، عَلِيْمٍ، صفت، عِلْمًا، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ، بہت علم رکھنے والا (ایک بہت علم رکھنے والے لڑکے کی)

قَالَ اَبَشَّرْتُمُوْنِيْ عَلٰٓى اَنْ مَّسَّنِيَ الْكِبَرُ	اس نے کہا کیا تم نے مجھے اس پر خوشخبری دی ہے کہ مجھے

فَبِمَ تُبَشِّرُوْنَ ﴿۵۴﴾	بڑھاپا آپہنچا ہے۔ تو تم کس بات کی خوشخبری دیتے ہو؟

قَالَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب قَالَ يَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، کہنا (اس (ابراہیم) نے کہا)

اَبَشَّرْتُمُوْنِيْ (اَ، بَشَّرْتُمْ، وْ، نِ، يْ) اَ، استفہامیہ، کیا، بَشَّرْتُمْ، فعل ماضی جمع مذکر حاضر بَشَّرَ يُبَشِّرُ، مصدر تَبْشِيْرًا، خوشخبری دینا، تم نے خوشخبری دی ہے، وْ، برائے اشباع، نِ، نون وقایہ، يْ، ضمیر واحد متکلم، مجھے (کیا تم نے مجھے خوشخبری دی ہے، عَلٰى، حرف جار (اس پر) اَنْ، مصدر یہ (کہ)

مَّسَّنِيَ (مَسَّ، نِ، يْ) مَسَّ، فعل ماضی واحد مذکر غائب مَسَّ يَمُسُّ، مصدر مَسًّا، چھونا، پہنچنا، آپہنچا، نِ، وقایہ، يْ، ضمیر واحد متکلم، مجھے (مجھے آپہنچا) اَلْكِبَرُ، مصدر، اسم مصدر، بوڑھا ہونا، بڑا ہونا (بڑھاپا)

فَبِمَ (فَ، بِ، مَ) فَ، حرف عطف، تو، بِ، حرف جار، کی، مَ، مجرور، اصل میں، مَا، استفہامیہ ہے حرف جار کی وجہ سے الف حذف کر دیا گیا ہے، کس (تو کس (بات) کی) تُبَشِّرُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر حاضر بَشَّرَ يُبَشِّرُ، مصدر تَبْشِيْرًا، خوشخبری دینا (تم خوشخبری دیتے ہو)

قَالُوْا بَشَّرْنٰكَ بِالْحَقِّ فَلَا تَكُنْ مِّنَ الْقٰنِطِيْنَ ﴿۵۵﴾	انہوں نے کہا ہم نے تجھے حق کی خوشخبری دی ہے پس تو نااُمید ہونے والوں میں سے نہ ہو۔

قَالُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب قَالَ يَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، کہنا (انہوں نے کہا)

بَشَّرْنٰكَ (بَشَّرْنَا كَ) بَشَّرْنَا، فعل ماضی جمع متکلم بَشَّرَ يُبَشِّرُ، مصدر تَبْشِيْرًا، خوشخبری دینا، ہم نے خوشخبری دی، كَ، ضمیر واحد مذکر حاضر، تجھے (ہم نے تجھے خوشخبری دی)

بِالْحَقِّ (بِ، اَلْحَقِّ) بِ، حرف جار، کی، اَلْحَقِّ، مجرور، حق، سچ (حق کی)

فَلَا تَكُنْ (فَ، لَا تَكُنْ) فَ، حرف عطف، پس، لَا تَكُنْ، فعل نہی واحد مذکر حاضر كَانَ يَكُوْنُ، مصدر كَوْنًا، ہونا، تو نہ ہو (پس تو نہ ہو)

مِّنَ الْقٰنِطِيْنَ (مِنَ، اَلْقٰنِطِيْنَ) مِنْ، حرف جار، سے، اَلْقٰنِطِيْنَ، مجرور قُنُوْطًا، مصدر سے اسم فاعل

جمع مذکر، خیر سے نااُمید ہونے والے ،واحد، اَلْقَانِطُ (نااُمید ہونے والوں میں سے)

قَالَ وَمَنْ يَّقْنَطُ مِنْ رَّحْمَةِ رَبِّهٖٓ اِلَّا الضَّآلُّوْنَ ﴿۵۶﴾	اس نے کہا اور سوائے گمراہوں کے اپنے رب کی رحمت سے کون ناامید ہوتا ہے۔

قَالَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب قَالَ يَقُوْلُ ، مصدر قَوْلًا ، کہنا (اس نے کہا)

وَ مَنْ،وَ، حرف عطف اور،مَنْ،استفہامیہ ، کون (اور کون)

يَّقْنَطُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب قَنِطَ يَقْنَطُ ، مصدر قُنُوْطًا، ناامید ہونا، مایوس ہونا (ناامید ہوتا ہے) مِنْ رَّحْمَةِ(مِنْ، رَحْمَةِ) مِنْ، حرف جار سے، رَحْمَةِ ، مجرور ، رحمت (رحمت سے)

رَبِّهٖٓ (رَبِّ ،ہٖ) رَبِّ، مضاف ،رب ،ہٖ، مضاف الیہ ، ضمیر واحد مذکر غائب ،اپنے (اپنے رب کی)

اِلَّا، کلمہ استثنا (مگر، سوائے) اَلضَّآلُّوْنَ،ضَلَالًا ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر ، گمراہوں ، واحد اَلضَّآلُّ ،

قَالَ فَمَا خَطْبُكُمْ اَيُّهَا الْمُرْسَلُوْنَ ﴿۵۷﴾	اس نے کہا اے بھیجے جانے والو (فرشتو) تمہارا معاملہ کیا ہے ؟

قَالَ ، فعل ماضی واحد مذکر غائب قَالَ يَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا ، کہنا (اس (ابراہیم علیہ السلام) نے کہا)

فَمَا (فَ،مَا) فَ، حرف عطف ، تو، مَا ،استفہامیہ ، کیا (تو کیا ہے)

خَطْبُكُمْ (خَطْبُ، كُمْ) خَطْبُ، مضاف ، مہم ، حال ، حقیقت ، معاملہ ،ایسا اہم معاملہ جس کے متعلق لوگوں میں کثرت سے بات ہو، كُمْ ، مضاف الیہ ، ضمیر جمع مذکر حاضر ، تمہارا (تمہارا معاملہ)

اَيُّهَا،يَا، حرف ندا (اے) محذوف ہے جب منادیٰ پر ال داخل ہو تو مذکر کیلئے ،يَا، کے ساتھ ،اَيُّهَا، بڑھایا جاتا ہے ،الْمُرْسَلُوْنَ، منادیٰ،اِرْسَالًا ، مصدر سے اسم مفعول جمع مذکر ، بھیجے جانے والے (فرشتے)

قَالُوْٓا اِنَّآ اُرْسِلْنَآ اِلٰى قَوْمٍ مُّجْرِمِيْنَ ﴿۵۸﴾	انہوں نے کہا بے شک ہم مجرم قوم کی طرف بھیجے گئے ہیں

قَالُوْٓا، فعل ماضی جمع مذکر غائب قَالَ يَقُوْلُ ، مصدر قَوْلًا، کہنا (انہوں نے کہا)

اِنَّآ (اِنَّ ، نَا) اِنَّ ، حرف مشبہ بالفعل ، بے شک ، نَا ، ضمیر جمع متکلم ، ہم (بے شک ہم)
اُرْسِلْنَآ ، فعل ماضی مجہول جمع متکلم اَرْسَلَ یُرْسِلُ ، مصدر اِرْسَالًا ، بھیجنا (ہم بھیجے گئے ہیں)
اِلٰی قَوْمٍ مُّجْرِمِیْنَ (اِلٰی ، قَوْمٍ ، مُجْرِمِیْنَ) اِلٰی ، حرف جار ، کی طرف ، قَوْمٍ ، مجرور ، موصوف ، قوم ، لوگوں ، مُجْرِمِیْنَ ، صفت ، اِجْرَامٌ ، سے اسم فاعل جمع مذکر جرم کرنے والے ، مجرموں (مجرم قوم کی طرف)

اِلَّآ اٰلَ لُوْطٍ ؕ اِنَّا لَمُنَجُّوْهُمْ اَجْمَعِیْنَ ﴿۵۹﴾	مگر لوط کے گھر والے بے شک ہم ان سب کو ضرور بچانے والے ہیں۔

اِلَّآ ، کلمہ استثنا (مگر ، سوائے)
اٰلَ لُوْطٍ ، اٰلَ ، مضاف اہل ، گھر والے ، متبعین ، لُوْطٍ ، مضاف الیہ لوط کے (لوط کے گھر والے ، آل لوط)
اِنَّا (اِنَّ ، نَا) اِنَّ ، حرف مشبہ بالفعل ، بے شک ، نَا ، ضمیر جمع متکلم ، ہم (بے شک ہم)
لَمُنَجُّوْهُمْ (لَ ، مُنَجُّوْ ، هُمْ) لَ ، لام تاکید ، ضرور ، مُنَجُّوْ ، مضاف یہ اصل میں ، مُنَجِّیُوْنَ تھا ، نون اضافت کی وجہ سے اور یا کو ثقل کی وجہ سے ساقط کر دیا گیا ، تَنْجِیَةٌ ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر ، نجات دینے والے ، بچانے والے ، هُمْ ، مضاف الیہ ، ضمیر جمع مذکر غائب ، ان کو (ضرور ان کو بچانے والے ہیں) اَجْمَعِیْنَ ، تاکید کے لئے ، تمام (سب)

اِلَّا امْرَاَتَهٗ قَدَّرْنَآ ۙ اِنَّهَا لَمِنَ الْغٰبِرِیْنَ ﴿۶۰﴾	مگر اس کی عورت ہم نے طے کر دیا کہ بے شک وہ یقیناً پیچھے رہنے والوں میں سے ہے

ع ۴ / ۱۶

اِلَّا ، کلمہ استثنا (مگر ، سوائے) امْرَاَتَهٗ (اِمْرَاَتَ ، هٗ) اِمْرَاَتَ ، مضاف ، عورت ، جمع ، نِسَآءٌ ، هٗ ، مضاف الیہ ، ضمیر واحد مذکر غائب ، اس کی (اس کی عورت)
قَدَّرْنَآ ، فعل ماضی جمع متکلم قَدَّرَ یُقَدِّرُ ، مصدر تَقْدِیْرًا ، مقرر کرنا ، طے کرنا ، مقدر کرنا (ہم نے طے کر دیا ہے) اِنَّهَا (اِنَّ ، هَا) اِنَّ ، حرف مشبہ بالفعل ، بے شک ، هَا ، ضمیر واحد مونث غائب ، وہ (بے شک وہ)

لَمِنَ الْغٰبِرِيْنَ (لَ،مِنْ،اَلْغٰبِرِيْنَ) لَ،لام تاکید، ضرور، یقیناً،مِنْ، حرف جار، سے،
اَلْغٰبِرِيْنَ، مجرور، غُبُوْرًا، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، پیچھے رہنے والے، گزرنے والے، تباہ ہونے والے، غُبُوْرًا، کے اصل معنی ہیں، ساتھیوں کے چلے جانے کے بعد پیچھے رہ جانا (یقیناً پیچھے رہنے والوں میں سے)

فَلَمَّا جَآءَ اٰلَ لُوْطِ ِۨالْمُرْسَلُوْنَ ۙ﴿۶۱﴾	پھر جب بھیجے ہوئے (فرشتے) لوط کے گھر والوں کے پاس آئے

فَلَمَّا (فَ،لَمَّا) فَ، حرف عطف پھر، لَمَّا، اسم ظرف بمعنی، حِيْنَ، جب (پھر جب)
جَآءَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب جَآءَ يَجِيْٓءُ، مصدر مَجِيْٓءٌ، آنا (وہ آیا)
اٰلَ لُوْطِ ِۨ، اٰلَ، مضاف، گھر والے، اہل آل، لُوْطِ، مضاف الیہ، لوط کے (لوط کے گھر والوں کے)
الْمُرْسَلُوْنَ، اِرْسَالًا، مصدر سے اسم مفعول جمع مذکر، بھیجے ہوئے (فرشتے) واحد، اَلْمُرْسَلُ،

قَالَ اِنَّكُمْ قَوْمٌ مُّنْكَرُوْنَ ﴿۶۲﴾	اس (لوط) نے کہا بے شک تم اجنبی لوگ ہو

قَالَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب قَالَ يَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، کہنا (اس نے کہا)
اِنَّكُمْ (اِنَّ،كُمْ) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، كُمْ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تم (بے شک تم)
قَوْمٌ، قوم (لوگ) مُّنْكَرُوْنَ، اِنْكَارٌ، مصدر سے اسم مفعول جمع مذکر، انجان، غیر معروف، اجنبی نہ پہچانے ہوئے ناآشنا، واحد، مُنْكَرٌ،

قَالُوْا بَلْ جِئْنٰكَ بِمَا كَانُوْا فِيْهِ يَمْتَرُوْنَ ﴿۶۳﴾	انہوں نے کہا بلکہ ہم تیرے پاس اس (عذاب) کو لائے ہیں جس میں وہ شک کرتے تھے۔

قَالُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب قَالَ يَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، کہنا (انہوں نے کہا)
بَلْ، حرف اضراب (بلکہ) جِئْنٰكَ (جِئْنَا،كَ) جِئْنَا، فعل ماضی جمع متکلم جَآءَ يَجِيْٓءُ، مصدر مَجِيْٓءٌ، آنا صلہ میں بَاءِ ہے ترجمہ، لانا، ہم لائے ہیں، كَ، ضمیر واحد مذکر حاضر، تیرے (ہم تیرے پاس لائے ہیں)

بِمَا (بِ ،مَا) بِ، حرف جار کو، مَا، اسم موصول، جس (اس کو جس)

كَانُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب كَانَ يَكُوْنُ ، مصدر كَوْنًا، ہونا (وہ تھے)

فِيْهِ (فِيْ ،هِ) فِيْ، حرف جار، میں ،هِ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب ،اس (اس میں)

يَمْتَرُوْنَ ، فعل مضارع جمع مذکر غائب اِمْتَرٰی يَمْتَرِيْ، مصدر اِمْتِرَآءٌ، شک کرنا (وہ شک کرتے)

وَ اٰتَيْنٰكَ بِالْحَقِّ وَ اِنَّا لَصٰدِقُوْنَ ۞	اور ہم تیرے پاس حق کو لائے ہیں اور بے شک ہم یقیناً سچے ہیں

وَ، حرف عطف (اور) اٰتَيْنٰكَ (اٰتَيْنَا، كَ) اٰتَيْنَا، فعل ماضی جمع متکلم اَتٰی يَاْتِيْ ، مصدر اِتْيَانٌ، آنا، صلہ میں باء ہے ترجمہ ،لانا، ہم لائے ہیں، كَ، ضمیر واحد مذکر حاضر، تیرے (ہم تیرے پاس لائے ہیں)

بِالْحَقِّ، بِ ، حرف جار، کو، اَلْحَقِّ، مجرور حق (حق کو) وَ، حرف عطف (اور)

اِنَّا (اِنَّ ،نَا) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک ،نَا، ضمیر جمع متکلم، ہم (بے شک ہم)

لَصٰدِقُوْنَ، لَ، لام تاکید، یقیناً، صٰدِقُوْنَ، صِدْقًا، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، سچے (یقیناً سچے ہیں)

فَاَسْرِ بِاَهْلِكَ بِقِطْعٍ مِّنَ الَّيْلِ وَاتَّبِعْ اَدْبَارَهُمْ	پس تو اپنے گھر والوں کو رات کے کسی حصے میں لے کر چل اور تو ان کے پیچھے پیچھے چل۔

فَاَسْرِ (فَ ،اَسْرِ) فَ، حرف عطف، پس، اَسْرِ ، فعل امر واحد مذکر حاضر اَسْرٰی يُسْرِيْ، مصدر اِسْرَآءٌ رات کو لے چلنا، تو لے کر چل (پس تو لے کر چل)

بِاَهْلِكَ (بِ، اَهْلِ، كَ) بِ، حرف جار، کو، اَهْلِ، مجرور، مضاف، گھر والے ،كَ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر حاضر، اپنے (اپنے گھر والوں کو) بِقِطْعٍ (بِ ،قِطْعٍ) بِ ، حرف جار بمعنی، فِيْ، میں، قِطْعٍ ، مجرور، اسم نکرہ کسی حصے (کسی حصے میں) مِّنَ الَّيْلِ (مِنْ، اَلَّيْلِ) مِنْ، حرف جار ضرورتاً ترجمہ، کے ،اَلَّيْلِ، مجرور، رات (رات کے) وَاتَّبِعْ (وَ، اِتَّبِعْ) وَ، حرف عطف ،اور، اِتَّبِعْ ، فعل امر واحد مذکر حاضر اِتَّبَعَ يَتَّبِعُ ، مصدر اِتِّبَاعٌ ، پیروی کرنا، پیچھے چلنا، تو پیچھے چل (اور تو پیچھے چل)

اَدْبَارَهُمْ (اَدْبَارَ،هُمْ) اَدْبَارَ، مضاف، پشتوں، پیٹھوں، واحد، دُبُرٌ، هُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان کی (ان کی پشتوں کے، ان کے پیچھے)

وَلَا يَلْتَفِتْ مِنْكُمْ اَحَدٌ وَّامْضُوْا حَيْثُ تُؤْمَرُوْنَ ﴿۶۵﴾	اور تم میں سے کوئی ایک (پیچھے) مڑ کر نہ دیکھے اور تم چلے جاؤ جہاں کا تم کو حکم دیا جاتا ہے۔

وَ، حرف عطف (اور) لَايَلْتَفِتْ، فعل نہی واحد مذکر غائب اِلْتَفَتَ يَلْتَفِتُ، مصدر اِلْتِفَاتٌ، مڑ کر دیکھنا (وہ مڑ کر نہ دیکھے) مِنْكُمْ (مِنْ، كُمْ) مِنْ، حرف جار، سے، كُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر، تم (تم میں سے) اَحَدٌ (کوئی ایک) وَّامْضُوْا (وَ، اِمْضُوْا) وَ، حرف عطف، اور، اِمْضُوْا، فعل امر جمع مذکر حاضر مَضٰى يَمْضِىْ، مصدر مَضِيًّا، چلے جانا (تم چلے جاؤ) حَيْثُ، ظرف مکان (جہاں)

تُؤْمَرُوْنَ، فعل مضارع مجہول جمع مذکر حاضر اَمَرَ يَاْمُرُ، مصدر اَمْرًا، حکم دینا (تم کو حکم دیا جاتا ہے)

وَقَضَيْنَآ اِلَيْهِ ذٰلِكَ الْاَمْرَ اَنَّ دَابِرَ هٰٓؤُلَآءِ مَقْطُوْعٌ مُّصْبِحِيْنَ ﴿۶۶﴾	اور ہم نے اس کی طرف اس بات کا فیصلہ (پہنچا) دیا کہ بے شک ان کی جڑ صبح ہوتے ہی کاٹ دی جانے والی ہے۔

وَ، حرف عطف (اور) قَضَيْنَآ، فعل ماضی جمع متکلم قَضٰى يَقْضِىْ، مصدر قَضَآءٌ، فیصلہ دینا (ہم نے فیصلہ دیا) اِلَيْهِ (اِلٰى، هٖ) اِلٰى، حرف جار، کی طرف، هٖ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس (اس کی طرف)

ذٰلِكَ الْاَمْرَ، ذٰلِكَ، اسم اشارہ واحد مذکر بعید، یہ، اس، اَلْاَمْرَ، مشار الیہ، بات، حکم (اس بات کا)

اَنَّ، حرف مشبہ بالفعل (بے شک) دَابِرَ، دُبُوْرٌ، سے اسم فاعل واحد مذکر (جڑ)

هٰٓؤُلَآءِ، اسم اشارہ جمع قریب (ان سب کی) مَقْطُوْعٌ، قَطْعٌ، مصدر سے اسم مفعول واحد مذکر (کاٹ دی جانے والی) مُّصْبِحِيْنَ، اِصْبَاحٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، صبح کرنے والے، صبح کے وقت کو پانے والے، صبح ہوتے ہی۔

وَجَآءَ اَهْلُ الْمَدِيْنَةِ يَسْتَبْشِرُوْنَ ﴿۶۷﴾	اور شہر والے آئے وہ خوش ہو رہے تھے۔

وَ، حرف عطف (اور) جَآءَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب جَآءَ یَجِیْءُ، مصدر مَجِیْءٌ، آنا (وہ آیا)

اَهْلُ الْمَدِیْنَةِ (اَهْلُ، اَلْمَدِیْنَةِ) اَهْلُ، مضاف، رہائشی، والے، اَلْمَدِیْنَةِ، مضاف الیہ، شہر کے (شہر کے رہائشی، شہر والے) یَسْتَبْشِرُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب اِسْتَبْشَرَ یَسْتَبْشِرُ، مصدر اِسْتِبْشَارٌ، خوش ہونا (وہ خوش ہو رہے تھے)

قَالَ اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ ضَیْفِیْ فَلَا تَفْضَحُوْنِ ﴿۶۸﴾	اس نے کہا یہ میرے مہمان ہیں سو تم مجھے ذلیل نہ کرو۔

قَالَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب قَالَ یَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، کہنا (اس نے کہا)

اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل (بے شک) هٰٓؤُلَآءِ، اسم اشارہ جمع قریب (یہ سب)

ضَیْفِیْ (ضَیْفِ، یْ) ضَیْفِ، مضاف، مہمان، یْ، مضاف الیہ ضمیر واحد متکلم میرے (میرے مہمان)

فَلَا تَفْضَحُوْنِ اصل میں فَلَا تَفْضَحُوْنِیْ تھا (فَ، لَا تَفْضَحُوْا، نِ، یْ) فَ، حرف عطف، پس، سو، لَا تَفْضَحُوْا، فعل نہی جمع مذکر حاضر فَضَحَ یَفْضَحُ، مصدر فَضْحًا، بے عزت کرنا، ذلیل کرنا، تم ذلیل نہ کرو، نِ، نون وقایہ، یْ، محذوف ضمیر واحد متکلم، مجھے (سو تم مجھے ذلیل نہ کرو)

وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَلَا تُخْزُوْنِ ﴿۶۹﴾	اور تم اللہ سے ڈرو اور تم مجھے رسوا نہ کرو۔

وَ اتَّقُوا اللّٰهَ (وَ، اِتَّقُوْا، اَللّٰهَ) وَ، حرف عطف، اور، اِتَّقُوْا، فعل امر جمع مذکر حاضر اِتَّقٰی یَتَّقِیْ، مصدر اِتِّقَآءٌ ڈرنا، تم ڈرو، اَللّٰهَ، اللہ سے (اور تم اللہ سے ڈرو) وَ، حرف عطف (اور)

لَا تُخْزُوْنِ اصل میں لَا تُخْزُوْنِیْ تھا (لَا تُخْزُوْا، نِ، یْ) لَا تُخْزُوْا، فعل نہی جمع مذکر حاضر اَخْزٰی یُخْزِیْ، مصدر اِخْزَآءٌ، رسوا کرنا، تم رسوا نہ کرو، نِ، نون وقایہ، یْ، محذوف ضمیر واحد متکلم، مجھے (تم مجھے رسوا نہ کرو)

قَالُوْٓا اَوَ لَمْ نَنْهَكَ عَنِ الْعٰلَمِیْنَ ﴿۷۰﴾	انہوں نے کہا اور کیا ہم نے تجھے سارے جہانوں (کی حمایت) سے منع نہیں کیا

قَالُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب قَالَ يَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، کہنا (انہوں نے کہا)

اَوَ لَمْ نَنْهَكَ (اَ،وَ،لَمْ نَنْهَ،كَ) اَ، استفہامیہ، کیا، وَ، حرف عطف اور، لَمْ نَنْهَ، اصل میں، نَنْهَى، تھا، لَمْ، کی وجہ سے ی محذوف ہے، فعل مضارع منفی جحد بلم جمع متکلم نَهٰى يَنْهٰى، مصدر نَهْيًا، روکنا، منع کرنا، ہم نے منع نہیں کیا، كَ، ضمیر واحد مذکر حاضر، تجھے (اور کیا ہم نے تجھے منع نہیں کیا)

عَنِ الْعٰلَمِيْنَ (عَنْ، اَلْعٰلَمِيْنَ) عَنْ، حرف جار، سے،

اَلْعٰلَمِيْنَ، سارے جہانوں، واحد، اَلْعٰلَمُ (سارے جہانوں (کی حمایت) سے)

قَالَ هٰٓؤُلَآءِ بَنٰتِيْٓ اِنْ كُنْتُمْ فٰعِلِيْنَ ﴿٧١﴾	اس نے کہا یہ میری بیٹیاں ہیں اگر تم کرنے والے ہو

قَالَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب قَالَ يَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، کہنا (اس (لوط) نے کہا)

هٰٓؤُلَآءِ، اسم اشارہ جمع مؤنث قریب (یہ سب)

بَنٰتِيْٓ (بَنٰتِ، يْ) بَنٰتِ، مضاف، بیٹیاں، واحد، بِنْتٌ، يْ، مضاف الیہ، ضمیر واحد متکلم، میری (میری بیٹیاں) اِنْ، شرطیہ (اگر) كُنْتُمْ، فعل ماضی جمع مذکر حاضر كَانَ يَكُوْنُ، مصدر كَوْنًا، ہونا (تم ہو)

فٰعِلِيْنَ، فِعْلٌ، سے اسم فاعل جمع مذکر، کرنے والے، واحد، فَاعِلٌ

لَعَمْرُكَ اِنَّهُمْ لَفِيْ سَكْرَتِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ﴿٧٢﴾	تیری عمر کی قسم! بے شک وہ یقیناً اپنی مستی میں بھٹکتے پھرتے تھے۔

لَعَمْرُكَ (لَ، عَمْرُ، كَ) لَ، لام برائے قسم، قسم، عَمْرُ، مضاف، عمر، جان، كَ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر حاضر، تیری (تیری عمر کی قسم) اِنَّهُمْ (اِنَّ، هُمْ) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، وہ (بے شک وہ) لَفِيْ سَكْرَتِهِمْ (لَ، فِيْ، سَكْرَتِ، هِمْ) لَ، لام تاکید ضرور، یقیناً، فِيْ، حرف جار، میں، سَكْرَتِ، مجرور، مضاف، مدہوشی، مستی، هِمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اپنی (یقیناً اپنی مستی میں) يَعْمَهُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب عَمِهَ يَعْمَهُ، مصدر عَمْهًا، سرگرداں پھرنا، حیران

ہونا، بھٹکتے پھرنا (وہ بھٹکتے پھرتے)

فَاَخَذَتْهُمُ الصَّيْحَةُ مُشْرِقِيْنَ ﴿۷۳﴾	پس چیخ نے ان کو روشنی ہوتے ہی پکڑ لیا

فَاَخَذَتْهُمُ (فَ ،اَخَذَتْ ،هُمْ) فَ، حرف عطف ،پس، اَخَذَتْ، فعل ماضی واحد مؤنث غائب اَخَذَ يَاْخُذُ، مصدر اَخْذًا ، پکڑنا ، پکڑ لیا، هُمْ ، ضمیر جمع مذکر غائب ،ان کو (پس ان کو پکڑ لیا)

الصَّيْحَةُ (چیخ نے) مُشْرِقِيْنَ ،اِشْرَاقٌ ، سے اسم فاعل جمع مذکر ،اُجالے میں ہونے والے ، صبح ہوتے ، سورج نکلتے ،روشنی ہوتے ،واحد ، مُشْرِقٌ ،

فَجَعَلْنَا عَالِيَهَا سَافِلَهَا وَ اَمْطَرْنَا عَلَيْهِمْ حِجَارَةً مِّنْ سِجِّيْلٍ ﴿۷۴﴾	توہم نے اس کے اوپر کا حصہ اس کے نیچے کا حصہ کر دیا اور ان پر کنکر کے پتھروں کی بارش برسائی

فَجَعَلْنَا (فَ، جَعَلْنَا)فَ، حرف عطف تو، جَعَلْنَا، فعل ماضی جمع متکلم جَعَلَ يَجْعَلُ، مصدر جَعْلًا ، کر دینا، ہم نے کر دیا (توہم نے کر دیا)

عَالِيَهَا (عَالِيَ، هَا) عَالِيَ، مضاف، عُلُوٌّ ، سے اسم فاعل واحد مذکر بمعنی بلندی پر۔اوپر کا حصہ بالائی حصہ ، هَا، مضاف الیہ، ضمیر واحد مؤنث غائب، اس کے (اس کے اوپر کا حصہ)

سَافِلَهَا (سَافِلَ، هَا) سَافِلَ، مضاف، سُفُوْلًا، سے اسم فاعل واحد مذکر ، نیچے کا حصہ ،

هَا، مضاف الیہ ضمیر واحد مؤنث غائب، اس کے ، ضمیر کا مرجع، اَلْاَرْضِ، ہے (اس کے نیچے کا حصہ)

وَ اَمْطَرْنَا (وَ، اَمْطَرْنَا) وَ، حرف عطف ،اور، اَمْطَرْنَا، فعل ماضی جمع متکلم اَمْطَرَ يُمْطِرُ، مصدر اِمْطَارٌ، بارش برسانا (ہم نے بارش برسائی) عَلَيْهِمْ (عَلٰى، هِمْ) عَلٰى، حرف جار، پر، هِمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، ان (ان پر) حِجَارَةً (پتھروں) واحد، حَجَرٌ،

مِّنْ سِجِّيْلٍ (مِنْ، سِجِّيْلٍ) مِنْ، حرف جار، سے ، سِجِّيْلٍ، مجرور، کنکر (کنکر سے)

اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ	بے شک اس میں گہری نظر سے جائزہ لینے والوں کیلئے

لِّلْمُتَوَسِّمِيْنَ ۝	یقیناً نشانیاں ہیں۔

اِنَّ حرف مشبہ بالفعل (بے شک)

فِیْ ذٰلِكَ (فِیْ، ذٰلِكَ) فِیْ، حرف جار، میں، ذٰلِكَ، مجرور، اسم اشارہ واحد مذکر بعید، اس (اس میں)

لَاٰيٰتٍ (لَ، اٰيٰتٍ) لَ، لام تاکید، یقیناً، اٰيٰتٍ، نشانیاں، واحد، اٰيَةٌ (یقیناً نشانیاں)

لِّلْمُتَوَسِّمِيْنَ (لِ، اَلْمُتَوَسِّمِيْنَ) لِ، حرف جار، کے لئے، اَلْمُتَوَسِّمِيْنَ، تَوَسُّمٌ، سے اسم فاعل جمع مذکر، اہل فراست، گہری نظر سے جائزہ لینے والے، علامات دیکھ کر شناخت کرنے والے، واحد، اَلْمُتَوَسِّمُ،

وَ اِنَّهَا لَبِسَبِيْلٍ مُّقِيْمٍ ۝	اور بے شک وہ (بستی) یقیناً قائم ودائم راستے پر ہے

وَ، حرف عطف (اور) اِنَّهَا (اِنَّ، هَا) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، هَا، ضمیر واحد مؤنث غائب، وہ، ضمیر کا مرجع حضرت لوط علیہ السلام کی بستی، قَرْيَةٍ، ہے (بے شک وہ)

لَبِسَبِيْلٍ مُّقِيْمٍ (لَ، بِ، سَبِيْلٍ، مُقِيْمٍ) لَ، لام تاکید، ضرور، یقیناً، بِ، حرف جار، پر، سَبِيْلٍ، مجرور، موصوف، راستہ، گزرگاہ، مُقِيْمٍ، صفت، اِقَامَةٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر، قائم ودائم، دائمی سیدھا (یقیناً قائم ودائم راستے پر)

اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۝	بے شک اس میں ایمان والوں کے لئے یقیناً نشانی ہے۔

اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل (بے شک)

فِیْ ذٰلِكَ (فِیْ، ذٰلِكَ) فِیْ، حرف جار، میں، ذٰلِكَ، اسم اشارہ واحد مذکر بعید، اس (اس میں)

لَاٰيَةً (لَ، اٰيَةً) لَ، لام تاکید، ضرور، یقیناً، اٰيَةً، نشانی، جمع، اٰيٰتٍ (یقیناً نشانی)

لِّلْمُؤْمِنِيْنَ (لِ، اَلْمُؤْمِنِيْنَ) لِ، حرف جار، کیلئے، اَلْمُؤْمِنِيْنَ، مجرور، اِيْمَانًا، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، ایمان والے، مومنوں (ایمان والوں کے لئے)

وَ اِنْ كَانَ اَصْحٰبُ الْاَيْكَةِ لَظٰلِمِيْنَ ۝	اور بے شک ایکہ والے یقیناً ظالم تھے۔

وَ، حرف عطف (اور) اِنْ، مُخَفَّفَهٗ مِنَ الْمُثَقَّلَهْ، اِنَّ ، کی بجائے استعمال ہوتا ہے، اِنَّ، کی طرح تاکید اور یقین کے معنی دیتا ہے (بے شک) كَانَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب كَانَ يَكُوْنُ، مصدر كَوْنًا ہونا (وہ تھا) اَصْحٰبُ الْاَيْكَةِ، اَصْحٰبُ، مضاف ، والے ،مالک ، رہائشی ، واحد ،صَاحِبٌ، اَلْاَيْكَةِ، مضاف الیہ، ایکہ کے (ایکہ والے) لَظٰلِمِيْنَ (لَ،ظٰلِمِيْنَ) لَ،لام تاکید، ضرور ، یقیناً، ظٰلِمِيْنَ،ظُلْمًا، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، ظلم کرنے والے ،ظالموں، واحد، ظَالِمٌ (یقیناًظالم)

فَانْتَقَمْنَا مِنْهُمْ	توہم نے ان سے انتقام لیا

فَانْتَقَمْنَا (فَ، اِنْتَقَمْنَا) فَ، حرف عطف، تو، اِنْتَقَمْنَا، فعل ماضی جمع متکلم اِنْتَقَمَ يَنْتَقِمُ، مصدر اِنْتِقَامٌ، انتقام لینا (توہم نے انتقام لیا) مِنْهُمْ (مِنْ ،هُمْ) مِنْ، حرف جار، سے ،هُمْ ، مجرور ضمیر جمع مذکر غائب، ان (ان سے)

وَ اِنَّهُمَا لَبِاِمَامٍ مُّبِيْنٍ ﴿۷۹﴾	اور بے شک وہ دونوں (بستیاں) یقیناً کھلے (عام) راستہ پر ہیں

وَ، حرف عطف (اور) اِنَّهُمَا (اِنَّ، هُمَا) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل ،بے شک ،هُمَا، ضمیر تثنیہ مؤنث غائب، وہ، دونوں ضمیر کا مرجع حضرت لوط کی بستی اور ایکہ کی بستی ہیں (بے شک وہ دونوں)

لَبِاِمَامٍ مُّبِيْنٍ (لَ ،بِ ،اِمَامٍ ،مُبِيْنٍ) لَ، لام تاکید، ضرور ، یقیناً، بِ، حرف جار، پر، اِمَامٍ ، مجرور، موصوف ، پیشوا، رہنما، امام اس کو کہتے ہیں جس کا قصد کیا جائے۔ راستہ کا بھی قصد کیا جاتا اس لئے معنی راستہ ، مُبِيْنٍ، اِبَانَةٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر، کھلا، واضح ،ظاہر کرنے والا (یقیناً کھلے راستہ پر)

وَ لَقَدْ كَذَّبَ اَصْحٰبُ الْحِجْرِ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۸۰﴾	اور بلاشبہ یقیناً حجر والوں نے رسولوں کو جھٹلایا

وَ لَقَدْ (وَ ،لَ ،قَدْ) وَ، حرف عطف، اور، لَ، لام تاکید، ضرور ، بلاشبہ ،قَدْ ،کلمہ تحقیق، یقیناً (اور بلاشبہ یقیناً) كَذَّبَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب كَذَّبَ يُكَذِّبُ ، مصدر تَكْذِيْبٌ ، جھٹلانا، تکذیب کرنا (اس نے جھٹلایا) اَصْحٰبُ الْحِجْرِ ، اَصْحٰبُ، مضاف ، صاحب ، رہنے والے ،والے ، رہائشی واحد ،صَاحِبٌ،

اَلْحِجْرِ، مضاف الیہ، حجر کے (حجر والے)

الْمُرْسَلِيْنَ، اِرْسَالًا، مصدر سے اسم مفعول جمع مذکر، بھیجے ہوئے یعنی (رسولوں کو)

وَاٰتَيْنٰهُمْ اٰيٰتِنَا فَكَانُوْا عَنْهَا مُعْرِضِيْنَ ﴿۸۱﴾	اور ہم نے انہیں اپنی نشانیاں دیں تو وہ ان سے منہ پھیرنے والے تھے۔

وَ، حرف عطف (اور) اٰتَيْنٰهُمْ (اٰتَيْنَا، هُمْ) اٰتَيْنَا، فعل ماضی جمع متکلم اٰتٰى يُؤْتِيْ، مصدر اِيْتَآءٌ، دینا ہم نے دیں، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب انہیں (ہم نے انہیں دیں)

اٰيٰتِنَا (اٰيٰتِ، نَا) اٰيٰتِ، مضاف، نشانیاں، نَا، مضاف الیہ، ضمیر جمع متکلم اپنی (اپنی نشانیاں)

فَكَانُوْا، فَ، حرف عطف تو، كَانُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب كَانَ يَكُوْنُ، مصدر كَوْنًا، ہونا، وہ تھے (تو وہ تھے) عَنْهَا (عَنْ، هَا) عَنْ، حرف جار، سے، هَا، مجرور، ضمیر واحد مؤنث غائب، اس، ضمیر کا مرجع، اٰيٰتِنَا، ہے (ان سے)

مُعْرِضِيْنَ، اِعْرَاضٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، اعراض کرنے والے (منہ پھیرنے والے)

وَكَانُوْا يَنْحِتُوْنَ مِنَ الْجِبَالِ بُيُوْتًا اٰمِنِيْنَ ﴿۸۲﴾	اور وہ بے خوف ہو کر پہاڑوں سے گھر تراشا کرتے تھے۔

وَ، حرف عطف (اور) كَانُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب كَانَ يَكُوْنُ، مصدر كَوْنًا، ہونا (وہ تھے)

يَنْحِتُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب نَحَتَ يَنْحِتُ، مصدر نَحْتًا، تراشنا (وہ تراشا کرتے)

مِنَ الْجِبَالِ (مِنْ، اَلْجِبَالِ) مِنْ، حرف جار، سے، اَلْجِبَالِ، مجرور، پہاڑوں، واحد، جَبَلٌ (پہاڑوں سے) بُيُوْتًا (گھروں) واحد، بَيْتٌ،

اٰمِنِيْنَ، اَمْنٌ، سے اسم فاعل جمع مذکر، بے خوف ہو کر مطمئن، دلجمعی سے، واحد، اٰمِنٌ،

فَاَخَذَتْهُمُ الصَّيْحَةُ مُصْبِحِيْنَ ﴿۸۳﴾	پس ان کو صبح ہوتے ہی چیخ نے پکڑ لیا۔

فَاَخَذَتْهُمُ (فَ،اَخَذَتْ،هُمْ) فَ،حرف عطف، پس،اَخَذَتْ، فعل ماضی واحد مؤنث غائب اَخَذَ یَاْخُذُ، مصدر اَخْذًا، پکڑنا، پکڑلیا،هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب،ان کو (پس ان کو پکڑلیا)

الصَّیْحَةُ (چیخ) مُصْبِحِیْنَ،اِصْبَاحٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (صبح کرنے والے، صبح ہوتے)

فَمَآ اَغْنٰى عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا یَكْسِبُوْنَ ۸۴	پھر وہ ان کے کام نہ آیا جو وہ کمایا کرتے تھے

فَمَآ (فَ،مَا) فَ، حرف عطف، پھر،مَا، نافیہ، نہ (پھر نہ)

اَغْنٰى، فعل ماضی واحد مذکر غائب اَغْنٰى یُغْنِیْ، مصدر اِغْنَآءٌ، کام آنا (وہ کام آیا)

عَنْهُمْ (عَنْ،هُمْ) عَنْ، حرف جار، سے ضرور تاً ترجمہ کے،هُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، ان (ان کے) مَّا،اسم موصول (جو) كَانُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب كَانَ یَكُوْنُ، مصدر كَوْنًا، ہونا (وہ تھے)

یَكْسِبُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب كَسَبَ یَكْسِبُ، مصدر كَسْبًا، کمانا (وہ کمایا کرتے)

وَمَا خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَیْنَهُمَآ اِلَّا بِالْحَقِّ ؕ	اور ہم نے آسمانوں اور زمین کو اور جو ان دونوں کے درمیان ہے نہیں پیدا کیا مگر حق کے ساتھ

وَمَا،وَ، حرف عطف اور،مَا، نافیہ، نہیں (اور نہیں)

خَلَقْنَا، فعل ماضی جمع متکلم خَلَقَ یَخْلُقُ، مصدر خَلْقًا، پیدا کرنا (ہم نے پیدا کیا)

السَّمٰوٰتِ (آسمانوں) واحد، اَلسَّمَآءِ،وَ الْاَرْضَ، وَ، حرف عطف، اور، اَلْاَرْضَ، زمین (اور زمین)

وَمَا،وَ، حرف عطف، اور،مَا،اسم موصول، جو (اور جو)

بَیْنَهُمَآ (بَیْنَ،هُمَا) بَیْنَ، مضاف، درمیان،هُمَا، مضاف الیہ، ضمیر تثنیہ مؤنث غائب،ان دونوں کے، ضمیر کا مرجع اَلسَّمٰوٰتِ اور اَلْاَرْضَ، ہے (ان دونوں کے درمیان) اِلَّا، کلمہ استثنا (مگر)

بِالْحَقِّ (بِ،اَلْحَقِّ) بِ، حرف جار، کے ساتھ،اَلْحَقِّ، مجرور، حق، سچ (حق کے ساتھ)

وَاِنَّ السَّاعَةَ لَاٰتِیَةٌ فَاصْفَحِ الصَّفْحَ	اور بے شک قیامت یقیناً آنے والی ہے پس آپ درگزر

الْجَمِيْلَ ۞	کریں اچھے انداز سے در گزر کرنا۔

وَ، حرف عطف (اور) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل (بے شک) السَّاعَةَ، گھڑی، وقت (قیامت)
لَاٰتِيَةٌ (لَ، اٰتِيَةٌ) لَ، لام تاکید، ضرور، یقیناً، اٰتِيَةٌ، اِتْيَانٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مونث، آنے والی
(یقیناً آنے والی) فَاصْفَحِ (فَ، اِصْفَحِ) فَ، حرف عطف پس، اِصْفَحِ، فعل امر واحد مذکر حاضر صَفَحَ
يَصْفَحُ مصدر صَفْحًا، معاف کرنا، صرف نظر کرنا، در گزر کرنا، آپ در گزر کریں (پس آپ در گزر
کریں) الصَّفْحَ الْجَمِيْلَ (اَلصَّفْحَ، اَلْجَمِيْلَ) اَلصَّفْحَ، موصوف، مصدر، در گزر کرنا، معاف کرنا،
اَلْجَمِيْلَ، صفت، جَمَالٌ، سے صفت مشبہ، بہتر، اچھا انداز (اچھے انداز سے در گزر کرنا)

اِنَّ رَبَّكَ هُوَ الْخَلّٰقُ الْعَلِيْمُ ۞	بے شک آپ کا رب ہی خوب پیدا کرنے والا خوب جاننے والا ہے

اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل (بے شک) رَبَّكَ (رَبَّ، كَ) رَبَّ، مضاف رب، پروردگار، كَ، مضاف الیہ، ضمیر واحد
مذکر حاضر، آپ کا (آپ کا رب) هُوَ، ضمیر منفصلہ واحد مذکر غائب (وہ ہی)
الْخَلّٰقُ، خَلْقٌ، سے مبالغہ کا صیغہ، خوب پیدا کرنے والے، اصل بنانے والا، اسماء حسنیٰ الٰہیہ میں سے ہے۔
الْعَلِيْمُ، اللہ کا صفاتی نام، عِلْمًا، سے مبالغہ کا صیغہ (خوب جاننے والا)

وَ لَقَدْ اٰتَيْنٰكَ سَبْعًا مِّنَ الْمَثَانِيْ وَ الْقُرْاٰنَ الْعَظِيْمَ ۞	اور بلاشبہ یقیناً ہم نے آپ کو بار بار دہرائی جانے والی سات (آیات) اور بڑی عظمت والا قرآن عطا کیا

وَ لَقَدْ (وَ، لَ، قَدْ) وَ، حرف عطف، اور، لَ، لام تاکید، ضرور، بلاشبہ، قَدْ، حرف تحقیق، یقیناً (اور بلاشبہ
یقیناً) اٰتَيْنٰكَ (اٰتَيْنَا، كَ) اٰتَيْنَا، فعل ماضی جمع متکلم اٰتٰى يُؤْتِيْ، مصدر اِيْتَآءٌ، دینا، عطا کرنا، ہم نے
عطا کیا، كَ، ضمیر واحد مذکر حاضر، آپ کو (ہم نے آپ کو عطا کیا) سَبْعًا، اسم عدد (سات)
مِّنَ الْمَثَانِيْ (مِنْ، اَلْمَثَانِيْ) مِنْ، حرف جار، سے، اَلْمَثَانِيْ، مجرور، ثَنَآءٌ، مصدر سے ماخوذ بار بار دہرائی

جانے والی، واحد، مَثْنٰی، وَالْقُرْاٰنَ الْعَظِيْمَ (وَ، اَلْقُرْاٰنَ، اَلْعَظِيْمَ) وَ، حرف عطف اور، اَلْقُرْاٰنَ، موصوف، قرآن، اَلْعَظِيْمَ، عَظْمَةٌ، مصدر سے صفت مشبہ، بڑی عظمت والا (اور بڑی عظمت والا قرآن)

لَا تَمُدَّنَّ عَيْنَيْكَ اِلٰى مَا مَتَّعْنَا بِهٖٓ اَزْوَاجًا مِّنْهُمْ وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَاخْفِضْ جَنَاحَكَ لِلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۸۸﴾	آپ اپنی آنکھیں اس کی طرف ہر گز نہ اٹھائیں جس کے ساتھ ہم نے ان میں سے مختلف قسم کے لوگوں کو فائدہ دیا اور آپ ان پر غم نہ کریں اور اپنا بازو مومنوں کے لئے جھکا دیں۔

لَا تَمُدَّنَّ، فعل نہی بانون تاکید ثقیلہ واحد مذکر حاضر مَدَّ يَمُدُّ، مصدر مَدًّا، پھیلانا، لمبا کرنا، اٹھانا (آپ ہر گز نہ اٹھائیں) عَيْنَيْكَ (عَيْنَيْ، كَ) عَيْنَيْ، مضاف، اصل میں عَيْنَيْنِ، تھا، اضافت کی وجہ سے تثنیہ کا نون گر گیا، دو آنکھیں، كَ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر حاضر، اپنی (اپنی دو آنکھیں)

اِلٰى مَا (اِلٰى، مَا) اِلٰى، حرف جار، کی طرف، مَا، مجرور، اسم موصول، جس (اس کی طرف جس)

مَتَّعْنَا، فعل ماضی جمع متکلم مَتَّعَ يُمَتِّعُ، مصدر تَمْتِيْعًا، فائدہ دینا (ہم نے فائدہ دیا)

بِهٖ (بِ، هٖ) بِ، حرف جار کے ساتھ، هٖ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس (اس کے ساتھ)

اَزْوَاجًا، جوڑے، مانند، واحد، زَوْجٌ، یہاں ترجمہ (مختلف قسم کے لوگ)

مِّنْهُمْ (مِنْ، هُمْ) مِنْ، حرف جار، سے، هُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، ان (ان میں سے)

وَ، حرف عطف (اور) لَا تَحْزَنْ، فعل نہی واحد مذکر حاضر حَزَنَ يَحْزُنُ، دکھی ہونا، غم کرنا (آپ غم نہ کریں) عَلَيْهِمْ (عَلٰى، هِمْ) عَلٰى، حرف جار، پر، هِمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، ان (ان پر)

وَاخْفِضْ (وَ، اِخْفِضْ) وَ، حرف عطف، اور، اِخْفِضْ، فعل امر واحد مذکر حاضر خَفِضَ يَخْفِضُ، مصدر خَفْضًا، پست کرنا، جھکانا، نرم روی اختیار کرنا، آپ جھکا دیں (اور آپ جھکا دیں)

جَنَاحَكَ (جَنَاحَ، كَ) جَنَاحَ، مضاف، بازو، پہلو، پرندہ کا پر، جمع، اَجْنِحَةٌ،

كَ ، مضاف الیہ ضمیر واحد مذکر حاضر ، اپنا (اپنا بازو)

لِلْمُؤْمِنِيْنَ (لِ، اَلْمُؤْمِنِيْنَ) لِ، حرف جار، کیلئے ،اَلْمُؤْمِنِيْنَ ،اِيْمَانًا، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، ایمان والے ، مومنوں (مومنوں کے لئے)

وَقُلْ اِنِّيْٓ اَنَا النَّذِيْرُ الْمُبِيْنُ ۝	اور آپ کہہ دیجئے بے شک میں کھلم کھلا ڈرانے والا ہوں

وَ، حرف عطف، اور، قُلْ، فعل امر واحد مذکر حاضر قَالَ يَقُوْلُ ، مصدر قَوْلًا ، کہنا (آپ کہہ دیجئے)

اِنِّيْ (اِنِّ ، یْ) اِنِّ، اصل میں ،اِنَّ ،ہے، یْ، کی وجہ سے نون کو زیر دی گئی ہے، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، یْ، ضمیر واحد متکلم، میں (بے شک میں) اَنَا، ضمیر واحد متکلم (میں)

النَّذِيْرُ الْمُبِيْنُ ،اَلنَّذِيْرُ، موصوف، نَذْرٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر، ڈرانے والا،

اَلْمُبِيْنُ، صفت ،اِبَانَةٌ ،مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر، ظاہر کرنے والا، واضح، کھلم کھلا (کھلم کھلا ڈرانے والا)

كَمَآ اَنْزَلْنَا عَلَى الْمُقْتَسِمِيْنَ ۝	(ایسے عذاب سے) جیسا کہ ہم نے ان تقسیم کرنے والوں پر اُتارا۔

كَمَا (كَ، مَا) كَ، حرف تشبیہ و حرف جار، جیسا، مانند، طرح، مَا، مصدریہ، کہ (جیسا کہ)

اَنْزَلْنَا، فعل ماضی جمع متکلم اَنْزَلَ يُنْزِلُ، مصدر اِنْزَالًا، اُتارنا (ہم نے اُتارا)

عَلَى الْمُقْتَسِمِيْنَ (عَلٰی، اَلْمُقْتَسِمِيْنَ) عَلٰی، حرف جار، پر، اَلْمُقْتَسِمِيْنَ، مجرور ،اِقْتِسَامٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، تقسیم کرنے والے (تقسیم کرنے والوں پر)

الَّذِيْنَ جَعَلُوا الْقُرْاٰنَ عِضِيْنَ ۝	جنہوں نے قرآن کو ٹکڑے ٹکڑے کر دیا

الَّذِيْنَ، اسم موصول (جنہوں نے) جَعَلُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب جَعَلَ يَجْعَلُ، مصدر جَعْلًا، بنانا، کرنا (انہوں نے کر دیا) اَلْقُرْاٰنَ (قرآن کو)

عِضِيْنَ، عَضْوًا، مصدر سے اسم جمع، پارہ پارہ (ٹکڑے ٹکڑے) واحد، عِضَةٌ،

فَوَرَبِّكَ لَنَسْـَٔلَنَّهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۹۲﴾	پس آپ کے رب کی قسم ہے یقیناً ہم ان سب سے ضرور سوال کریں گے۔

فَوَرَبِّكَ (فَ، وَ، رَبِّ، كَ) فَ، حرف عطف پس، وَ، قسمیہ، قسم ہے، رَبِّ، مقسم بہ، مضاف، رب، پروردگار، كَ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر حاضر، آپ کے (پس قسم ہے آپ کے رب کی)

لَنَسْـَٔلَنَّهُمْ (لَ، نَسْـَٔلَنَّ، هُمْ) لَ، لام تاکید، یقیناً، نَسْـَٔلَنَّ، فعل مضارع جمع متکلم بانون تاکید ثقیلہ سَاَلَ يَسْـَٔلُ، مصدر سُؤَالٌ، سوال کرنا، ہم ضرور سوال کریں گے، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان سے (یقیناً ہم ان سے ضرور سوال کریں گے) اَجْمَعِيْن، تاکید کے لئے (سب سے)

عَمَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۹۳﴾	اس کے بارے میں جو وہ عمل کرتے تھے۔

عَمَّا (عَنْ، مَا) عَنْ، حرف جار، کے بارے میں، مَا، مجرور، اسم موصول، جو (اس کے بارے میں جو)

كَانُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب كَانَ يَكُوْنُ، مصدر كَوْنًا، ہونا (وہ تھے)

يَعْمَلُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب عَمِلَ يَعْمَلُ، مصدر عَمَلًا، کرنا، عمل کرنا (وہ عمل کرتے)

فَاصْدَعْ بِمَا تُؤْمَرُ وَاَعْرِضْ عَنِ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۹۴﴾	پس آپ کھول کر سنا دیں جس کا آپ کو حکم دیا جاتا ہے اور مشرکوں سے منہ پھیر لیں

فَاصْدَعْ (فَ، اِصْدَعْ) فَ، حرف عطف پس، اِصْدَعْ، فعل امر واحد مذکر حاضر صَدَعَ يَصْدَعُ، مصدر صَدْعًا، اعلان کرنا، کھول کر سنانا، آپ کھول کر سنائیں (پس آپ کھول کر سنا دیں)

بِمَا (بِ، مَا) بِ، حرف جار، کا، مَا، اسم موصول، جس (جس کا)

تُؤْمَرُ، فعل مضارع مجہول واحد مذکر حاضر اَمَرَ يَاْمُرُ، مصدر اَمْرًا، حکم دینا (آپ کو حکم دیا جاتا ہے)

وَ، حرف عطف (اور) اَعْرِضْ، فعل امر واحد مذکر حاضر اَعْرَضَ يُعْرِضُ، مصدر اِعْرَاضًا، اعراض کرنا،

نظر انداز کرنا، منہ پھیرنا (آپ منہ پھیر لیں)

عَنِ الْمُشْرِكِيْنَ (عَنْ، اَلْمُشْرِكِيْنَ) عَنْ، حرف جار، سے، اَلْمُشْرِكِيْنَ، مجرور، اِشْرَاكٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، شرک کرنے والے مشرکوں

اِنَّا كَفَيْنٰكَ الْمُسْتَهْزِءِيْنَ ۙ﴿۹۵﴾	بے شک مذاق اڑانے والوں (کی سزا) کیلئے ہم آپ کو کافی ہیں۔

اِنَّا (اِنَّ، نَا) اِنَّ، حرف مشبہ، بالفعل بے شک، نَا، ضمیر جمع متکلم، ہم (بے شک ہم)

كَفَيْنٰكَ (كَفَيْنَا، كَ) كَفَيْنَا، فعل ماضی جمع متکلم كَفٰى يَكْفِىْ، مصدر كِفَايَةٌ، کافی ہونا، ہم کافی ہیں، كَ، ضمیر واحد مذکر حاضر، آپ (ہم آپ کو کافی ہیں)

اَلْمُسْتَهْزِءِيْنَ، اِسْتِهْزَآءٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، ٹھٹھا کرنے والے (مذاق اڑانے والے)

الَّذِيْنَ يَجْعَلُوْنَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ ۚ	وہ لوگ جو اللہ کے ساتھ کوئی دوسرا معبود بناتے ہیں

اَلَّذِيْنَ، اسم موصول (وہ لوگ جو)

يَجْعَلُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب جَعَلَ يَجْعَلُ، مصدر جَعْلًا، بنانا (وہ بناتے ہیں)

مَعَ اللّٰهِ (مَعَ، اَللّٰهِ) مَعَ، مضاف ساتھ، اَللّٰهِ، مضاف الیہ، اللہ کے (اللہ کے ساتھ)

اِلٰهًا، کوئی معبود جس کی عبادت کی جائے خواہ معبود برحق ہو یا باطل، اٰخَرَ (دوسرا) جمع، اٰخَرُوْنَ،

فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ﴿۹۶﴾	سو عنقریب وہ جان لیں گے۔

فَسَوْفَ (فَ، سَوْفَ) فَ، حرف عطف پس، سو، سَوْفَ (عنقریب) مضارع کو مستقبل کے معنی کے لئے مختص کرتا ہے۔ يَعْلَمُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب عَلِمَ يَعْلَمُ، مصدر عِلْمًا، جاننا (وہ جان لیں گے)

وَ لَقَدْ نَعْلَمُ اَنَّكَ يَضِيْقُ صَدْرُكَ بِمَا يَقُوْلُوْنَ ۙ﴿۹۷﴾	اور بلاشبہ یقیناً ہم جانتے ہیں کہ بے شک آپ کا سینہ اس سے تنگ ہوتا ہے جو وہ کہتے ہیں۔

وَلَقَدْ (وَ، لَ، قَدْ) وَ، حرف عطف، اور، لَ، لام تاکید ضرور، بلاشبہ، قَدْ، حرف تحقیق، یقیناً (اور بلاشبہ یقیناً)

نَعْلَمُ، فعل مضارع جمع متکلم عَلِمَ یَعْلَمُ، مصدر عِلْمًا، جاننا (ہم جانتے ہیں)
اَنَّكَ (اَنَّ ،كَ) اَنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک ،كَ، ضمیر واحد مذکر حاضر، آپ (کہ بے شک آپ کا)
یَضِیْقُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب ضَاقَ یَضِیْقُ، مصدر، ضَیْقًا، تنگ ہونا (تنگ ہوتا ہے)
صَدْرُكَ (صَدْرُ ،كَ) صَدْرُ، مضاف سینہ، جمع، صُدُوْرٌ، كَ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر حاضر، آپ کا (آپ کا سینہ) بِمَا (بِ، مَا) بِ، حرف جار، سے، مَا، مجرور، اسم موصول، جو (اس سے جو)
یَقُوْلُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب قَالَ یَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، کہنا (وہ کہتے ہیں)

فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَ كُنْ مِّنَ السّٰجِدِیْنَ ﴿۹۸﴾	پس آپ اپنے رب کی حمد کے ساتھ تسبیح بیان کریں اور سجدہ کرنے والوں میں سے ہو جائیں

فَسَبِّحْ (فَ ،سَبِّحْ) فَ ،حرف عطف ، پس، سَبِّحْ، فعل امر واحد مذکر حاضر سَبَّحَ یُسَبِّحُ ،مصدر تَسْبِیْحًا، تسبیح بیان کرنا، آپ تسبیح بیان کریں (پس آپ تسبیح بیان کریں)
بِحَمْدِ (بِ، حَمْدِ) بِ، حرف جار، کے ساتھ ،حَمْدِ، مجرور، حمد، تعریف (حمد کے ساتھ)
رَبِّكَ (رَبِّ ، كَ) رَبِّ، مضاف، رب، پروردگار ،كَ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر حاضر، اپنے (اپنے رب کی)
وَ، حرف عطف (اور) كُنْ، فعل امر واحد مذکر حاضر كَانَ یَكُوْنُ، مصدر كَوْنًا، ہونا (آپ ہو جائیں)
مِّنَ السّٰجِدِیْنَ (مِنْ، اَلسّٰجِدِیْنَ) مِنْ، حرف جار، سے، اَلسّٰجِدِیْنَ، مجرور، سُجُوْدٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، سجدہ کرنے والے (سجدہ کرنے والوں میں سے)

وَاعْبُدْ رَبَّكَ حَتّٰی یَاْتِیَكَ الْیَقِیْنُ ﴿۹۹﴾	اور اپنے رب کی عبادت کریں یہاں تک کہ آپ کے پاس یقین (موت) آجائے۔

ع ۶

وَاعْبُدْ (وَ، اُعْبُدْ) وَ، حرف عطف، اور، اُعْبُدْ، فعل امر واحد مذکر حاضر عَبَدَ یَعْبُدُ ،مصدر عِبَادَةٌ ، عبادت کرنا (آپ عبادت کریں) رَبَّكَ (رَبَّ ،كَ) رَبَّ، مضاف، رب، پروردگار ،كَ ،مضاف الیہ، ضمیر واحد

مذکر حاضر، اپنے (اپنے رب کی) حَتّٰى، حرف جار، حرف غایت (یہاں تک کہ)

یَأْتِیَكَ (یَأْتِیَ، كَ) یَأْتِیَ، فعل مضارع واحد مذکر غائب اَتٰى یَأْتِیْ، مصدر اِتْیَانٌ، آنا، وہ آجائے، كَ، ضمیر واحد مذکر حاضر، آپ (وہ آپ کے پاس آجائے) الْیَقِیْن، یقین (موت)

اٰيَاتُهَا:۱۲۸	سُوۡرَةُ النَّحۡلِ مَكِّيَّةٌ	رُكُوۡعَاتُهَا:۱۶

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت مہربان بہت رحم کرنے والا ہے۔

اَتٰۤى اَمۡرُ اللّٰهِ فَلَا تَسۡتَعۡجِلُوۡهُ ؕ	اللہ کا حکم (قریب) آ گیا سو تم اس کو جلدی نہ مانگو۔

اَتٰۤى، فعل ماضی واحد مذکر غائب اَتٰى يَاۡتِىۡ، مصدر اِتۡيَانٌ، آنا (وہ آ گیا)

اَمۡرُ اللّٰهِ، اَمۡرُ، مضاف، حکم، اَللّٰهِ، مضاف الیہ، اللہ کا (اللہ کا حکم) مراد عذاب۔

فَلَا تَسۡتَعۡجِلُوۡهُ (فَ، لَا تَسۡتَعۡجِلُوۡا، هُ) فَ، حرف عطف، سو،

لَا تَسۡتَعۡجِلُوۡا، فعل نہی جمع مذکر حاضر اِسۡتَعۡجَلَ يَسۡتَعۡجِلُ، مصدر اِسۡتِعۡجَالًا، جلدی مانگنا، جلدی کرنا، تم جلدی نہ مانگو، هٗ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس کو (سو تم اس کو جلدی نہ مانگو)

سُبۡحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يُشۡرِكُوۡنَ ۝۱	وہ پاک ہے اور بہت بلند ہے اس سے جو وہ شریک بناتے ہیں۔

سُبۡحٰنَهٗ (سُبۡحَانَ، هٗ) سُبۡحَانَ، مضاف، مصدر ہے بمعنی تسبیح، پاکی بیان کرنے کے، پاک ہے، هٗ، مضاف الیہ ضمیر واحد مذکر غائب وہ (وہ پاک ہے) وَ، حرف عطف (اور)

تَعٰلٰى، فعل ماضی واحد مذکر غائب تَعَالٰى يَتَعَالٰى، مصدر تَعَالِىٌ، بلند ہونا (وہ بہت بلند ہے)

عَمَّا (عَنۡ، مَا) عَنۡ، حرف جار، سے، مَا، مجرور، اسم موصول، جو (اس سے جو) يُشۡرِكُوۡنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب اَشۡرَكَ يُشۡرِكُ، مصدر اِشۡرَاكًا، شریک بنانا (وہ شریک بناتے ہیں)

يُنَزِّلُ الۡمَلٰٓئِكَةَ بِالرُّوۡحِ مِنۡ اَمۡرِهٖ عَلٰى مَنۡ يَّشَآءُ مِنۡ عِبَادِهٖۤ اَنۡ اَنۡذِرُوۡۤا اَنَّهٗ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّاۤ اَنَا فَاتَّقُوۡنِ ۝۲	وہ فرشتوں کو وحی کے ساتھ اپنے حکم سے اپنے بندوں میں سے جس پر چاہتا ہے نازل کرتا ہے کہ تم آگاہ کر دو بے شک حقیقت یہ ہے کہ میرے سوا کوئی معبود نہیں سو مجھ سے ڈرو۔

يُنَزِّلُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب نَزَّلَ يُنَزِّلُ، مصدر تَنۡزِيۡلًا، اُتارنا، نازل کرنا (وہ نازل کرتا ہے)

اَلۡمَلٰٓئِكَةَ (فرشتوں) واحد، مَلَكٌ، بِالرُّوۡحِ (بِ، اَلرُّوۡحِ) بِ، حرف جار، کے ساتھ، اَلرُّوۡحِ، مجرور، روح، جبریل، امر، وحی، عظیم مرتبہ والا فرشتہ، یہاں مراد، وحی ہے (وحی کے ساتھ)

مِنۡ اَمۡرِهٖ (مِنۡ، اَمۡرِ، هٖ) مِنۡ، حرف جار، سے، اَمۡرِ، مجرور، مضاف، حکم، هٖ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اپنے (اپنے حکم سے) عَلٰی مَنۡ، عَلٰی، حرف جار، پر، مَنۡ، مجرور، اسم موصول، جس (جس پر)

يَّشَآءُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب شَآءَ يَشَآءُ، مصدر مَشِيۡٓئَةٌ، چاہنا (وہ چاہتا ہے)

مِنۡ عِبَادِهٖٓ (مِنۡ، عِبَادِ، هٖ) مِنۡ، حرف جار، سے، عِبَادِ، مجرور، مضاف، بندوں، واحد، عَبۡدٌ، هٖ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اپنے (اپنے بندوں میں سے) اَنۡ، مصدریہ (کہ)

اَنۡذِرُوۡٓا، فعل امر جمع مذکر حاضر اَنۡذَرَ يُنۡذِرُ، مصدر اِنۡذَارًا، ڈرانا، خبردار کرنا، متنبہ کرنا، آگاہ کرنا (تم آگاہ کردو) اَنَّهٗ (اَنَّ، هٗ) اَنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، هٗ، ضمیر واحد مذکر غائب، ضمیر کے بعد جملہ مفسرہ اور اس کی خبر ہے، یہ ضمیر شان ہے، بات یہ ہے، حقیقت یہ ہے (بے شک حقیقت یہ ہے)

لَآ اِلٰهَ، لَا، نفی جنس، نہیں، اِلٰهَ، کوئی معبود (کوئی معبود نہیں) اِلَّآ، کلمہ استثنا (سوا)

اَنَا، ضمیر واحد متکلم (میرے)

فَاتَّقُوۡنِ (فَ، اِتَّقُوۡا، نِ، یْ) فَ، حرف عطف، سو، اِتَّقُوۡا، فعل امر جمع مذکر حاضر اِتَّقٰی يَتَّقِيۡ، مصدر اِتِّقَآءٌ، ڈرنا، تم ڈرو، نِ، نون وقایہ، یْ، محذوف ہے، ضمیر واحد متکلم، مجھ سے (سو تم مجھ سے ڈرو)

خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضَ بِالۡحَقِّ ؕ	اس نے آسمانوں اور زمین کو حق کے ساتھ پیدا کیا۔

خَلَقَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب خَلَقَ يَخۡلُقُ، مصدر خَلۡقًا، پیدا کرنا (اس نے پیدا کیا)

السَّمٰوٰتِ، آسمانوں، واحد، اَلسَّمَآءِ، وَ، حرف عطف (اور) اَلۡاَرۡضَ (زمین)

بِالۡحَقِّ (بِ، اَلۡحَقِّ) بِ، حرف جار، کے ساتھ، اَلۡحَقِّ، مجرور، حق، سچ (حق کے ساتھ)

تَعٰلٰی عَمَّا يُشۡرِكُوۡنَ ۝	وہ اس سے بہت بلند ہے جو وہ شریک بناتے ہیں۔

تَعٰلٰی، فعل ماضی واحد مذکر غائب تَعَالٰی یَتَعَالٰی، مصدر تَعَالِیٌ، بلند ہونا (وہ بہت بلند ہے)
عَمَّا (عَنْ، مَا) عَنْ، حرف جار، سے، مَا، مجرور، اسم موصول، جو (اس سے جو)
یُشْرِکُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب اَشْرَكَ یُشْرِكُ، مصدر اِشْرَاكٌ، شریک بنانا، شرک کرنا (وہ شریک بناتے ہیں)

خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ نُّطْفَةٍ فَاِذَا هُوَ خَصِیْمٌ مُّبِیْنٌ ۝	اس نے انسان کو ایک قطرے (نطفہ) سے پیدا کیا پھر اچانک وہ کھلم کھلا سخت جھگڑالو ہو گیا۔

خَلَقَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب خَلَقَ یَخْلُقُ، مصدر خَلْقًا، پیدا کرنا (اس نے پیدا کیا)
الْاِنْسَانَ (انسان کو) مِنْ نُّطْفَةٍ، مِنْ، حرف جار، سے، نُطْفَةٍ، مجرور، نطفہ، ایک قطرہ (ایک قطرے (نطفہ) سے) فَاِذَا (فَ، اِذَا) فَ، حرف عطف، پھر، اِذَا، اسم ظرف مفاجاتیہ، ناگہاں، اچانک (پھر اچانک)
هُوَ، ضمیر واحد مذکر غائب (وہ) خَصِیْمٌ مُّبِیْنٌ، خَصِیْمٌ، موصوف، خَصْمًا، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر، سخت جھگڑالو، مُبِیْنٌ، صفت، اِبَانَةٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر، ظاہر کرنے والا، اعلانیہ، کھلم کھلا، واضح (کھلم کھلا سخت جھگڑالو)

وَالْاَنْعَامَ خَلَقَهَا ۚ	اور چوپائے اس نے انہیں پیدا کیا

وَ الْاَنْعَامَ (وَ، اَلْاَنْعَامَ) وَ، حرف عطف، اور، اَلْاَنْعَامَ، اصل معنی اونٹ کے ہیں، لیکن بھیڑ بکری گائے وغیرہ کیلئے بھی استعمال ہوتا ہے، چوپائے، واحد، نَعَمٌ (اور چوپائے)
خَلَقَهَا (خَلَقَ، هَا) خَلَقَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب خَلَقَ یَخْلُقُ، مصدر خَلْقًا، پیدا کرنا، اس نے پیدا کیا، هَا، ضمیر واحد مؤنث غائب، اس، ضمیر کا مرجع، اَلْاَنْعَامَ، ہے (اس نے انہیں پیدا کیا ہے)

لَكُمْ فِیْهَا دِفْءٌ وَّ مَنَافِعُ وَ مِنْهَا تَاْكُلُوْنَ ۝	تمہارے لیے ان میں گرمی حاصل کرنے کا سامان اور فائدے ہیں اور ان میں سے تم کھاتے ہو۔

لَكُمْ (لَ، كُمْ) لَ، حرف جار، لیے، كُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (تمہارے لیے)

فِيْهَا، فِيْ، حرف جار، میں، هَا، ضمیر واحد مؤنث غائب، اس، ضمیر کا مرجع، اَلْاَنْعَامَ، ہے (ان میں) دِفْءٌ (جاڑے کی پوشاک، گرمی حاصل کرنے کا سامان)

وَّ مَنَافِعُ، وَ، حرف عطف، اور، مَنَافِعُ، فائدے، واحد، مَنْفَعَةٌ (اور فائدے) وَ، حرف عطف (اور) مِنْهَا، مِنْ، حرف جار، سے، هَا، ضمیر واحد مؤنث غائب، اس، ضمیر کا مرجع، اَلْاَنْعَامَ، ہے (ان میں سے) تَاْكُلُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر حاضر اَكَلَ يَاْكُلُ، مصدر اَكْلًا، کھانا (تم کھاتے ہو)

وَ لَكُمْ فِيْهَا جَمَالٌ حِيْنَ تُرِيْحُوْنَ وَ حِيْنَ تَسْرَحُوْنَ ۞	اور تمہارے لیے ان میں ایک جمال ہے جب تم شام کو چرا کر واپس لاتے ہو اور جب تم صبح چرانے کو لے کر جاتے ہو۔

وَ لَكُمْ (وَ، لَ، كُمْ) وَ، حرف عطف، اور، لَ، حرف جار، لیے، كُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (اور تمہارے لیے) فِيْهَا (فِيْ، هَا) فِيْ، حرف جار، میں، هَا، مجرور، ضمیر واحد مؤنث غائب، ضمیر کا مرجع، اَلْاَنْعَامَ، ہے (ان میں) جَمَالٌ، مصدر ہے (زینت، رونق، جمال، آبرو)

حِيْنَ، اسم ظرف زمان (جب، جس وقت) تُرِيْحُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر حاضر اَرَاحَ يُرِيْحُ، مصدر اِرَاحَةٌ، شام کو چرا کر واپس لانا (تم شام کو چرا کر واپس لاتے ہو)

وَ، حرف عطف (اور) حِيْنَ، ظرف زمان (جب، جس وقت) تَسْرَحُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر حاضر سَرَحَ يَسْرَحُ، مصدر سَرْحًا، صبح چرانے کو لے کر جانا (تم صبح چرانے کو لے کر جاتے ہو)

وَ تَحْمِلُ اَثْقَالَكُمْ اِلٰى بَلَدٍ لَّمْ تَكُوْنُوْا بٰلِغِيْهِ اِلَّا بِشِقِّ الْاَنْفُسِ ؕ	اور وہ تمہارے بوجھ اس شہر تک اٹھا کر لے جاتے ہیں کہ تم اس تک پہنچنے والے نہیں تھے مگر جانوں کی مشقت کے ساتھ

وَ، حرف عطف (اور) تَحْمِلُ، فعل مضارع واحد مؤنث غائب حَمَلَ يَحْمَلُ، مصدر حَمْلًا، اٹھا کر لے جانا (وہ اٹھا کر لے جاتا ہے) اَثْقَالَكُمْ (اَثْقَالَ، كُمْ) اَثْقَالَ، مضاف، بوجھ، واحد، ثِقْلٌ، كُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (تمہارے بوجھ)

اِلٰی بَلَدٍ، اِلٰی، حرف جار، تک، بَلَدٍ، مجرور، شہر (اس شہر تک)

لَّمْ تَكُوْنُوْا، فعل مضارع منفی جحد بلم جمع مذکر حاضر کَانَ یَكُوْنُ، مصدر كَوْنًا، ہونا (نہیں تھے تم)

بٰلِغِیْهِ (بٰلِغِیْ، هِ) بٰلِغِیْ، مضاف، اصل میں بٰلِغِیْنَ تھا، اضافت کی وجہ سے جمع کا نون گر گیا، بُلُوْغٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، پہنچنے والے، هِ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس (اس تک پہنچنے والے)

اِلَّا، کلمہ استثنا (مگر) بِشِقِّ الْاَنْفُسِ (بِ، شِقِّ، اَلْاَنْفُسِ) بِ، حرف جار، کے ساتھ،

شِقِّ، مجرور، مضاف، مشقت، تھکان، جو انسان کے جسم اور نفس کو لاحق ہوتی ہے۔

اَلْاَنْفُسِ، جانوں، واحد، نَفْسٌ (جانوں کی مشقت کے ساتھ)

اِنَّ رَبَّكُمْ لَرَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ ۙ	بے شک تمہارا رب یقیناً بہت نرمی کرنے والا، بہت رحم کرنے والا ہے۔

اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل (بے شک) رَبَّكُمْ (رَبَّ، كُمْ) رَبَّ، مضاف، رب، پروردگار،

كُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارا (تمہارا رب)

لَرَءُوْفٌ (لَ، رَءُوْفٌ) لَ، لام تاکید، ضرور، یقیناً، رَءُوْفٌ، رَاْفَةٌ، مصدر سے صفت مشبہ، اللہ کا صفاتی نام، بہت نرمی کرنے والا، بڑی شفقت کرنے والا (یقیناً بہت نرمی کرنے والا)

رَّحِیْمٌ، اللہ کا صفاتی نام رَحْمَةٌ، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ (بہت رحم کرنے والا)

وَّالْخَیْلَ وَالْبِغَالَ وَالْحَمِیْرَ لِتَرْكَبُوْهَا وَزِیْنَةً ؕ	اور گھوڑے اور خچر اور گدھے تاکہ تم ان پر سواری کرو اور زینت (کیلئے)

وَّالْخَیْلَ (وَ، اَلْخَیْلَ) وَ، حرف عطف، اور، اَلْخَیْلَ، گھوڑے، گھوڑوں پر سوار ہونے والے (اور گھوڑے) وَالْبِغَالَ (وَ، اَلْبِغَالَ) وَ، حرف عطف، اور، اَلْبِغَالَ، خچر، واحد، بَغْلٌ (اور خچر)

وَالْحَمِیْرَ (وَ، اَلْحَمِیْرَ) وَ، حرف عطف، اور، اَلْحَمِیْرَ، گدھے، واحد، حِمَارٌ (اور گدھے)

لِتَرۡكَبُوۡهَا (لِ،تَرۡكَبُوۡا،هَا) لِ،لام تعلیل ناصبہ ،تاکہ ،تَرۡكَبُوۡا، یہ اصل میں، تَرۡكَبُوۡنَ ، تھا،نون اعرابی لام تعلیل ناصبہ کی وجہ سے حذف ہو گیا، فعل مضارع جمع مذکر حاضر رَكِبَ يَرۡكَبُ، مصدر رُكُوۡبًا، سواری کرنا، تم سواری کرو، هَا، ضمیر واحد مؤنث غائب ،اس، ضمیر کا مرجع ،اَلۡاَنۡعَامَ، ہے (تاکہ تم ان پر سواری کرو) وَ ،حرف عطف (اور) زِيۡنَةً (زینت)

وَيَخۡلُقُ مَا لَا تَعۡلَمُوۡنَ ۝	اور وہ پیدا کرے گا جو تم نہیں جانتے۔

وَ، حرف عطف (اور) يَخۡلُقُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب خَلَقَ يَخۡلُقُ، مصدر خَلۡقًا، پیدا کرنا (وہ پیدا کرے گا) مَا ،اسم موصول (جو)

لَا تَعۡلَمُوۡنَ، فعل مضارع منفی جمع مذکر غائب عَلِمَ يَعۡلَمُ، مصدر عِلۡمٌ، جاننا (تم نہیں جانتے)

وَعَلَى اللّٰهِ قَصۡدُ السَّبِيۡلِ وَمِنۡهَا جَآئِرٌ ؕ	اور اللہ پر سیدھا راستہ (جا پہنچتا) ہے اور اس میں سے کچھ ٹیڑھے (راستے) ہیں۔

وَعَلَى اللّٰهِ (وَ، عَلٰى، اَللّٰهِ) وَ، حرف عطف ،اور، عَلٰى، حرف جار، پر، اَللّٰهِ ، مجرور، اللہ (اور اللہ پر)

قَصۡدُ السَّبِيۡلِ (قَصۡدُ، اَلسَّبِيۡلِ) قَصۡدُ،اسم مصدر ، مضاف ، سیدھا، اَلسَّبِيۡلِ، مضاف الیہ ،راستہ (سیدھا راستہ) وَ، حرف عطف (اور) مِنۡهَا (مِنۡ، هَا) مِنۡ، حرف جار تبعیضیہ ، میں سے کچھ ، هَا، مجرور، ضمیر واحد مؤنث غائب ،اس (اس میں سے کچھ)

جَآئِرٌ، جَوۡرٌ ، سے اسم فاعل واحد مذکر ، راہ سے ہٹنے والا، کج ہونے والا، ٹیڑھا، کج۔

وَلَوۡ شَآءَ لَهَدٰىكُمۡ اَجۡمَعِيۡنَ ۝	اور اگر وہ چاہتا ضرور تم سب کو ہدایت دے دیتا۔

ع ۹

وَلَوۡ، وَ، حرف عطف، اور، لَوۡ، شرطیہ ، اگر (اور اگر)

شَآءَ ، فعل ماضی واحد مذکر غائب شَآءَ يَشَآءُ ، مصدر مَشِيۡئَةٌ، چاہنا، لَوۡ، کی وجہ سے ترجمہ (وہ چاہتا)

لَهَدٰىكُمۡ (لَ، هَدٰى، كُمۡ) لَ، لام تاکید، ضرور، هَدٰى، فعل ماضی واحد مذکر غائب هَدٰى

يَهْدِیْ، مصدر ھِدَایَۃٌ، ہدایت دینا، وہ ہدایت دے دیتا، کُمْ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تم (وہ ضرور تم کو ہدایت دے دیتا) اَجْمَعِیْنَ، تاکید کیلئے (سب کے سب، سب)

هُوَ الَّذِیْٓ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً لَّكُمْ مِّنْهُ شَرَابٌ وَّ مِنْهُ شَجَرٌ فِیْهِ تُسِیْمُوْنَ ۝۱۰	وہی ہے جس نے آسمان سے پانی اتارا تمہارے لیے اس میں سے پینا ہے اور اس سے پودے ہیں کہ اس میں تم (مویشی) چراتے ہو۔

هُوَ، ضمیر منفصلہ واحد مذکر غائب (وہ، وہی ہے) اَلَّذِیْٓ، اسم موصول واحد مذکر (جس نے)

اَنْزَلَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب اَنْزَلَ یُنْزِلُ، مصدر اِنْزَالٌ، اتارنا (اس نے اتارا)

مِنَ السَّمَآءِ (مِنْ، اَلسَّمَآءِ) مِنْ، حرف جار، سے، اَلسَّمَآءِ، مجرور، آسمان (آسمان سے) مَآءً (پانی)

لَّكُمْ (لَ، کُمْ) لَ، حرف جار، لیے، کُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (تمہارے لیے)

مِّنْهُ (مِنْ، ہُ) مِنْ، حرف جار، سے، ہُ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس (اس میں سے)

شَرَابٌ، پینے کی چیز، ہر وہ چیز جس کو چبانا نہ پڑے بلکہ پیا جائے (پینا) وَّ، حرف جار (اور)

مِنْهُ (مِنْ، ہُ) مِنْ، حرف جار، سے، ہُ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس (اس میں سے)

شَجَرٌ (درخت، پودے) فِیْهِ (فِیْ، ہِ) فِیْ، حرف جار، میں، ہِ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس (اس میں)

تُسِیْمُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر حاضر اَسَامَ یُسِیْمُ، مصدر اِسَامَۃٌ، چرانا (تم چراتے ہو)

یُنْۢبِتُ لَكُمْ بِهِ الزَّرْعَ وَ الزَّیْتُوْنَ وَ النَّخِیْلَ وَ الْاَعْنَابَ وَ مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ ؕ	وہ تمہارے لیے اس کے ذریعے کھیتی اور زیتون اور کھجور اور انگور اور ہر قسم کے پھل اُگاتا ہے۔

یُنْۢبِتُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب اَنْۢبَتُ یُنْۢبِتُ، مصدر اِنْۢبَاتًا، اگانا (وہ اُگاتا ہے)

لَكُمْ (لَ، کُمْ) لَ، حرف جار، لیے، کُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (تمہارے لیے)

بِهِ (بِ، ہِ) بِ، حرف جار، کے ذریعے، ہِ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس (اس کے ذریعے)

الزَّرْعَ، مصدر ہے (کھیتی کرنا، کھیتی) وَ الزَّيْتُوْنَ، وَ، حرف عطف، اور، اَلزَّيْتُوْنَ، زیتون (اور زیتون)
وَ النَّخِيْلَ (وَ، اَلنَّخِيْلَ) وَ، حرف عطف، اور، اَلنَّخِيْلَ، کھجور (اور کھجور)
وَ الْاَعْنَابَ (وَ، اَلْاَعْنَابَ) وَ، حرف عطف، اور، اَلْاَعْنَابَ، انگور (اور انگور) وَ، حرف عطف (اور)
مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ (مِنْ، كُلِّ، اَلثَّمَرٰتِ) مِنْ، حرف جار، سے، كُلِّ، مجرور، مضاف، ہر، اَلثَّمَرٰتِ
، مضاف الیہ، پھلوں کی، واحد، اَلثَّمَرَةُ (پھلوں کی ہر (قسم) سے)

اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ⑪	بے شک اس میں ان لوگوں کیلئے یقیناً نشانی ہے جو غور و فکر کرتے ہیں۔

اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل (بے شک) فِيْ ذٰلِكَ، فِيْ، حرف جار، میں، ذٰلِكَ، مجرور، اسم اشارہ واحد مذکر بعید، یہ،
اس (اس میں) لَاٰيَةً (لَ، اٰيَةً) لَ، لام تاکید، ضرور، یقیناً، اٰيَةً، نشانی، جمع، اٰيٰتٍ (یقیناً نشانی ہے)
لِّقَوْمٍ (لِ، قَوْمٍ) لِ، حرف جار، کیلئے، قَوْمٍ، مجرور، قوم، لوگوں (ان لوگوں کیلئے)
يَّتَفَكَّرُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب تَفَكَّرَ يَتَفَكَّرُ، مصدر تَفَكُّرًا، سوچنا، غور و فکر کرنا (وہ غور و فکر کرتے ہیں)

وَسَخَّرَ لَكُمُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ ۙ وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ۭ	اور اس نے تمہارے لیے رات اور دن اور سورج اور چاند کو مسخر کر دیا۔

وَ، حرف عطف (اور) سَخَّرَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب سَخَّرَ يُسَخِّرُ، مصدر تَسْخِيْرًا، مسخر کرنا، کام میں لگانا (اس نے مسخر کر دیا) لَكُمُ (لَ، كُمُ) لَ، حرف جار، لیے، كُمُ، مجرور، ضمیر جمع مذکر
حاضر، تمہارے (تمہارے لیے) الَّيْلَ وَ النَّهَارَ (اَلَّيْلَ، وَ، اَلنَّهَارَ) اَلَّيْلَ، رات، وَ، حرف عطف، اور، اَلنَّهَارَ، دن، (رات اور دن) وَ الشَّمْسَ (وَ، اَلشَّمْسَ) وَ، حرف عطف، اور، اَلشَّمْسَ، سورج (اور سورج) وَ الْقَمَرَ (وَ، اَلْقَمَرَ) وَ، حرف عطف، اور، اَلْقَمَرَ، چاند (اور چاند کو)

وَالنُّجُوْمُ مُسَخَّرٰتٌۢ بِاَمْرِهٖ ؕ	اور ستارے اس کے حکم سے مسخر ہیں۔

وَالنُّجُوْمُ (وَ، اَلنُّجُوْمُ) وَ، حرف عطف، اور، اَلنُّجُوْمُ، ستارے، واحد، نَجْمٌ،
مُسَخَّرٰتٌ، تَسْخِيْرًا، مصدر سے اسم مفعول جمع مؤنث (مسخر ہیں) واحد، مُسَخَّرَةٌ،
بِاَمْرِهٖ (بِ، اَمْرِ، هٖ) بِ، حرف جار، سے، اَمْرِ، مجرور، مضاف، حکم، هٖ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس کے (اس کے حکم سے)

اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ۟ۙ	بے شک اس میں ان لوگوں کیلئے یقیناً نشانیاں ہیں (جو) عقل سے کام لیتے ہیں۔

اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل (بے شک) فِيْ ذٰلِكَ، فِيْ، حرف جار، میں، ذٰلِكَ، مجرور، اسم اشارہ واحد مذکر بعید، اس (اس میں) لَاٰيٰتٍ (لَ، اٰيٰتٍ) لَ، لام تاکید، ضرور، یقیناً، اٰيٰتٍ، نشانیاں، واحد، اٰيَةٌ (یقیناً نشانیاں)
لِّقَوْمٍ (لِ، قَوْمٍ) لِ، حرف جار، کیلئے، قَوْمٍ، مجرور، لوگوں (ان لوگوں کیلئے) يَّعْقِلُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب عَقَلَ يَعْقِلُ، مصدر عَقْلًا، سمجھنا، عقل سے کام لینا (وہ عقل سے کام لیتے ہیں)

وَمَا ذَرَاَ لَكُمْ فِي الْاَرْضِ مُخْتَلِفًا اَلْوَانُهٗ ؕ	اور جو کچھ اس نے تمہارے لیے زمین میں پھیلا دیا ہے اس کے رنگ مختلف ہیں۔

وَمَا، وَ، حرف عطف، اور، مَا، اسم موصول، جو (اور جو)
ذَرَاَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب ذَرَاَ يَذْرَاُ، مصدر ذَرْءًا، پیدا کرنا، ظاہر کرنا، پھیلانا (اس نے پھیلا دیا)
لَكُمْ (لَ، كُمْ) لَ، حرف جار، لیے، كُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (تمہارے لیے)
فِي الْاَرْضِ (فِيْ، اَلْاَرْضِ) فِيْ، حرف جار، میں، اَلْاَرْضِ، مجرور، زمین (زمین میں)
مُخْتَلِفًا، اِخْتِلَافٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر (مختلف)
اَلْوَانُهٗ، اَلْوَانُ، مضاف، رنگ، واحد، لَوْنٌ، هٗ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس کے (اس کے رنگ)

بے شک اس میں ان لوگوں کیلئے یقیناً نشانی ہے جو نصیحت حاصل کرتے ہیں۔	اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیَةً لِّقَوْمٍ یَّذَّكَّرُوْنَ ﴿۱۳﴾

اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل (بے شک)

فِیْ ذٰلِكَ (فِیْ، ذٰلِكَ) فِیْ، حرف جار، میں، ذٰلِكَ، مجرور، اسم اشارہ واحد مذکر بعید، اس (اس میں)

لَاٰیَةً (لَ، اٰیَةً) لَ، لام تاکید، ضرور، یقیناً، اٰیَةً، نشانی، جمع، اٰیٰتٍ (یقیناً نشانی)

لِّقَوْمٍ (لِ، قَوْمٍ) لِ، حرف جار، کیلئے، قَوْمٍ، مجرور، لوگوں (ان لوگوں کیلئے)

یَّذَّكَّرُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب اِذَّكَّرَ یَذَّكَّرُ، مصدر اِذَّكُّرٌ، نصیحت حاصل کرنا (وہ نصیحت حاصل کرتے ہیں)

اور وہی ہے جس نے سمندر کو مسخر کر دیا تاکہ تم اس سے تازہ گوشت کھاؤ اور تم اس سے زینت کا سامان نکالو جنہیں تم پہنتے ہو۔	وَهُوَ الَّذِیْ سَخَّرَ الْبَحْرَ لِتَاْكُلُوْا مِنْهُ لَحْمًا طَرِیًّا وَّ تَسْتَخْرِجُوْا مِنْهُ حِلْیَةً تَلْبَسُوْنَهَا ۚ

وَهُوَ الَّذِیْ (وَ، هُوَ، الَّذِیْ) وَ، حرف عطف، اور، هُوَ، ضمیر واحد مذکر غائب، وہ وہی ہے،

الَّذِیْ، اسم موصول واحد مذکر، جس نے (اور وہی ہے جس نے)

سَخَّرَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب سَخَّرَ یُسَخِّرُ، مصدر تَسْخِیْرٌ، مسخر کرنا، کام میں لگانا (اس نے مسخر کر دیا) الْبَحْرَ (سمندر کو) لِتَاْكُلُوْا (لِ، تَاْكُلُوْا) لِ، لام تعلیل ناصبہ، تاکہ، تَاْكُلُوْا، فعل مضارع جمع مذکر حاضر اَكَلَ یَاْكُلُ، مصدر اَكْلًا، کھانا، تم کھاؤ (تاکہ تم کھاؤ)

مِنْهُ (مِنْ، هٗ) مِنْ، حرف جار، سے، هٗ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس (اس سے)

اَفَاَمِنَ (اَ، فَ، اَمِنَ) اَ، ہمزہ استفہامیہ، کیا، فَ، حرف عطف، تو، اَمِنَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب اَمِنَ يَاْمَنُ، مصدر اَمْنًا، امن میں ہونا، بے خوف ہونا، وہ بے خوف ہوگیا (تو کیا وہ بے خوف ہوگیا)
الَّذِيْنَ، اسم موصول جمع مذکر (وہ لوگ جنہوں نے)
مَكَرُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب مَكَرَ يَمْكُرُ، مصدر مَكْرًا، مکر کرنا، سازش کرنا، تدبیر کرنا، چال چلنا (اُنہوں نے چالیں چلی ہیں) السَّيِّاٰتِ (بری) واحد، سَيِّئَةٌ، اَنْ، مصدریہ (کہ)
يَّخْسِفَ، فعل مضارع واحد مذکر غائب خَسَفَ يَخْسِفُ، مصدر خُسُوْفًا، دھنسادینا (وہ دھنسادے)
اللّٰهُ (اللہ) بِهِمُ (بِ، هِمْ) بِ، حرف جار، کو، هِمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، ان (ان کو)
الْاَرْضَ (زمین میں) اَوْ، حرف عطف (یا)
يَاْتِيَهُمُ (يَاْتِيَ، هُمْ) يَاْتِيَ، فعل مضارع واحد مذکر غائب اَتٰى يَاْتِيْ، مصدر اِتْيَانٌ، آنا، وہ آجائے، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان (وہ ان پر آجائے) الْعَذَابُ (عذاب)
مِنْ حَيْثُ (مِنْ، حَيْثُ) مِنْ، حرف جار، سے، حَيْثُ، مجرور، اسم ظرف مکان، جگہ، جہاں (جہاں سے)
لَا يَشْعُرُوْنَ، فعل مضارع منفی جمع مذکر غائب شَعُرَ يَشْعُرُ، مصدر شُعُوْرٌ، شعور رکھنا، سوچنا (وہ سوچتے نہ ہوں)

اَوْ يَاْخُذَهُمْ فِيْ تَقَلُّبِهِمْ فَمَا هُمْ	یا وہ انہیں ان کے چلنے پھرنے کے دوران پکڑ

بِمُعۡجِزِيۡنَ ﴿۴۶﴾	لے سو وہ ہرگز عاجز کرنے والے نہیں ہیں۔

اَوۡ، حرف عطف (یا) يَاۡخُذَهُمۡ (يَاۡخُذَ، هُمۡ) يَاۡخُذَ، فعل مضارع واحد مذکر غائب اَخَذَ يَاۡخُذُ، مصدر اَخۡذًا، پکڑنا، وہ پکڑلے، هُمۡ، ضمیر جمع مذکر غائب، انہیں (وہ انہیں پکڑلے)

فِيۡ تَقَلُّبِهِمۡ (فِيۡ، تَقَلُّبِ، هِمۡ) فِيۡ، حرف جار، میں، درمیان، تَقَلُّبِ، مجرور، مضاف، مصدر ہے، آنا جانا، چلنا پھرنا، هِمۡ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان کے (ان کے چلنے پھرنے کے دوران)

فَمَا (فَ، مَا) فَ، حرف عطف، سو، مَا، نافیہ، نہیں (سو نہیں) هُمۡ، ضمیر جمع مذکر غائب (وہ)

بِمُعۡجِزِيۡنَ (بِ، مُعۡجِزِيۡنَ) بِ، زائدہ برائے تاکید نفی، ہرگز، مُعۡجِزِيۡنَ، اِعۡجَازٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، عاجز کرنے والے (ہرگز عاجز کرنے والے)

اَوۡ يَاۡخُذَهُمۡ عَلٰى تَخَوُّفٍ ؕ	یا وہ انہیں خوفزدہ ہونے پر پکڑلے۔

اَوۡ، حرف عطف (یا) يَاۡخُذَهُمۡ (يَاۡخُذَ، هُمۡ) يَاۡخُذَ، فعل مضارع واحد مذکر غائب اَخَذَ يَاۡخُذُ، مصدر اَخۡذًا، پکڑنا، وہ پکڑلے، هُمۡ، ضمیر جمع مذکر غائب، انہیں (وہ انہیں پکڑلے)

عَلٰى تَخَوُّفٍ (عَلٰى، تَخَوُّفٍ) عَلٰى، حرف جار، پر، تَخَوُّفٍ، مجرور، مصدر ہے، خوف کا ظاہر ہونا، خوفزدہ ہونا، ڈرنا، خوف دلانا (خوفزدہ ہونے پر)

فَاِنَّ رَبَّكُمۡ لَرَءُوۡفٌ رَّحِيۡمٌ ﴿۴۷﴾	پس بے شک تمہارا رب یقیناً بہت شفقت کرنے والا، بہت رحم کرنے والا ہے۔

فَاِنَّ (فَ، اِنَّ) فَ، حرف عطف، پس، اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک (پس بے شک)

رَبَّكُمۡ (رَبَّ، كُمۡ) رَبَّ، مضاف، رب، پروردگار، كُمۡ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارا (تمہارا رب)

لَرَءُوۡفٌ (لَ، رَءُوۡفٌ) لَ، لام تاکید، یقیناً، رَءُوۡفٌ، اللہ کا صفاتی نام، رَاۡفَةٌ، سے صفت مشبہ، بہت شفقت کرنے والا، رَّحِيۡمٌ، اللہ کا صفاتی نام، رَحۡمَةٌ، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ (بہت رحم کرنے والا)

اَوَ لَمۡ يَرَوۡا اِلٰى مَا خَلَقَ اللّٰهُ مِنۡ شَىۡءٍ يَّتَفَيَّؤُا ظِلٰلُهٗ عَنِ الۡيَمِيۡنِ وَالشَّمَآئِلِ سُجَّدًا لِّلّٰهِ وَهُمۡ دٰخِرُوۡنَ ۝	اور کیا اُنہوں نے اس کی طرف نہیں دیکھا کہ جو کوئی چیز اللہ نے پیدا کی ہے اس کے سائے دائیں طرف اور بائیں (طرف) اللہ کو سجدہ کرتے ہوئے ڈھلتے ہیں اس حال میں کہ وہ عاجزی کرنے والے ہیں۔

اَوَ لَمۡ يَرَوۡا (اَ، وَ، لَمۡ يَرَوۡا) اَ، ہمزہ استفہامیہ، کیا، وَ، حرف عطف، اور، لَمۡ يَرَوۡا، فعل مضارع منفی جحد بلم جمع مذکر غائب رَاٰى يَرٰى، مصدر رُؤۡيَةٌ، دیکھنا، اُنہوں نے نہیں دیکھا (اور کیا اُنہوں نے نہیں دیکھا)

اِلٰى مَا، اِلٰى، حرف جار، کی طرف، مَا، مجرور، اسم موصول، جو (اس کی طرف جو)

خَلَقَ اللّٰهُ، خَلَقَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب خَلَقَ يَخۡلُقُ، مصد خَلۡقًا، پیدا کرنا، پیدا کی، اَللّٰهُ، اللہ (اللہ نے پیدا کی) مِنۡ شَىۡءٍ، مِنۡ، زائدہ برائے عموم، شَىۡءٍ، اسم نکرہ (کوئی چیز)

يَّتَفَيَّؤُا، فعل مضارع واحد مذکر غائب تَفَيَّءَ يَتَفَيَّؤُا، مصدر تَفَيُّءٌ، جھکنا، ڈھلنا (وہ ڈھلتا ہے)

ظِلٰلُهٗ (ظِلٰلُ، هٗ) ظِلٰلُ، مضاف، سایہ، هٗ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس کا (اس کا سایہ)

عَنِ الۡيَمِيۡنِ، عَنۡ، حرف جار بمعنی، جانب، طرف، اَلۡيَمِيۡنِ، مجرور، دائیں (دائیں طرف)

وَ، حرف عطف (اور) الشَّمَآئِلِ (بائیں) سُجَّدًا، سُجُوۡدٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (سجدہ کرنے والے، سجدہ کرتے ہوئے) واحد، سَاجِدًا، لِلّٰهِ (لِ، اَللّٰهِ) لِ، حرف جار، کو، اَللّٰهِ، مجرور، اللہ (اللہ کو)

وَهُمۡ، وَ، حالیہ، اس حال میں کہ، هُمۡ، ضمیر جمع مذکر غائب، وہ (اس حال میں کہ وہ)

دٰخِرُوۡنَ، دَخَرًا، سے اسم فاعل جمع مذکر، ذلیل ہونے والے، عاجزی کرنے والے، واحد، دَاخِرٌ (عاجز)

وَلِلّٰهِ يَسۡجُدُ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى الۡاَرۡضِ مِنۡ دَآبَّةٍ وَّالۡمَلٰٓئِكَةُ وَهُمۡ لَا يَسۡتَكۡبِرُوۡنَ ۝	اور جو (کچھ) آسمانوں میں اور جو زمین میں ہے کوئی بھی چلنے والا (جاندار) اور فرشتے اللہ ہی کو سجدہ کرتے ہیں اور وہ تکبر نہیں کرتے ہیں۔

وَلِلّٰهِ (وَ، لِ، اَللّٰهِ) وَ، حرف عطف، اور، لِ، حرف جار، کو، اَللّٰهِ، مجرور، اللہ (اور اللہ کو)

يَسْجُدُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب سَجَدَ يَسْجُدُ، مصدر سُجُوْدًا، سجدہ کرنا (وہ سجدہ کرتا ہے)

مَا، اسم موصول (جو) فِي السَّمٰوٰتِ (فِيْ، اَلسَّمٰوٰتِ) فِيْ، حرف جار، میں، اَلسَّمٰوٰتِ، مجرور، آسمانوں، واحد اَلسَّمَآءِ (آسمانوں میں) وَ مَا، وَ، حرف عطف، اور، مَا، اسم موصول، جو (اور جو)

فِي الْاَرْضِ (فِيْ، اَلْاَرْضِ) فِيْ، حرف جار، میں، اَلْاَرْضِ، مجرور، زمین (زمین میں)

مِنْ دَآبَّةٍ، مِنْ، زائدہ برائے عموم، دَآبَّةٍ، دَأْبٌ، مصدر سے اسم فاعل مذکر اور مؤنث دونوں کیلئے مستعمل ہے (کوئی بھی چلنے والا) وَّ، حرف عطف (اور) اَلْمَلٰٓئِكَةُ (فرشتے) واحد، مَلَكٌ،

وَ هُمْ، وَ، حرف عطف، اور، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، وہ (اور وہ) لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ، فعل مضارع منفی جمع مذکر غائب اِسْتَكْبَرَ يَسْتَكْبِرُ، مصدر اِسْتِكْبَارٌ، تکبر کرنا (وہ تکبر نہیں کرتے ہیں)

يَخَافُوْنَ رَبَّهُمْ مِّنْ فَوْقِهِمْ وَ يَفْعَلُوْنَ مَا يُؤْمَرُوْنَ ۝	وہ اپنے رب سے (جو) ان کے اوپر ہے، ڈرتے ہیں اور جو حکم انہیں دیا جاتا ہے وہ کرتے ہیں۔

يَخَافُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب خَافَ يَخَافُ، مصدر خَوْفًا، ڈرنا، خوف کھانا (وہ ڈرتے ہیں)

رَبَّهُمْ (رَبَّ، هُمْ) رَبَّ، مضاف، رب، پروردگار، هُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اپنے (اپنے رب سے) مِّنْ فَوْقِهِمْ (مِنْ، فَوْقِ، هِمْ) مِنْ، حرف جار، ترجمہ کی ضرورت نہیں، فَوْقِ، مجرور، مضاف، اوپر، هِمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان کے (ان کے اوپر) وَ، حرف عطف (اور)

يَفْعَلُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب فَعَلَ يَفْعَلُ، مصدر فِعْلًا، کرنا (وہ کرتے ہیں)

مَا، اسم موصول (جو) يُؤْمَرُوْنَ، فعل مضارع مجہول جمع مذکر غائب اَمَرَ يَأْمُرُ، مصدر اَمْرًا، حکم دینا (انہیں حکم دیا جاتا ہے)

وَ قَالَ اللّٰهُ لَا تَتَّخِذُوْٓا اِلٰهَيْنِ اثْنَيْنِ ۚ	اور اللہ نے کہا تم دو معبود مت بناؤ۔

وَ قَالَ اللّٰهُ (وَ، قَالَ، اَللّٰهُ) وَ، حرف عطف، اور، قَالَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب قَالَ يَقُوْلُ، مصدر

قَوْلًا، کہنا، کہا، اَللّٰهُ، اللہ (اور اللہ نے کہا)

لَا تَتَّخِذُوْٓا، فعل نہی جمع مذکر حاضر اِتَّخَذَ یَتَّخِذُ، مصدر اِتِّخَاذٌ، بنانا (تم مت بناؤ)

اِلٰهَیْنِ اثْنَیْنِ، اِلٰهَیْنِ، موصوف، اِلٰهٌ، کا تثنیہ، معبود، اِثْنَیْنِ، اِلٰهَیْنِ، کی صفت، دو (دو معبود)

اِنَّمَا هُوَ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ	بے شک وہ صرف اکیلا معبود ہے۔

اِنَّمَا، کلمہ حصر، اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، مَا، کافہ کا مرکب ہے (بے شک، در حقیقت، سوائے اس کے نہیں) هُوَ، ضمیر واحد مذکر غائب، وہ، اِلٰهٌ، موصوف، معبود، وَّاحِدٌ، صفت، ایک اکیلا (اکیلا معبود)

فَاِیَّایَ فَارْهَبُوْنِ ﴿۵۱﴾	سو مجھ ہی سے پس تم ڈرو

فَاِیَّایَ (فَ۔اِیَّایَ) فَ، حرف عطف، سو، اِیَّایَ، واحد متکلم کی ضمیر منفصل، منصوب ہے، مجھ ہی سے (سو مجھ ہی سے) فَارْهَبُوْنِ (فَ، اِرْهَبُوْا، نِ، یْ) فَ، حرف عطف، پس،

اِرْهَبُوْا، فعل امر جمع مذکر حاضر رَهَبَ یَرْهَبُ، مصدر رَهَبًا وَ رَهْبَةً، ڈرنا، تم ڈرو، نِ، نون وقایہ، یْ، محذوف، ہے، ضمیر واحد متکلم، مجھ سے (پس تم مجھ سے ڈرو)

وَلَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَ لَهُ الدِّیْنُ وَاصِبًا ؕ	اور اسی کا ہے جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے اور عبادت ہمیشہ اسی کی ہے۔

وَ، حرف عطف (اور) لَهٗ (لَ، هٗ) لَ، حرف جار، کا، هٗ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس، اسی (اسی کا)

مَا، اسم موصول (جو) فِی السَّمٰوٰتِ (فِیْ، اَلسَّمٰوٰتِ) فِیْ، حرف جار، میں، اَلسَّمٰوٰتِ، مجرور، آسمانوں، واحد، اَلسَّمَآءِ (آسمانوں میں) وَ الْاَرْضِ (وَ، اَلْاَرْضِ) وَ، حرف عطف، اور، اَلْاَرْضِ، زمین (اور زمین)

وَ، حرف عطف (اور) لَهُ (لَ، هُ) لَ، حرف جار، کا، هٗ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس، اسی (اسی کا)

الدِّیْنُ، مصدر، اطاعت، شریعت، عبادت، بدلہ دینا، اطاعت کرنا، حکم ماننا، جمع، اَدْیَانٌ،

وَاصِبًا، وُصُوْبٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر، وُصُوْبٌ، کے معنی زائل نہ ہونا (ہمیشہ)

اَفَغَيْرَ اللّٰهِ تَتَّقُوْنَ ﴿۵۲﴾	تو کیا تم اللہ کے علاوہ (اوروں) سے ڈرتے ہو؟

اَفَغَيْرَ اللّٰهِ (اَ، فَ، غَيْرَ، اَللّٰهِ) اَ، ہمزہ استفہامیہ، کیا، فَ، حرف عطف، تو، غَيْرَ، مضاف، سوا، علاوہ، غیر، اَللّٰهِ، مضاف الیہ، اللہ کے (تو کیا اللہ کے علاوہ (اوروں) سے)

تَتَّقُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر حاضر اِتَّقٰى يَتَّقِيْ، مصدر اِتِّقَآءٌ، ڈرنا (تم ڈرتے ہو)

وَمَا بِكُمْ مِّنْ نِّعْمَةٍ فَمِنَ اللّٰهِ ثُمَّ اِذَا مَسَّكُمُ الضُّرُّ فَاِلَيْهِ تَجْـَٔرُوْنَ ﴿۵۳﴾	اور تمہارے پاس جو کوئی نعمت ہے تو اللہ کی طرف سے ہے پھر جب تمہیں کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو اسی کی طرف تم آہ وزاری کرتے ہو۔

وَ مَا، وَ، حرف عطف، اور، مَا، اسم موصول، جو (اور جو) بِكُمْ (بِ، كُمْ) بِ، حرف جار، ساتھ، پاس، كُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (تمہارے پاس)) مِّنْ نِّعْمَةٍ (مِّنْ، نِعْمَةٍ) مِنْ، حرف جار، ترجمہ کی ضرورت نہیں، نِعْمَةٍ، مجرور (کوئی نعمت) فَمِنَ اللّٰهِ (فَ، مِنْ، اَللّٰهِ) فَ، حرف عطف، تو، مِنْ، حرف جار بمعنی اِلٰى، کی طرف سے، اَللّٰهِ، مجرور، اللہ (تو اللہ کی طرف سے ہے) ثُمَّ، حرف عطف (پھر) اِذَا، ظرف زمان، مستقبل پر دلالت کرتا ہے بمعنی شرط (جب)

مَسَّكُمُ (مَسَّ، كُمْ) مَسَّ، فعل ماضی واحد مذکر غائب مَسَّ يَمُسُّ، مصدر مَسٌّ، چھونا، پہنچنا، اِذَا، کی وجہ سے ترجمہ، پہنچتی ہے، كُمْ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہیں (پہنچتی ہے تمہیں) الضُّرُّ (کوئی تکلیف، دکھ) فَاِلَيْهِ (فَ، اِلَيْهِ) فَ، حرف عطف، تو، اِلٰى، حرف جار، کی طرف، هِ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس (تو اسی کی طرف) تَجْـَٔرُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر حاضر جَاَرَ يَجْـَٔرُ، مصدر جُؤَارٌ، گڑگڑانا آہ وزاری کرنا (تم آہ وزاری کرتے ہو)

ثُمَّ اِذَا كَشَفَ الضُّرَّ عَنْكُمْ اِذَا فَرِيْقٌ مِّنْكُمْ بِرَبِّهِمْ يُشْرِكُوْنَ ﴿۵۴﴾	پھر جب وہ تم سے تکلیف کو دور کر دیتا ہے تو اچانک تم میں سے ایک گروہ اپنے رب کے ساتھ شریک بنانے لگتے ہیں۔

ثُمَّ، حرف عطف (پھر) اِذَا، اسم ظرف زمان مستقبل بمعنی شرط (جب)

كَشَفَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب كَشَفَ يَكْشِفُ، مصدر كَشْفًا، ہٹانا، دور کرنا،اِذَا، کی وجہ سے ترجمہ (وہ دور کرتا ہے) اَلضُّرَّ (تکلیف) عَنْكُمْ (عَنْ، كُمْ)عَنْ، حرف جار، سے، كُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر، تم (تم سے) اِذَا،اسم ظرف مفاجاتیہ (اچانک، ناگہان) فَرِيْقٌ (ایک گروہ،ایک جماعت، کچھ لوگ) مِّنْكُمْ (مِنْ، كُمْ) مِنْ، حرف جار، سے، كُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر، تم (تم میں سے)

بِرَبِّهِمْ (بِرَبِّ،هِمْ) بِ، حرف جار، کے ساتھ ،رَبِّ، مجرور، مضاف، رب، پروردگار، هِمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب،اپنے (اپنے رب کے ساتھ)

يُشْرِكُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب اَشْرَكَ يُشْرِكُ، مصدر اِشْرَاكٌ، شریک کرنا، شریک بنانا (وہ شریک بنانے لگتے ہیں)

لِيَكْفُرُوْا بِمَآ اٰتَيْنٰهُمْ ؕ	تاکہ وہ اس کی ناشکری کریں جو ہم نے انہیں دیا۔

لِيَكْفُرُوْا (لِ،يَكْفُرُوْا) لِ،لام تعلیل ناصبہ، تاکہ ،يَكْفُرُوْا، فعل مضارع جمع مذکر غائب كَفَرَ يَكْفُرُ، مصدر كُفْرًا، کفر کرنا،انکار کرنا، ناشکری کرنا، وہ ناشکری کریں (تاکہ وہ ناشکری کریں)

بِمَآ (بِ،مَا) بِ، حرف جار، کی، مَا، مجرور،اسم موصول، جو (اس کی جو)

اٰتَيْنٰهُمْ (اٰتَيْنَا،هُمْ) اٰتَيْنَا، فعل ماضی جمع متکلم اٰتٰی يُؤْتِيْ، مصدر اِيْتَآءٌ، دینا، ہم نے دیا، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، انہیں (ہم نے انہیں دیا)

فَتَمَتَّعُوْا ۗ فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ﴿۵۵﴾	سو تم فائدہ اٹھالو پس عنقریب تم جان لوگے۔

فَتَمَتَّعُوْا (فَ،تَمَتَّعُوْا) فَ، حرف عطف، سو،تَمَتَّعُوْا، فعل امر جمع مذکر حاضر تَمَتَّعَ يَتَمَتَّعُ، مصدر تَمَتُّعًا، فائدہ اٹھانا (تم فائدہ اٹھالو)

فَسَوْفَ (فَ،سَوْفَ) فَ، حرف عطف، پس،سَوْفَ، عنقریب (پس عنقریب)

تَعْلَمُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر حاضر عَلِمَ يَعْلَمُ، مصدر عِلْمًا، جاننا (تم جان لوگے)

وَيَجْعَلُوْنَ لِمَا لَا يَعْلَمُوْنَ نَصِيْبًا	اور وہ ان (معبودوں) کیلئے جن کو وہ نہیں جانتے ایک حصہ

مِّمَّا رَزَقْنٰهُمْ ؕ	اس میں سے مقرر کرتے ہیں جو ہم نے انہیں رزق دیا ہے

وَ، حرف عطف (اور) يَجْعَلُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب جَعَلَ يَجْعَلُ، مصدر جَعْلًا، بنانا، مقرر کرنا (وہ مقرر کرتے ہیں) لِمَا (لِ، مَا) لِ، حرف جار، کیلئے، مَا، مجرور، اسم موصول، جن (ان کیلئے جن کو)
لَا يَعْلَمُوْنَ، فعل مضارع منفی جمع مذکر غائب عَلِمَ يَعْلَمُ، مصدر عِلْمًا، جاننا (وہ نہیں جانتے)
نَصِيْبًا (ایک حصہ) مِّمَّا (مِنْ، مَا) مِنْ، حرف جار، سے، مَا، مجرور، اسم موصول جو (اس میں سے جو)
رَزَقْنٰهُمْ (رَزَقْنَا، هُمْ) رَزَقْنَا، فعل ماضی جمع متکلم رَزَقَ يَرْزُقُ، مصدر رِزْقٌ، رزق دینا، ہم نے رزق دیا، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، انہیں (ہم نے انہیں رزق دیا)

تَاللّٰهِ لَتُسْـَٔلُنَّ عَمَّا كُنْتُمْ تَفْتَرُوْنَ ۝٥٦	اللہ کی قسم ! ضرور بالضرور تم اس کے بارے میں پوچھے جاؤ گے جو تم جھوٹ باندھتے تھے۔

تَاللّٰهِ (تَ، اَللّٰهِ) تَ، قسم کیلئے، حرف جار، قسم، اَللّٰهِ، مجرور، مقسم بہ، اللہ (اللہ کی قسم)
لَتُسْـَٔلُنَّ (لَ، تُسْـَٔلُنَّ) لَ، لام تاکید، ضرور، تُسْـَٔلُنَّ، فعل مضارع مجہول بانون تاکید ثقیلہ جمع مذکر حاضر سَاَلَ يَسْـَٔلُ، مصدر سُؤَالًا، سوال کرنا، پوچھنا، ضرور تم پوچھے جاؤ گے (ضرور بالضرور تم پوچھے جاؤ گے)
عَمَّا (عَنْ، مَا) عَنْ، حرف جار، بارے میں، مَا، مجرور، اسم موصول، جو (اس کے بارے میں جو)
كُنْتُمْ، فعل ماضی جمع مذکر حاضر كَانَ يَكُوْنُ، مصدر كَوْنًا، ہونا (تم تھے)
تَفْتَرُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر حاضر اِفْتَرٰى يَفْتَرِيْ، مصدر اِفْتِرَآءٌ، جھوٹ باندھنا، جھوٹ گھڑنا (تم جھوٹ باندھتے)

وَ يَجْعَلُوْنَ لِلّٰهِ الْبَنٰتِ سُبْحٰنَهٗ ۙ وَ لَهُمْ مَّا يَشْتَهُوْنَ ۝٥٧	اور وہ اللہ کیلئے بیٹیاں ٹھہراتے ہیں۔ وہ پاک ہے اور اپنے لیے وہ جو وہ چاہتے ہیں (یعنی بیٹے)

وَ، حرف عطف (اور) يَجْعَلُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب جَعَلَ يَجْعَلُ، مصدر جَعْلًا، بنانا، قرار دینا، ٹھہرانا (وہ ٹھہراتے ہیں) لِلّٰهِ (لِ، اَللّٰهِ) لِ، حرف جار، کیلئے، اَللّٰهِ، مجرور، اللہ (اللہ کیلئے)

الْبَنٰتِ (بیٹیاں) واحد، بِنْتٌ، سُبْحٰنَهٗ (سُبْحٰنَ، هٗ) سُبْحَانَ، مصدر بمعنی تسبیح، مضاف، پاک ہے، هٗ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، وہ (وہ پاک ہے) وَ، حرف عطف (اور)

لَهُمْ (لَ، هُمْ) لَ، حرف جار، لیے، هُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، اپنے (اپنے لیے)

مَّا، اسم موصول (وہ جو) يَشْتَهُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب اِشْتَهٰى يَشْتَهِىْ، مصدر اِشْتِهَآءٌ، چاہنا (وہ چاہتے ہیں)

وَاِذَا بُشِّرَ اَحَدُهُمْ بِالْاُنْثٰى ظَلَّ وَجْهُهٗ مُسْوَدًّا وَّهُوَ كَظِيْمٌ ۝٥٨	اور جب ان میں سے کسی ایک کو بیٹی کی خوشخبری دی جاتی ہے تو اس کا چہرہ سیاہ ہو جاتا ہے اور وہ غم سے بھرا ہوتا ہے۔

وَاِذَا، وَ، حرف عطف، اور، اِذَا، اسم ظرف زمان مستقبل بمعنی شرط، جب (اور جب)

بُشِّرَ، فعل ماضی مجہول واحد مذکر غائب بَشَّرَ يُبَشِّرُ، مصدر تَبْشِيْرًا، خوشخبری دینا، اِذَا کی وجہ سے ترجمہ (خوشخبری دی جاتی ہے) اَحَدُهُمْ (اَحَدُ، هُمْ) اَحَدُ، مضاف، کسی ایک، هُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان میں سے (ان میں سے کسی ایک کو)

بِالْاُنْثٰى (بِ، الْاُنْثٰى) بِ، حرف جار، کی، اُلْاُنْثٰى، مجرور، لڑکی، بیٹی (بیٹی کی)

ظَلَّ، فعل ماضی واحد مذکر غائب ظَلَّ يَظِلُّ، مصدر ظَلًّا وَّظُلُوْلًا، ہونا، ہو جانا، اِذَا، کی وجہ سے ترجمہ (وہ ہو جاتا ہے) وَجْهُهٗ (وَجْهُ، هٗ) وَجْهُ، مضاف، چہرہ، هٗ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس کا (اس کا چہرہ)

مُسْوَدًّا، اِسْوِدَادًا، مصدر سے اسم مفعول واحد مذکر (سیاہ) وَّ، حرف عطف اور

هُوَ، ضمیر واحد مذکر غائب (وہ) كَظِيْمٌ، كَظْمٌ، مصدر سے صفت مشبہ، سخت غمگیں جو غم کو گھونٹ کر رکھے ظاہر نہ کرے (غم سے بھرا ہوا)

يَتَوَارٰى مِنَ الْقَوْمِ مِنْ سُوْٓءِ مَا بُشِّرَ بِهٖ ؕ	وہ لوگوں سے چھپتا پھرتا ہے اس خوشخبری کی برائی کی وجہ سے جو اس کو دی گئی۔

يَتَوَارٰى، فعل مضارع واحد مذکر غائب تَوَارٰى يَتَوَارٰى، مصدر تَوَارِىٌ، اپنے آپ کو چھپانا، چھپتے

پھرنا (وہ چھپتا پھرتا ہے) مِنَ الْقَوْمِ (مِنْ، اَلْقَوْمِ) مِنْ، حرف جار، سے، اَلْقَوْمِ، مجرور، لوگوں (لوگوں سے) مِنْ سُوْٓءِ، مِنْ، حرف جار، برائے سبب و علت، وجہ سے، سُوْٓءِ، مجرور، برائی (برائی کی وجہ سے) مَا، اسم موصول (جو) بُشِّرَ، فعل ماضی مجہول واحد مذکر غائب بَشَّرَ يُبَشِّرُ، مصدر تَبْشِيْرًا، خوشخبری دینا (خوشخبری دی گئی) بِهٖ (بِ، ہٖ) بِ، حرف جار، کو، ہٖ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس (اس کو)

اَيُمْسِكُهٗ عَلٰى هُوْنٍ اَمْ يَدُسُّهٗ فِي التُّرَابِ ؕ	کیا وہ اسے ذلت پر روک رکھے یا وہ اسے مٹی میں دفن کر دے۔

اَيُمْسِكُهٗ (اَ، يُمْسِكُ، هٗ) اَ، ہمزہ استفہامیہ، کیا، يُمْسِكُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب اَمْسَكَ يُمْسِكُ، مصدر اِمْسَاكٌ، روکنا، تھامنا، سنبھالنا، وہ روک رکھے، هٗ، ضمیر واحد مذکر غائب، اسے (کیا وہ اسے روک رکھے) عَلٰى هُوْنٍ، عَلٰى، حرف جار، پر، هُوْنٍ، مجرور، اسم، ذلت (ذلت پر) اَمْ، حرف عطف (یا)
يَدُسُّهٗ (يَدُسُّ، هٗ) يَدُسُّ، فعل مضارع واحد مذکر غائب دَسَّ يَدُسُّ، مصدر دَسٌّ، دفن کرنا، گاڑنا، وہ دفن کر دے، هٗ، ضمیر واحد مذکر، اسے (وہ اسے دفن کر دے)
فِي التُّرَابِ (فِيْ، اَلتُّرَابِ) فِيْ، حرف جار، میں، اَلتُّرَابِ، مجرور، مٹی (مٹی میں)

اَلَا سَآءَ مَا يَحْكُمُوْنَ ۝۵۹	سن لو! برا ہے جو وہ فیصلہ کرتے ہیں۔

اَلَا، کلمہ تنبیہ خبردار، آگاہ رہو (سن لو)
سَآءَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب سَآءَ يَسُوْٓءُ، مصدر سَوْٓءٌ، برا ہونا (برا ہے) مَا، اسم موصول (جو) يَحْكُمُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب حَكَمَ يَحْكُمُ، مصدر حُكْمًا، حکم دینا، فیصلہ کرنا (وہ فیصلہ کرتے ہیں)

لِلَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ مَثَلُ السَّوْءِ ۚ	ان لوگوں کی جو آخرت پر ایمان نہیں رکھتے بری مثال ہے

لِلَّذِيْنَ (لِ، اَلَّذِيْنَ) لِ، حرف جار، کی، اَلَّذِيْنَ، مجرور، اسم موصول جمع مذکر، وہ لوگ جو (ان لوگوں کی

جو) لَا يُؤْمِنُوْنَ، فعل مضارع منفی جمع مذکر غائب اٰمَنَ يُؤْمِنُ، مصدر اِيْمَانًا، ایمان لانا، ایمان رکھنا (وہ ایمان نہیں رکھتے) بِالْاٰخِرَةِ (بِ، اَلْاٰخِرَةِ) بِ، حرف جار، پر، اَلْاٰخِرَةِ، مجرور، آخرت (آخرت پر)

مَثَلُ السَّوْءِ (مَثَلُ، اَلسَّوْءِ) مَثَلُ، مضاف، مثال، اَلسَّوْءِ، مضاف الیہ، مصدر، برا ہونا، بری (بری مثال)

وَ لِلّٰهِ الْمَثَلُ الْاَعْلٰى ؕ	اور سب سے اعلیٰ مثال اللہ کی ہے

وَ، حرف عطف (اور) لِلّٰهِ (لِ، اَللّٰهِ) لِ، حرف جار، کی، اَللّٰهِ، مجرور، اللہ (اللہ کی)

الْمَثَلُ الْاَعْلٰى (اَلْمَثَلُ، اَلْاَعْلٰى) اَلْمَثَلُ، موصوف، مثال، اَلْاَعْلٰى، صفت، عُلُوٌّ، سے افعل التفضیل کا صیغہ، سب سے اعلیٰ (سب سے اعلیٰ مثال)

وَ هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۟ؑ	اور وہ بہت غالب، بڑی حکمت والا ہے۔

ع ١٠ ۱۳

وَ، حرف عطف (اور) هُوَ، ضمیر واحد مذکر غائب (وہ)

الْعَزِيْزُ، اللہ کا صفاتی نام عِزَّةٌ، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ (بہت غالب)

الْحَكِيْمُ، اللہ کا صفاتی نام، حِكْمَةٌ، مصدر سے صفت مشبہ (بڑی حکمت والا)

وَ لَوْ يُؤَاخِذُ اللّٰهُ النَّاسَ بِظُلْمِهِمْ مَّا تَرَكَ عَلَيْهَا مِنْ دَآبَّةٍ وَّ لٰكِنْ يُّؤَخِّرُهُمْ اِلٰۤى اَجَلٍ مُّسَمًّى ۚ	اور اگر اللہ لوگوں کو ان کے ظلم کی وجہ سے پکڑتا (تو) اس (زمین) پر کوئی چلنے والا (جاندار) نہ چھوڑتا اور لیکن وہ انہیں ایک مقرر وقت تک مہلت دیتا ہے۔

وَ، حرف عطف (اور) لَوْ، شرطیہ (اگر)

يُؤَاخِذُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب اٰخَذَ يُؤَاخِذُ، مصدر مُؤَاخَذَةٌ، پکڑنا (وہ پکڑتا) اللّٰهُ (اللہ)

النَّاسَ (لوگوں کو) بِظُلْمِهِمْ (بِ، ظُلْمِ۔ هِمْ) بِ، حرف جار سببیہ، وجہ سے، ظُلْمِ، مجرور، مضاف، ظلم، هِمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان کے (ان کے ظلم کی وجہ سے) مَّا، نافیہ (نہ)

تَرَكَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب تَرَكَ يَتْرُكُ، مصدر تَرْكًا، چھوڑنا، لَوْ، شرطیہ کی وجہ سے (وہ چھوڑتا)

عَلَيْهَا (عَلٰى، هَا) عَلٰى، حرف جار، پر، هَا، مجرور، ضمیر واحد مؤنث غائب، اس ضمیر کا مرجع، الْاَرْضِ، ہے

(اس (زمین) پر) مِنْ دَآبَّةٍ، مِنْ، حرف جار زائدہ، برائے عموم، دَآبَّةٍ، مجرور (کوئی چلنے والا)
وَّ، حرف عطف (اور) لٰكِنْ (لیکن) يُّؤَخِّرُهُمْ، يُؤَخِّرُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب اَخَّرَ يُؤَخِّرُ، مصدر
تَأْخِيْرٌ، دیر کرنا، ڈھیل دینا، مہلت دینا، وہ مہلت دیتا ہے، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، انہیں (وہ انہیں
مہلت دیتا ہے) اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى (اِلٰى۔ اَجَلٍ۔ مُّسَمًّى) اِلٰى، حرف جار، تک، اَجَلٍ، مجرور موصوف،
ایک وقت، ایک مدت (ایک وقت تک) مُّسَمًّى، صفت تَسْمِيَةٌ، مصدر سے اسم مفعول واحد
مذکر مقرر (ایک مقرر وقت تک)

فَاِذَا جَآءَ اَجَلُهُمْ لَا يَسْتَاْخِرُوْنَ سَاعَةً وَّلَا يَسْتَقْدِمُوْنَ ۝۶۱	پھر جب ان کا وقت آجاتا ہے (تو) وہ ایک گھڑی نہ پیچھے رہ سکتے ہیں اور نہ آگے بڑھ سکتے ہیں۔

فَاِذَا (فَ، اِذَا) فَ، حرف عطف، پھر، اِذَا، اسم ظرف زمان، متضمن بمعنی شرط، جب (پھر جب)
ماضی سے پہلے ہو تو فعل مضارع اور کبھی فعل ماضی کے معنی دیتا ہے۔
جَآءَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب جَآءَ يَجِيْٓءُ، مصدر مَجِيْٓءٌ، آنا، اِذَا کی وجہ سے ترجمہ (وہ آجاتا ہے)
اَجَلُهُمْ (اَجَلُ، هُمْ) اَجَلُ، مضاف، وقت، مدت، هُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان کا،
(ان کا وقت) لَا يَسْتَاْخِرُوْنَ، فعل مضارع منفی جمع مذکر غائب اِسْتَاْخَرَ يَسْتَاْخِرُ، مصدر
اِسْتِيْخَارٌ، پیچھے رہ جانا (وہ نہ پیچھے رہ سکتے ہیں) سَاعَةً (ایک گھڑی) وَّ، حرف عطف (اور)
لَا يَسْتَقْدِمُوْنَ، فعل مضارع منفی جمع مذکر غائب اِسْتَقْدَمَ يَسْتَقْدِمُ، مصدر اِسْتِقْدَامٌ، آگے بڑھ
جانا (وہ نہ آگے بڑھ سکتے ہیں)

وَيَجْعَلُوْنَ لِلّٰهِ مَا يَكْرَهُوْنَ وَتَصِفُ اَلْسِنَتُهُمُ الْكَذِبَ اَنَّ لَهُمُ الْحُسْنٰى ؕ	اور وہ اللہ کے لیے ٹھہراتے ہیں جسے وہ ناپسند کرتے ہیں اور ان کی زبانیں جھوٹ بیان کرتی ہیں کہ بے شک ان کیلئے بھلائی ہے۔

وَ، حرف عطف (اور) يَجْعَلُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب جَعَلَ يَجْعَلُ، مصدر جَعْلًا، بنانا، مقرر

کرنا، ٹھہرانا (وہ ٹھہراتے ہیں) لِلّٰهِ (لِ، اَللّٰهِ) لِ، حرف جار، کیلئے، اَللّٰهِ، مجرور، اللہ (اللہ کیلئے)

مَا، اسم موصول (جو، جسے)

يَكۡرَهُوۡنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب كَرِهَ يَكۡرَهُ، مصدر كَرۡهًا، ناپسند کرنا (وہ ناپسند کرتے ہیں)

وَ، حرف عطف (اور) تَصِفُ، فعل مضارع واحد مؤنث غائب وَصَفَ يَصِفُ، مصدر وَصۡفًا، بیان کرنا (بیان کرتی ہے) اَلۡسِنَتُهُمُ (اَلۡسِنَةُ، هُمۡ) اَلۡسِنَةُ، مضاف، زبانیں، واحد لِسَانٌ، هُمۡ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان کی (ان کی زبانیں) الۡكَذِبَ (جھوٹ) اَنَّ، حرف مشبہ بالفعل (کہ بے شک)

لَهُمُ (لَ، هُمۡ) لَ، حرف جار، کیلئے، هُمۡ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، ان (ان کیلئے)

الۡحُسۡنٰى، حُسۡنٌ، مصدر سے افعل التفضیل کا صیغہ (بہت بھلائی)

لَا جَرَمَ اَنَّ لَهُمُ النَّارَ وَ اَنَّهُمۡ مُّفۡرَطُوۡنَ ﴿۶۲﴾	کوئی شک نہیں کہ بلاشبہ ان کیلئے آگ ہے اور بے شک وہ (آگ میں) سب سے آگے بھیجے جانے والے ہیں۔

لَا جَرَمَ، بے شک، یقیناً، حقاً، کا ہم معنی ہے، اصل میں اس کا معنی لامحالہ تھا، توسیع استعمال کے بعد قسم یا حق (فعل ماضی) کے معنی میں مستعمل ہونے لگا (کوئی شک نہیں) اَنَّ، حرف مشبہ بالفعل (بے شک، بلاشبہ) لَهُمُ (لَ، هُمۡ) لَ، حرف جار، کیلئے، هُمۡ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، ان (ان کیلئے)

النَّارَ (آگ) وَ، حرف عطف (اور) اَنَّهُمۡ (اَنَّ، هُمۡ) اَنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، هُمۡ، ضمیر جمع مذکر غائب، وہ (بے شک وہ) مُّفۡرَطُوۡنَ، اِفۡرَاطٌ، مصدر سے اسم مفعول جمع مذکر (سب سے پہلے بھیجے جانے والے، سب سے آگے بھیجے جانے والے)

تَاللّٰهِ لَقَدۡ اَرۡسَلۡنَاۤ اِلٰۤى اُمَمٍ مِّنۡ قَبۡلِكَ فَزَيَّنَ لَهُمُ الشَّيۡطٰنُ اَعۡمَالَهُمۡ فَهُوَ وَلِيُّهُمُ الۡيَوۡمَ وَ لَهُمۡ عَذَابٌ اَلِيۡمٌ ﴿۶۳﴾	اللہ کی قسم بلاشبہ یقیناً ہم نے آپ سے پہلے امتوں کی طرف رسول بھیجے تو شیطان نے ان کے لیے ان کے اعمال خوش نما بنادیئے سو وہ آج ان کا دوست ہے اور ان کیلئے دردناک عذاب ہے۔

تَاللّٰهِ(تَ،اَللّٰهِ) تَ، حرف جار، قسمیہ قسم،اَللّٰهِ، مجرور، مقسم بہ،اللہ (اللہ کی قسم)

لَقَدۡ(لَ،قَدۡ)لَ،لام تاکید، بلاشبہ،قَدۡ، کلمہ تحقیق، یقیناً (بلاشبہ یقیناً)

اَرۡسَلۡنَاۤ، فعل ماضی جمع متکلم اَرۡسَلَ یُرۡسِلُ، مصدر اِرۡسَالًا، بھیجنا (ہم نے (رسول) بھیجے)

اِلٰۤى اُمَمٍ، اِلٰى، حرف جار، کی طرف،اُمَمٍ، مجرور،امتوں،واحد،اُمَّةٌ (امتوں کی طرف)

مِّنۡ قَبۡلِكَ(مِنۡ،قَبۡلِ،كَ) مِنۡ، حرف جار، سے،قَبۡلِ، مجرور، مضاف، پہلے،كَ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر حاضر،آپ (آپ سے پہلے) فَزَيَّنَ(فَ،زَيَّنَ) فَ، حرف عطف، تو،زَيَّنَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب زَيَّنَ يُزَيِّنُ، مصدر تَزۡيِيۡنٌ، زینت دینا، خوش نما بنانا،مزین کرنا، خوش نما بنادیا (توخوش نمابنادیا)

لَهُمُ (لَ،هُمُ)لَ، حرف جار، کیلئے،هُمۡ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب،ان (ان کیلئے)

الشَّيۡطٰنُ (شیطان نے) اَعۡمَالَهُمۡ (اَعۡمَالَ،هُمۡ)اَعۡمَالَ، مضاف، عملوں اعمال، واحد،عَمَلٌ، هُمۡ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب،ان کے (ان کے اعمال)

فَهُوَ(فَ،هُوَ)فَ، حرف عطف، سو،هُوَ، ضمیر واحد مذکر غائب،وہ (سووہ)

وَلِيُّهُمُ (وَلِيُّ،هُمُ)وَلِيُّ، مضاف، صیغہ صفت، دوست، مددگار، ساتھی،هُمۡ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب،ان کا (ان کادوست) الۡيَوۡمَ (آج) وَ، حرف عطف (اور)

لَهُمۡ (لَ،هُمۡ)لَ، حرف جار، کیلئے،هُمۡ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب،ان (ان کیلئے)

عَذَابٌ اَلِيۡمٌ، عَذَابٌ، موصوف، عذاب، اَلِيۡمٌ، صفت،اَلَمٌ، مصدر سے بمعنی فاعل صفت مشبہ، دکھ دینے ولا، بہت دردناک (بہت دردناک عذاب)

وَمَاۤ اَنۡزَلۡنَا عَلَيۡكَ الۡكِتٰبَ اِلَّا لِتُبَيِّنَ لَهُمُ الَّذِى اخۡتَلَفُوۡا فِيۡهِ ۙ وَهُدًى وَّرَحۡمَةً لِّقَوۡمٍ يُّؤۡمِنُوۡنَ ۝۶۴	ہم نے آپ پر کتاب (قرآن) نازل نہیں کی مگر اس لئے کہ آپ ان کیلئے کھول کر بیان کردیں جس میں اُنہوں نے اختلاف کیا اور ان لوگوں کیلئے ہدایت اور رحمت ہے وہ (جو) ایمان لاتے ہیں۔

وَمَآ،وَ، حرف عطف،اور،مَا، نافیہ، نہیں (اور نہیں)

اَنْزَلْنَا، فعل ماضی جمع متکلم اَنْزَلَ يُنْزِلُ، مصدر اِنْزَالًا، نازل کرنا،اتارنا (ہم نے نازل کی)

عَلَيْكَ(عَلٰى،كَ) عَلٰى، حرف جار،پر،كَ، مجرور، ضمیر واحد مذکر حاضر،آپ (آپ پر)

الْكِتٰبَ، خاص کتاب یعنی (قرآن) اِلَّا، کلمہ استثنا (مگر، سوائے)

لِتُبَيِّنَ (لِ،تُبَيِّنَ) لِ، لام تعلیل ناصبہ، تاکہ، اس لئے کہ، تُبَيِّنَ، فعل مضارع واحد مذکر حاضر بَيَّنَ يُبَيِّنُ، مصدر تَبْيِيْنٌ، کھول کر بیان کرنا، واضح کرنا (اس لئے کہ آپ کھول کر بیان کردیں)

لَهُمُ (لَ،هُمُ) لَ، حرف جار، کیلئے، هُمُ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، ان (ان کیلئے)

الَّذِيْ،اسم موصول واحد مذکر (جو، جس)

اِخْتَلَفُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب اِخْتَلَفَ يَخْتَلِفُ، مصدر اِخْتِلَافٌ، اختلاف کرنا (اُنہوں نے اختلاف کیا) فِيْهِ(فِيْ،هِ)فِيْ، حرف جار، میں،هِ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب،اس (اس میں)

وَهُدًى،وَ، حرف عطف،اور،هُدًى،اسم و مصدر، ہدایت (اور ہدایت)

وَّرَحْمَةً،وَ، حرف عطف،اور، رَحْمَةً، مصدر، رحمت (اور رحمت)

لِّقَوْمٍ (لِ،قَوْمٍ)لِ، حرف جار، کیلئے،قَوْمٍ، مجرور، لوگوں (ان لوگوں کیلئے)

يُّؤْمِنُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب اٰمَنَ يُؤْمِنُ، مصدر اِيْمَانًا، ایمان لانا (وہ ایمان لاتے ہیں)

وَاللّٰهُ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَحْيَا بِهِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ؕ	اور اللہ نے آسمان سے پانی اتارا پھر اس کے ذریعے زمین کو اس کی موت (بنجر ہونے) کے بعد زندہ کیا۔

وَاللّٰهُ(وَ،اَللّٰهُ)وَ، حرف عطف،اور،اَللّٰهُ،اللہ (اور اللہ)

اَنْزَلَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب اَنْزَلَ يُنْزِلُ، مصدر اِنْزَالًا، اتارنا، نازل کرنا (اس نے اتارا)

مِنَ السَّمَآءِ(مِنْ،اَلسَّمَآءِ)مِنْ، حرف جار، سے، اَلسَّمَآءِ، مجرور، آسمان (آسمان سے) مَآءً (پانی)

فَاَحْيَا (فَ، اَحْيَا) فَ، حرف عطف، پھر، اَحْيَا، فعل ماضی واحد مذکر غائب اَحْيٰى يُحْيِىْ، مصدر اِحْيَآءٌ، زندہ کرنا (اس نے زندہ کیا) بِهِ (بِ، هِ) بِ، حرف جار، کے ذریعے، هِ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس (اس کے ذریعے) الْاَرْضَ (زمین)

بَعْدَ مَوْتِهَا (بَعْدَ۔ مَوْتِ۔ هَا) بَعْدَ مضاف بعد مَوْتِ، مضاف الیہ مضاف، موت کے، هَا، مضاف الیہ، ضمیر واحد مؤنث غائب، اس کی (اس کی موت کے بعد)

اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّسْمَعُوْنَ ﴿۶۵﴾	بے شک اس میں ان لوگوں کیلئے یقیناً نشانی ہے وہ (جو) سنتے ہیں۔

ع ۱۴ ۵

اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل (بے شک)

فِيْ ذٰلِكَ، فِيْ، حرف جار، میں، ذٰلِكَ، مجرور، اسم اشارہ واحد مذکر بعید، اس (اس میں)

لَاٰيَةً (لَ، اٰيَةً) لَ، لام تاکید، یقیناً، اٰيَةً، نشانی، جمع، اٰيٰتٌ (یقیناً نشانی)

لِّقَوْمٍ (لِ، قَوْمٍ) لِ، حرف جار، کیلئے، قَوْمٍ، مجرور، لوگوں (لوگوں کیلئے)

يَّسْمَعُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب سَمِعَ يَسْمَعُ، مصدر سَمْعٌ، سننا (وہ سنتے ہیں)

وَاِنَّ لَكُمْ فِى الْاَنْعَامِ لَعِبْرَةً ؕ	اور بے شک تمہارے لیے چوپاؤں میں یقیناً عبرت ہے۔

وَ، حرف عطف (اور) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل (بے شک)

لَكُمْ (لَ، كُمْ) لَ، حرف جار، لیے، كُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (تمہارے لیے)

فِى الْاَنْعَامِ (فِيْ، الْاَنْعَامِ) فِيْ، حرف جار، میں، الْاَنْعَامِ، مجرور، چوپاؤں، واحد، نِعَمٌ (چوپاؤں میں)

لَعِبْرَةً (لَ، عِبْرَةً) لَ، لام تاکید، یقیناً، عِبْرَةً، عبرت، سبق (یقیناً عبرت ہے)

نُسْقِيْكُمْ مِّمَّا فِيْ بُطُوْنِهٖ مِنْۢ بَيْنِ فَرْثٍ وَّدَمٍ لَّبَنًا خَالِصًا سَآئِغًا لِّلشّٰرِبِيْنَ ﴿۶۶﴾	ہم اس میں سے جو ان کے پیٹوں میں ہے گوبر اور خون کے درمیان سے تمہیں خالص دودھ پلاتے ہیں (جو) پینے والوں کیلئے حلق سے آسانی سے اتر جانے والا ہے

نُسْقِيْكُمْ (نُسْقِيْ، كُمْ) نُسْقِيْ، فعل مضارع جمع متکلم اَسْقٰى يُسْقِيْ، مصدر اِسْقَآءٌ، پلانا، سیراب کرنا، ہم پلاتے ہیں، كُمْ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہیں (ہم تمہیں پلاتے ہیں)

مِّمَّا (مِنْ، مَا) مِنْ، حرف جار، سے، مَا، مجرور، اسم موصول، جو (اس میں سے جو)

فِيْ بُطُوْنِهٖ (فِيْ، بُطُوْنِ، هٖ) فِيْ، حرف جار، میں، بُطُوْنِ، مجرور، مضاف، پیٹوں، هٖ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس، ضمیر کا مرجع، اَلْاَنْعَامِ، ہے (ان کے پیٹوں میں)

مِنْۢ بَيْنِ، مِنْ، حرف جار، سے، بَيْنِ، مجرور، درمیان (درمیان سے)

فَرْثٍ وَّ دَمٍ، فَرْثٍ، گوبر، وَ، حرف عطف، اور، دَمٍ، خون (گوبر اور خون)

لَّبَنًا خَالِصًا، لَبَنًا، موصوف، دودھ، خَالِصًا، صفت، خُلُوْصٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر، خالص (خالص دودھ) سَآئِغًا، سَوْغٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر (حلق سے آسانی سے اتر جانے والا)

لِّلشّٰرِبِيْنَ (لِ، اَلشّٰرِبِيْنَ) لِ، حرف جار، کیلئے، اَلشّٰرِبِيْنَ، شُرْبٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، پینے والے، واحد، شَارِبٌ (پینے والوں کیلئے)

وَمِنْ ثَمَرٰتِ النَّخِيْلِ وَالْاَعْنَابِ تَتَّخِذُوْنَ مِنْهُ سَكَرًا وَّرِزْقًا حَسَنًا ؕ	اور کھجوروں اور انگوروں کے پھلوں سے تم اس سے نشہ آور چیز اور اچھا رزق بناتے ہو۔

وَمِنْ ثَمَرٰتِ، وَ، حرف عطف، اور، مِنْ، حرف جار، سے، ثَمَرٰتِ، مجرور، پھلوں، واحد، ثَمَرَةٌ (اور پھلوں سے) النَّخِيْلِ (کھجوروں) وَ، حرف عطف (اور) اَلْاَعْنَابِ (انگوروں) واحد، عِنَبٌ،

تَتَّخِذُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر حاضر اِتَّخَذَ يَتَّخِذُ، مصدر اِتِّخَاذٌ، بنانا (تم بناتے ہو)

مِنْهُ (مِنْ، هُ) مِنْ، حرف جار، سے، هُ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس (اس سے)

سَكَرًا، اس چیز کو کہتے ہیں جس سے نشہ پیدا ہو (نشہ آور چیز) وَّ، حرف عطف (اور)

رِزْقًا، مصدر، موصوف، رزق، حَسَنًا، صفت، حُسْنٌ، سے صفت مشبہ، اچھا (اچھا رزق)

بے شک اس میں ان لوگوں کیلئے یقیناً نشانی ہے وہ (جو) عقل سے کام لیتے ہیں۔	اِنَّ فِیۡ ذٰلِكَ لَاٰیَةً لِّقَوۡمٍ یَّعۡقِلُوۡنَ ۝۶۷

اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل (بے شک)

فِیۡ ذٰلِكَ، فِیۡ، حرف جار، میں، ذٰلِكَ، مجرور، اسم اشارہ واحد مذکر بعید، اس (اس میں)

لَاٰیَةً (لَ، اٰیَةً) لَ، لام تاکید، یقیناً، اٰیَةً، نشانی، جمع، اٰیٰتٌ (یقیناً نشانی)

لِّقَوۡمٍ (لِ، قَوۡمٍ) لِ، حرف جار، کیلئے، قَوۡمٍ، مجرور، قوم، لوگوں (ان لوگوں کیلئے)

یَّعۡقِلُوۡنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب عَقَلَ یَعۡقِلُ، مصدر عَقۡلًا، عقل سے کام لینا (وہ عقل سے کام لیتے ہیں)

اور آپ کے رب نے شہد کی مکھی کی طرف الہام کیا کہ تو پہاڑوں میں اور درختوں میں اور ان میں جو وہ چھتریاں بناتے ہیں گھر (چھتے) بنا۔	وَ اَوۡحٰی رَبُّكَ اِلَی النَّحۡلِ اَنِ اتَّخِذِیۡ مِنَ الۡجِبَالِ بُیُوۡتًا وَّ مِنَ الشَّجَرِ وَ مِمَّا یَعۡرِشُوۡنَ ۝۶۸

وَ، حرف عطف (اور) اَوۡحٰی، فعل ماضی واحد مذکر غائب اَوۡحٰی یُوۡحِیۡ، مصدر اِیۡحَآءً، وحی کرنا، الہام کرنا (اس نے الہام کیا) رَبُّكَ (رَبُّ، كَ) رَبُّ، مضاف، رب، پروردگار، كَ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر حاضر، آپ، تیرے (آپ کے رب نے) اِلَی النَّحۡلِ (اِلٰی، اَلنَّحۡلِ) اِلٰی، حرف جار، کی طرف، اَلنَّحۡلِ، مجرور، شہد کی مکھی (شہد کی مکھی کی طرف) اَنِ، مصدریہ (کہ)

اِتَّخِذِیۡ، فعل امر واحد مؤنث حاضر اِتَّخَذَ یَتَّخِذُ، مصدر اِتِّخَاذًا، بنانا (تو بنا)

مِنَ الۡجِبَالِ (مِنۡ، اَلۡجِبَالِ) مِنۡ، حرف جار، بمعنی فِیۡ، میں، اَلۡجِبَالِ، مجرور، پہاڑوں، واحد، جَبَلٌ (پہاڑوں میں) بُیُوۡتًا، گھروں، واحد، بَیۡتٌ (گھر) وَّ، حرف عطف (اور)

مِنَ الشَّجَرِ (مِنۡ، اَلشَّجَرِ) مِنۡ، حرف جار بمعنی فِیۡ، میں، اَلشَّجَرِ، مجرور، درختوں (درختوں میں)

وَ، حرف عطف (اور) مِمَّا (مِنۡ، مَا) مِنۡ، حرف جار بمعنی فِیۡ، میں، مَا، مجرور، اسم موصول، جو (ان میں

جو) يَعْرِشُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر حاضر عَرَشَ يَعْرِشُ، مصدر عَرْشًا، چھتریاں بنانا (وہ چھتریاں بناتے ہیں)

ثُمَّ كُلِيْ مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ فَاسْلُكِيْ سُبُلَ رَبِّكِ ذُلُلًا ؕ	پھر تو ہر قسم کے پھلوں سے کھا پھر تو اپنے رب کے مسخر کیے ہوئے راستوں پر چل۔

ثُمَّ، حرف عطف (پھر)

كُلِيْ، فعل امر واحد مؤنث حاضر اَكَلَ يَاْكُلُ، مصدر اَكْلًا، کھانا (تو کھا)

مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ (مِنْ، كُلِّ، اَلثَّمَرٰتِ) مِنْ، حرف جار، سے، كُلِّ، مجرور، مضاف، ہر، قسم، اَلثَّمَرٰتِ، مضاف الیہ، پھلوں (ہر قسم کے پھلوں سے)

فَاسْلُكِيْ (فَ، اُسْلُكِيْ) فَ، حرف عطف، پھر، اُسْلُكِيْ، فعل امر واحد مؤنث حاضر سَلَكَ يَسْلُكُ، مصدر سُلُوْكًا، راستہ پر چلنا، سڑک پر چلنا (تو چل) سُبُلَ (راستے) واحد، سَبِيْلٌ،

رَبِّكِ (رَبِّ، كِ) رَبِّ، مضاف، رب، كِ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر حاضر، اپنے (اپنے رب کے)

ذُلُلًا، ذُلٌّ، سے صفت مشبہ، مسخر، مطیع، ہموا (مسخر کیے ہوئے)

يَخْرُجُ مِنْ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ فِيْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ ؕ	ان کے پیٹوں سے مشروب (شہد) نکلتا ہے اس کے مختلف رنگ ہیں اس میں لوگوں کیلئے شفا ہے۔

يَخْرُجُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب خَرَجَ يَخْرُجُ، مصد خُرُوْجًا، نکلنا (وہ نکلتا ہے)

مِنْ بُطُوْنِهَا (مِنْ، بُطُوْنِ، هَا) مِنْ، حرف جار، سے، بُطُوْنِ، مجرور، مضاف، پیٹوں، واحد، بَطْنٌ، هَا، مضاف الیہ، ضمیر واحد مؤنث غائب اس، ضمیر کا مرجع اَلنَّحْلِ، ہے (ان کے پیٹوں سے)

شَرَابٌ، پینے کی چیز، مشروب (شربت)

مُّخْتَلِفٌ، اِخْتِلَافٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر، الگ الگ، جدا جدا (مختلف)

اَلْوَانُهٗ (اَلْوَانُ ، هٗ) اَلْوَانُ ، مضاف ، رنگوں ، واحد ، لَوْنٌ ، هٗ ، مضاف الیہ ضمیر واحد مذکر غائب ، اس کے (اس کے رنگ) فِيْهِ (فِيْ ، هِ) فِيْ ، حرف جار ، میں ، هِ ، مضاف الیہ ، ضمیر واحد مذکر غائب ، اس (اس میں) شِفَآءٌ (شفا ہے) لِلنَّاسِ (لِ ، اَلنَّاسِ) لِ ، حرف جار ، کیلئے ، اَلنَّاسِ ، مجرور ، لوگوں (لوگوں کیلئے)

اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ۝	بے شک اس میں ان لوگوں کیلئے یقیناً نشانی ہے وہ (جو) غور و فکر کرتے ہیں۔

اِنَّ ، حرف مشبہ بالفعل (بے شک) فِيْ ذٰلِكَ ، فِيْ ، حرف جار ، میں ، ذٰلِكَ ، مجرور ، اسم اشارہ واحد مذکر بعید ، اس (اس میں) لَاٰيَةً (لَ ، اٰيَةً) لَ ، لام تاکید ، یقیناً ، اٰيَةً ، نشانی ، جمع ، اٰيٰتٌ (یقیناً نشانی)
لِّقَوْمٍ (لِ ، قَوْمٍ) لِ ، حرف جار ، کیلئے ، قَوْمٍ ، مجرور ، لوگوں (ان لوگوں کیلئے)
يَّتَفَكَّرُوْنَ ، فعل مضارع جمع مذکر غائب تَفَكَّرَ يَتَفَكَّرُ ، مصدر تَفَكُّرًا ، غور و فکر کرنا (وہ غور و فکر کرتے ہیں)

وَاللّٰهُ خَلَقَكُمْ ثُمَّ يَتَوَفّٰىكُمْ ۙ وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّرَدُّ اِلٰٓى اَرْذَلِ الْعُمُرِ لِكَيْ لَا يَعْلَمَ بَعْدَ عِلْمٍ شَيْـًٔا ۭ	اور اللہ نے تمہیں پیدا کیا پھر وہ تمہیں فوت کرتا ہے اور تم میں سے جو زیادہ نکمّی عمر کی طرف لوٹایا جاتا ہے تاکہ وہ جاننے کے بعد کچھ بھی نہ جانے۔

وَ اللّٰهُ ، وَ ، حرف عطف ، اور ، اَللّٰهُ ، اللہ (اور اللہ)
خَلَقَكُمْ (خَلَقَ ، كُمْ) خَلَقَ ، فعل ماضی واحد مذکر غائب خَلَقَ يَخْلُقُ ، مصدر خَلْقًا ، پیدا کرنا ، اس نے پیدا کیا ، كُمْ ، ضمیر جمع مذکر حاضر ، تمہیں (اس نے تمہیں پیدا کیا) ثُمَّ ، حرف عطف (پھر)
يَتَوَفّٰىكُمْ (يَتَوَفّٰى ، كُمْ) يَتَوَفّٰى ، فعل مضارع واحد مذکر غائب تَوَفّٰى يَتَوَفّٰى ، مصدر تَوَفِّيٌ ، فوت کرنا ، اٹھا لینا ، وہ فوت کرتا ہے ، كُمْ ، ضمیر جمع مذکر حاضر ، تمہیں (وہ تمہیں فوت کرتا ہے) وَ ، حرف عطف (اور)
مِنْكُمْ (مِنْ ، كُمْ) مِنْ ، حرف جار ، سے ، كُمْ ، مجرور ، ضمیر جمع مذکر حاضر ، تم (تم میں سے)
مَّنْ ، اسم موصول (جو) يُّرَدُّ ، فعل مضارع مجہول واحد مذکر غائب رَدَّ يَرُدُّ ، مصدر رَدًّا ، لوٹانا (وہ لوٹایا جاتا

ہے) اِلٰۤى اَرۡذَلِ الۡعُمُرِ (اِلٰى، اَرۡذَلِ، اَلۡعُمُرِ) اِلٰى، حرف جار، کی طرف، اَرۡذَلِ، مجرور، مضاف، رَذَالَةٌ، مصدر سے افعل التفضیل کا صیغہ، زیادہ ناکارہ، زیادہ نکمّی، اَلۡعُمُرِ، مضاف الیہ، عمر کی (زیادہ نکمّی عمر کی طرف) لِكَىۡ (لِ، كَىۡ) لِ، لام تعلیل، كَىۡ، حرف ناصب (تاکہ)

لَا يَعۡلَمَ، فعل مضارع منفی واحد مذکر غائب عَلِمَ يَعۡلَمُ، مصدر عِلۡمًا، جاننا (وہ نہ جانے)

بَعۡدَ عِلۡمٍ، بَعۡدَ، مضاف، بعد، عِلۡمٍ، مضاف الیہ، جاننے کے (جاننے کے بعد) شَيۡـًٔا (کچھ بھی، کوئی چیز)

اِنَّ اللّٰهَ عَلِيۡمٌ قَدِيۡرٌ ۞	بے شک اللہ خوب جاننے والا، بہت قدرت والا ہے۔

اِنَّ اللّٰهَ، اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، اَللّٰهَ، اللہ (بے شک اللہ)

عَلِيۡمٌ، اللہ کا صفاتی نام، عِلۡمٌ، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ (خوب جاننے والا)

قَدِيۡرٌ، اللہ کا صفاتی نام قُدۡرَةٌ، مصدر سے صفت مشبہ، ہر کام حکمت کے مطابق کرے (بہت قدرت والا)

وَاللّٰهُ فَضَّلَ بَعۡضَكُمۡ عَلٰى بَعۡضٍ فِى الرِّزۡقِ ۚ	اور اللہ نے تم میں سے بعض کو بعض پر رزق میں فضیلت دی ہے۔

وَ اللّٰهُ (وَ، اَللّٰهُ) وَ، حرف عطف، اور، اَللّٰهُ، اللہ (اور اللہ)

فَضَّلَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب فَضَّلَ يُفَضِّلُ، مصدر تَفۡضِيۡلًا، فضیلت دینا (اس نے فضیلت دی)

بَعۡضَكُمۡ (بَعۡضَ، كُمۡ) بَعۡضَ، مضاف، بعض، كُمۡ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تم کے، تمہارے (تمہارے بعض کو، تم کے بعض کو، تم میں سے بعض کو)

عَلٰى بَعۡضٍ (عَلٰى، بَعۡضٍ) عَلٰى، حرف جار، پر، بَعۡضٍ، مجرور، بعض (بعض پر)

فِى الرِّزۡقِ (فِىۡ، اَلرِّزۡقِ) فِىۡ، حرف جار، میں، اَلرِّزۡقِ، مجرور، رزق، روزی (رزق میں)

فَمَا الَّذِيۡنَ فُضِّلُوۡا بِرَآدِّىۡ رِزۡقِهِمۡ عَلٰى مَا مَلَكَتۡ اَيۡمَانُهُمۡ فَهُمۡ فِيۡهِ سَوَآءٌ ؕ	تو وہ لوگ جو فضیلت دیئے گئے ہیں وہ ہرگز اپنا رزق ان (غلاموں) پر لوٹانے والے نہیں ہیں جن کے مالک ان کے دائیں ہاتھ بنے کہ پس وہ اس (رزق) میں برابر ہوں۔

فَمَا (فَ، مَا) فَ، حرف عطف، تو، مَا، نافیہ، نہیں (تو نہیں)

الَّذِیۡنَ، اسم موصول جمع مذکر (وہ لوگ جو) فُضِّلُوۡا، فعل ماضی مجہول جمع مذکر غائب فَضَّلَ یُفَضِّلُ، مصدر تَفۡضِیۡلًا، فضیلت دینا (وہ فضیلت دیئے گئے)

بِرَآدِّیۡ رِزۡقِھِمۡ (بِ، رَآدِّیۡ، رِزۡقِ، ھِمۡ) بِ، حرف جار، زائدہ برائے تاکید نفی، رَآدِّیۡ، مجرور، مضاف، اصل میں رَادِیۡنَ تھا، اضافت کی وجہ سے جمع کا نون گر گیا، رَدٌّ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، ہر گز لوٹانے والے، رِزۡقِ، مضاف، مضاف الیہ رزق، ھِمۡ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اپنا، (اپنا رزق ہر گز لوٹانے والے) عَلٰی مَا (عَلٰی، مَا) عَلٰی، حرف جار، پر، مَا، مجرور، اسم موصول، جن کے (ان پر جن کے) مَلَکَتۡ، فعل ماضی واحد مؤنث غائب مَلَكَ يَمۡلِكُ، مصدر مِلۡكًا، مالک بننا (مالک بنے)

اَیۡمَانُھُمۡ (اَیۡمَانُ، ھُمۡ) اَیۡمَانُ، مضاف، داہنے ہاتھ، واحد، یَمِیۡنٌ، ھُمۡ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان کے (ان کے دائیں ہاتھ) فَھُمۡ (فَ، ھُمۡ) فَ، حرف عطف، پس، ھُمۡ ضمیر جمع مذکر غائب، وہ (پس وہ) فِیۡهِ (فِیۡ، ہِ) فِیۡ، حرف جار، میں، ہِ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس (اس میں)

سَوَآءٌ، اسم مصدر بمعنی اِسۡتِوَآءٌ (برابر)

اَفَبِنِعۡمَةِ اللّٰهِ یَجۡحَدُوۡنَ ﴿۷۱﴾	تو کیا وہ اللہ کی نعمت کا انکار کرتے ہیں۔

اَفَبِنِعۡمَةِ اللّٰهِ (اَ، فَ، بِ، نِعۡمَةِ، اَللّٰهِ) اَ، ہمزہ استفہامیہ، کیا، فَ، حرف عطف، تو، بِ، حرف جار، کا، نِعۡمَةِ، مجرور، مضاف، نعمت، اَللّٰهِ، مضاف الیہ، اللہ کی (تو کیا اللہ کی نعمت کا)

یَجۡحَدُوۡنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب جَحَدَ یَجۡحَدُ، مصدر جُحُوۡدًا، انکار کرنا (وہ انکار کرتے ہیں)

وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُمۡ مِّنۡ اَنۡفُسِكُمۡ اَزۡوَاجًا	اور اللہ نے تمہارے لیے تمہارے نفسوں (جنس) میں سے بیویاں بنائیں۔

وَ اللّٰهُ (وَ، اَللّٰهُ) وَ، حرف عطف، اور، اَللّٰهُ، اللہ (اور اللہ)

جَعَلَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب جَعَلَ یَجْعَلُ، مصدر جَعْلًا، بنانا (اس نے بنائیں)
لَکُمْ (لَ، کُمْ) لَ، حرف جار، لیے، کُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (تمہارے لیے)
مِّنْ اَنْفُسِکُمْ (مِنْ، اَنْفُسِ، کُمْ) مِنْ، حرف جار، سے، اَنْفُسِ، مجرور، مضاف، نفسوں، جانوں، جنس، واحد، نَفْسٌ، کُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (تمہارے نفسوں (جنس) میں سے)
اَزْوَاجًا، بیویاں، واحد، زَوْجٌ، خاوند اور بیوی دونوں کیلئے استعمال ہوتا ہے۔

وَّجَعَلَ لَکُمْ مِّنْ اَزْوَاجِکُمْ بَنِیْنَ وَ حَفَدَةً	اور اس نے تمہارے لیے تمہاری بیویوں سے بیٹے اور پوتے بنائے۔

وَّجَعَلَ، وَّ، حرف عطف، اور، جَعَلَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب جَعَلَ یَجْعَلُ، مصدر جَعْلًا، بنانا (اس نے بنائے) لَکُمْ (لَ، کُمْ) لَ، حرف جار، لیے، کُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (تمہارے لیے) مِّنْ اَزْوَاجِکُمْ (مِنْ، اَزْوَاجِ، کُمْ) مِنْ، حرف جار، سے، اَزْوَاجِ، مجرور، مضاف، بیویوں، واحد، زَوْجٌ، بیوی اور خاوند دونوں کیلئے استعمال ہوتا ہے، کُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہاری (تمہاری بیویوں سے) بَنِیْنَ، بیٹے، واحد، اِبْنٌ، وَ، حرف عطف (اور) حَفَدَةً، حَفْدٌ، سے اسم فاعل جمع مذکر، خدمت گزاری میں سرعت سے کام لینے والے، مراد پوتے، واحد، حَافِدٌ،

وَّرَزَقَکُمْ مِّنَ الطَّیِّبٰتِ ؕ	اور اس نے تمہیں پاکیزہ چیزوں سے رزق دیا۔

وَّ، حرف عطف (اور) رَزَقَکُمْ (رَزَقَ، کُمْ) رَزَقَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب رَزَقَ یَرْزُقُ، مصدر رِزْقًا، رزق دینا، اس نے رزق دیا، کُمْ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہیں (اس نے تمہیں رزق دیا)
مِّنَ الطَّیِّبٰتِ (مِنْ، اَلطَّیِّبٰتِ) مِنْ، حرف جار، سے، اَلطَّیِّبٰتِ، مجرور، پاکیزہ چیزوں (پاکیزہ چیزوں سے)

اَفَبِالْبَاطِلِ یُؤْمِنُوْنَ وَ بِنِعْمَتِ اللّٰهِ هُمْ یَکْفُرُوْنَ ﴿۷۲﴾	تو کیا وہ باطل پر ایمان رکھتے ہیں اور اللہ کی نعمت کا وہ انکار کرتے ہیں۔

اَفَبِالْبَاطِلِ(اَ،فَ،بِ،اَلْبَاطِلِ)اَ، ہمزہ استفہامیہ، کیا،فَ، حرف عطف،تو،بِ، حرف جار،پر، اَلْبَاطِلِ، مجرور، باطل (تو کیا باطل پر)

يُؤْمِنُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب اٰمَنَ يُؤْمِنُ، مصدر اِيْمَانًا، ایمان لانا، ایمان رکھنا (وہ ایمان رکھتے ہیں) وَ، حرف عطف (اور) بِنِعْمَتِ اللّٰهِ(بِ،نِعْمَتِ، اَللّٰهِ) بِ، حرف جار، کا،نِعْمَتِ، مجرور، مضاف، نعمت (نعمت کا) اَللّٰهِ، مضاف الیہ، اللہ کی، اللہ کی نعمت کا هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب (وہ)

يَكْفُرُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب كَفَرَ يَكْفُرُ، مصدر كُفْرًا، کفر کرنا، انکار کرنا (وہ انکار کرتے ہیں)

وَيَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَمْلِكُ لَهُمْ رِزْقًا مِّنَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ شَيْئًا وَّلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ ۚ﴿۷۳﴾	اور وہ اللہ کے سوا ان کی عبادت کرتے ہیں جو ان کیلئے آسمانوں اور زمین سے رزق دینے کا کچھ بھی اختیار نہیں رکھتے اور نہ وہ طاقت رکھتے ہیں۔

وَ، حرف عطف (اور) يَعْبُدُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب عَبَدَ يَعْبُدُ، مصدر عِبَادَةٌ، عبادت کرنا (وہ عبادت کرتے ہیں) مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ(مِنْ، دُوْنِ، اَللّٰهِ)مِنْ، حرف جار، ترجمہ کی ضرورت نہیں ہے، دُوْنِ، مجرور، مضاف، علاوہ، سوا، اَللّٰهِ، مضاف الیہ، اللہ کے (اللہ کے سوا) مَا، اسم موصول (ان کی جو)

لَا يَمْلِكُ، فعل مضارع منفی واحد مذکر غائب مَلَكَ يَمْلِكُ، مصدر مِلْكًا، مالک ہونا، اختیار رکھنا (وہ اختیار نہیں رکھتا ہے) لَهُمْ (لَ،هُمْ)لَ، حرف جار، کیلئے، هُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، ان (ان کیلئے) رِزْقًا، مصدر (رزق دینا) مِّنَ السَّمٰوٰتِ(مِنْ، اَلسَّمٰوٰتِ)مِنْ، حرف جار، سے، اَلسَّمٰوٰتِ، مجرور، آسمانوں، واحد، اَلسَّمَآءِ (آسمانوں سے) وَالْاَرْضِ(وَ،اَلْاَرْضِ)وَ، حرف عطف، اور، اَلْاَرْضِ، مجرور، زمین (اور زمین) شَيْئًا (کوئی چیز، کچھ بھی) وَّ، حرف عطف (اور) لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ، فعل مضارع منفی جمع مذکر غائب اِسْتَطَاعَ يَسْتَطِيْعُ، مصدر اِسْتِطَاعَةٌ، استطاعت رکھنا، طاقت رکھنا (وہ نہ طاقت رکھتے ہیں)

فَلَا تَضْرِبُوْا لِلّٰهِ الْاَمْثَالَ ۭ	پس تم اللہ کیلئے مثالیں مت بیان کرو۔

فَلَا تَضْرِبُوْا (فَ، لَا تَضْرِبُوْا) فَ، حرف عطف، پس، لَا تَضْرِبُوْا، فعل نہی جمع مذکر حاضر ضَرَبَ یَضْرِبُ، مصدر ضَرْبًا، بیان کرنا، مارنا، تم مت بیان کرو (پس تم مت بیان کرو)

لِلّٰہِ (لِ، اَللّٰہِ) لِ، حرف جار، کیلئے، اَللّٰہِ، مجرور، اللہ (اللہ کیلئے) اَلْاَمْثَالَ (مثالیں) واحد، مَثَلًا،

اِنَّ اللّٰہَ یَعْلَمُ وَ اَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۷۴﴾	بے شک اللہ جانتا ہے اور تم نہیں جانتے۔

اِنَّ اللّٰہَ (اِنَّ، اَللّٰہَ) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، اَللّٰہَ، اللہ (بے شک اللہ)

یَعْلَمُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب عَلِمَ یَعْلَمُ، مصدر عِلْمًا، جاننا (وہ جانتا ہے)

وَ، حرف عطف (اور) اَنْتُمْ، ضمیر جمع مذکر حاضر (تم)

لَا تَعْلَمُوْنَ، فعل مضارع منفی جمع مذکر حاضر عَلِمَ یَعْلَمُ، مصدر عِلْمًا، جاننا (تم نہیں جانتے)

ضَرَبَ اللّٰہُ مَثَلًا عَبْدًا مَّمْلُوْکًا لَّا یَقْدِرُ عَلٰی شَیْءٍ	اللہ نے ایک مثال بیان کی کہ ایک غلام ہے (جو) کسی کی ملکیت ہے وہ کسی چیز پر قدرت نہیں رکھتا۔

ضَرَبَ اللّٰہُ (ضَرَبَ، اَللّٰہُ) ضَرَبَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب ضَرَبَ یَضْرِبُ، مصدر ضَرْبًا، بیان کرنا، اس نے بیان کی، اَللّٰہُ، اللہ (اللہ نے بیان کی) مَثَلًا (ایک مثال) عَبْدًا (ایک غلام)

مَّمْلُوْکًا، اسم مفعول واحد مذکر، وہ جو کسی کی ملکیت میں ہو (ملکیت میں)

لَّا یَقْدِرُ فعل مضارع منفی واحد مذکر غائب قَدَرَ یَقْدِرُ، مصدر قُدْرَۃً، قدرت رکھنا (وہ قدرت نہیں رکھتا) عَلٰی شَیْءٍ (عَلٰی، شَیْءٍ) عَلٰی، حرف جار، پر، شَیْءٍ، مجرور، کسی چیز، کچھ بھی (کسی چیز پر)

وَّمَنْ رَّزَقْنٰہُ مِنَّا رِزْقًا حَسَنًا فَھُوَ یُنْفِقُ مِنْہُ سِرًّا وَّ جَھْرًا ؕ	اور (دوسرا شخص) جسے ہم نے اپنی طرف سے رزق دیا ہے اچھا رزق تو وہ اس میں سے چھپا کر اور کھلم کھلا خرچ کرتا ہے۔

وَّ مَنْ، وَ، حرف عطف، اور، مَنْ، اسم موصول، جسے (اور (دوسرا شخص) جسے)

رَّزَقْنٰہُ (رَزَقْنَا، ہُ) رَزَقْنَا، فعل ماضی جمع متکلم رَزَقَ یَرْزُقُ، مصدر رِزْقًا، رزق دینا، ہم نے رزق دیا،

هٗ، ضمیر واحد مذکر غائب، اسے (ہم نے اسے رزق دیا)

مِنَّا(مِنْ،نَا)مِنْ، حرف جار بمعنی اِلٰی، طرف سے،نَا، مجرور، ضمیر جمع متکلم،اپنی (اپنی طرف سے)

رِزْقًاحَسَنًا،رِزْقًا، موصوف، مصدر، رزق، حَسَنًا،حُسْنٌ سے صفت مشبہ،اچھا، عمدہ، خوب (اچھا رزق)فَهُوَ(فَ،هُوَ)فَ، حرف عطف، تو،هُوَ، ضمیر واحد مذکر غائب، وہ (تو وہ)

يُنْفِقُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب اَنْفَقَ يُنْفِقُ، مصدر اِنْفَاقًا، خرچ کرنا (وہ خرچ کرتا ہے)

مِنْهُ(مِنْ،هٗ)مِنْ، حرف جار، سے،هٗ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس (اس میں سے)

سِرًّا،اسم، پوشیدہ، رازداری سے (چھپا کر)وَّ، حرف عطف (اور)

جَهْرًا، مصدر، کھلے بندوں، ظاہرہ (کھلم کھلا)

هَلْ يَسْتَوٗنَ ؕ	کیا وہ برابر ہیں؟

هَلْ،استفہامیہ (کیا)يَسْتَوٗنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب اِسْتَوٰى يَسْتَوِىْ، مصدر اِسْتِوَآءٌ، برابر ہونا (وہ برابر ہیں)

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ؕ	سب تعریف اللہ کیلئے ہے۔

اَلْحَمْدُ (سب تعریف) لِلّٰهِ(لِ،اَللّٰهِ) لِ، حرف جار، کیلئے،اَللّٰهِ، مجرور، اللہ (اللہ کیلئے)

بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝	بلکہ ان کے اکثر نہیں جانتے۔

بَلْ، حرف اضراب (بلکہ) اَكْثَرُهُمْ،اَكْثَرُ، مضاف، كَثْرَةٌ، سے افعل التفضیل کا صیغہ، بہت زیادہ، اکثر،هُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان کے (ان کے اکثر)

لَا يَعْلَمُوْنَ، فعل مضارع منفی جمع مذکر غائب عَلِمَ يَعْلَمُ، مصدر عِلْمًا، جاننا (وہ نہیں جانتے)

وَضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا رَّجُلَيْنِ اَحَدُهُمَآ اَبْكَمُ لَا يَقْدِرُ عَلٰى شَىْءٍ	اور اللہ نے ایک مثال بیان کی ۔ دو آدمی ہیں ان دونوں میں سے ایک گونگا ہے وہ کسی چیز پر قدرت نہیں رکھتا۔

وَ، حرف عطف (اور) ضَرَبَ اللّٰهُ، ضَرَبَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب ضَرَبَ يَضْرِبُ، مصدر ضَرْبًا، مارنا، بیان کرنا، اس نے بیان کی، اَللّٰهُ، اللہ (اللہ نے بیان کی) مَثَلًا (ایک مثال)
رَّجُلَيْنِ (دو آدمی) واحد، رَجُلٌ، اَحَدُهُمَآ (اَحَدُ، هُمَا) اَحَدُ، مضاف، ایک، هُمَا، مضاف الیہ، ضمیر تثنیہ مذکر غائب، ان دونوں (ان دونوں میں سے ایک) اَبْكَمُ، بُكْمٌ، سے صفت مشبہ (مادر زاد گونگا)
لَا يَقْدِرُ فعل مضارع منفی واحد مذکر غائب قَدَرَ يَقْدِرُ، مصدر قُدْرَةٌ، قدرت رکھنا (وہ نہیں قدرت رکھتا)
عَلٰى شَيْءٍ (عَلٰى، شَيْءٍ) عَلٰى، حرف جار، پر، شَيْءٍ، مجرور، کسی چیز (کسی چیز پر)

وَّهُوَ كَلٌّ عَلٰى مَوْلٰهُ ۙ اَيْنَمَا يُوَجِّهْهُّ لَا يَاْتِ بِخَيْرٍ ؕ	اور وہ اپنے مالک پر بوجھ ہے وہ اسے جہاں کہیں بھیجتا ہے وہ کوئی بھلائی نہیں لاتا۔

وَّ هُوَ، وَ، حرف عطف، اور، هُوَ، ضمیر واحد مذکر غائب، وہ (اور وہ) كَلٌّ، اسم (بوجھ) بیکار بے فیض آدمی جس سے کسی فائدے کی امید نہ ہو سب پر بار ہو۔ عَلٰى مَوْلٰهُ (عَلٰى، مَوْلٰى، هٗ) عَلٰى، حرف جار، پر، مَوْلٰى، مجرور، مضاف، آقا، مالک، هٗ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اپنے (اپنے مالک پر)
اَيْنَمَا (اَيْنَ، مَا) اَيْنَ، شرطیہ، مَا، موصولہ، جہاں کہیں، جس طرف، اسم ظرف مکان ہے۔
يُوَجِّهْهُّ (يُوَجِّهْ، هٗ) يُوَجِّهْ، فعل مضارع واحد مذکر غائب وَجَّهَ يُوَجِّهُ، مصدر تَوْجِيْهًا، کسی کو کسی چیز کیلئے بھیجنا، وہ بھیجتا ہے، هٗ، ضمیر واحد مذکر غائب، اسے (وہ اسے بھیجتا ہے)
لَا يَاْتِ، فعل مضارع منفی واحد مذکر غائب اَتٰى يَاْتِيْ، مصدر اِتْيَانٌ، آنا، صلہ میں باء ہے ترجمہ "لانا" (وہ نہیں لاتا) بِخَيْرٍ (بِ، خَيْرٍ) بِ، حرف جار، ترجمہ کی ضرورت نہیں، خَيْرٍ، مجرور (کوئی بھلائی)

هَلْ يَسْتَوِيْ هُوَ ۙ وَمَنْ يَّاْمُرُ بِالْعَدْلِ ۙ وَهُوَ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝	کیا برابر ہے وہ اور جو عدل کے ساتھ حکم دیتا ہے اور وہ سیدھے راستے پر ہے۔

ع ۱۰

هَلْ، استفہامیہ (کیا) يَسْتَوِيْ، فعل مضارع واحد مذکر اِسْتَوٰى يَسْتَوِيْ، مصدر اِسْتِوَآءٌ، برابر ہونا (وہ

برابر ہے) هُوَ، ضمیر واحد مذکر غائب (وہ) وَ، حرف عطف (اور) مَنْ، اسم موصول (جو)

يَأْمُرُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب اَمَرَ يَأْمُرُ، مصدر اَمْرًا، حکم دینا (وہ حکم دیتا ہے)

بِالْعَدْلِ (بِ، اَلْعَدْلِ) بِ، حرف جار، کے ساتھ، اَلْعَدْلِ، مجرور، عدل (عدل کے ساتھ)

وَ، حرف عطف (اور) هُوَ، ضمیر واحد مذکر غائب (وہ)

عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ (عَلٰى، صِرَاطٍ، مُسْتَقِيْمٍ) عَلٰى، حرف جار، پر، صِرَاطٍ، مجرور، موصوف، راستہ، مُسْتَقِيْمٍ، صفت، اِسْتِقَامَةٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر، سیدھا (سیدھے راستے پر)

وَلِلّٰهِ غَيْبُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ	اور آسمانوں اور زمین کا (علم) غیب اللہ ہی کو ہے۔

وَ، حرف عطف (اور) لِلّٰهِ (لِ، اَللّٰهِ) لِ، حرف جار، کو، اَللّٰهِ، مجرور، اللہ (اللہ کو ہے)

غَيْبُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ (غَيْبُ، اَلسَّمٰوٰتِ، وَ، اَلْاَرْضِ) غَيْبُ، مضاف، غیب، وہ چیز ہے جہاں تک حواس اور عقل کی رسائی نہ ہو (علم) غیب، اَلسَّمٰوٰتِ، مضاف الیہ، آسمانوں کا، واحد، اَلسَّمَآءِ،

وَ، حرف عطف اور، اَلْاَرْضِ، زمین (آسمانوں اور زمین کا (علم) غیب)

وَمَآ اَمْرُ السَّاعَةِ اِلَّا كَلَمْحِ الْبَصَرِ اَوْ هُوَ اَقْرَبُ ؕ	اور قیامت کا معاملہ نہیں ہے مگر آنکھ کی پلک جھپکنے کی طرح یا وہ (اس سے بھی) زیادہ قریب ہے۔

وَمَآ، وَ، حرف عطف، اور، مَا، نافیہ، نہیں (اور نہیں)

اَمْرُ السَّاعَةِ (اَمْرُ، اَلسَّاعَةِ) اَمْرُ، مضاف، معاملہ، اَلسَّاعَةِ، مضاف الیہ، گھڑی، قیامت کا (قیامت کا معاملہ) اِلَّا، حرف استثنا (مگر، سوائے)

كَلَمْحِ الْبَصَرِ (كَ، لَمْحِ، اَلْبَصَرِ) كَ، حرف تشبیہ، حرف جار، طرح، مانند، لَمْحِ، مجرور، مضاف، اسم مصدر و مصدر، پلک جھپکنا، اَلْبَصَرِ، مضاف الیہ، آنکھ کی (آنکھ کی پلک جھپکنے کی طرح)

اَوْ، حرف عطف (یا) هُوَ، ضمیر واحد مذکر غائب (وہ)

اَقْرَبُ، قُرْبٌ، مصدر سے افعل التفضیل کا صیغہ (زیادہ قریب)

اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۝	بے شک اللہ ہر چیز پر بہت قدرت والا ہے۔

اِنَّ اللّٰهَ (اِنَّ، اَللّٰهَ) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، اَللّٰهَ، اللہ (بے شک اللہ)

عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ، عَلٰى، حرف جار، پر، كُلِّ، مجرور، مضاف، ہر، شَیْءٍ، مضاف الیہ، چیز (ہر چیز پر)

قَدِیْرٌ، قُدْرَةٌ، مصدر سے صفت مشبہ، ہر کام کو حکمت کے ساتھ کرنے کی قدرت رکھنے والا، اللہ کا صفاتی نام (بہت قدرت والا)

وَاللّٰهُ اَخْرَجَكُمْ مِّنْۢ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ شَیْــًٔا ۙ وَّ جَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَ الْاَبْصَارَ وَ الْاَفْـِٕدَةَ ۙ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ۝	اور اللہ نے تمہیں تمہاری ماؤں کے پیٹوں سے نکالا تم کچھ بھی نہیں جانتے تھے اور اس نے تمہارے لیے کان اور آنکھیں اور دل بنا دیئے تاکہ تم شکر کرو

وَ اللّٰهُ (وَ، اَللّٰهُ) وَ، حرف عطف، اور، اَللّٰهُ، اللہ (اور اللہ)

اَخْرَجَكُمْ (اَخْرَجَ، كُمْ) اَخْرَجَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب اَخْرَجَ يُخْرِجُ، مصدر اِخْرَاجًا، نکالنا، اس نے نکالا، كُمْ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہیں (اس نے تمہیں نکالا)

مِّنْۢ بُطُوْنِ (مِنْ، بُطُوْنِ) مِنْ، حرف جار، سے، بُطُوْنِ، مجرور، پیٹوں، واحد، بَطْنٌ (پیٹوں سے)

اُمَّهٰتِكُمْ (اُمَّهٰتِ، كُمْ) اُمَّهٰتِ، مضاف، ماؤں، واحد، اُمٌّ، كُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہاری (تمہاری ماؤں کے) لَا تَعْلَمُوْنَ، فعل مضارع منفی جمع مذکر حاضر عَلِمَ يَعْلَمُ، مصدر عِلْمًا، جاننا (تم نہیں جانتے) شَیْــًٔا (کچھ بھی، کوئی چیز) وَّ، حرف عطف (اور)

جَعَلَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب جَعَلَ يَجْعَلُ، مصدر جَعْلًا، بنانا (اس نے بنا دیئے)

لَكُمُ (لَ، كُمْ) لَ، حرف جار، لیے، كُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (تمہارے لیے)

اَلسَّمْعَ، اسم، قوت سامعہ (کان) وَ، حرف عطف (اور) اَلْاَبْصَارَ، قوت باصرہ، آنکھیں، واحد، بَصَرِ،

وَ، حرف عطف (اور) اَلْاَفْـِٕدَةَ، دلوں، واحد، فُؤَادٌ،

لَعَلَّكُمْ (لَعَلَّ، كُمْ) لَعَلَّ، حرف مشبہ بالفعل، تاکہ، كُمْ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تم (تاکہ تم)

تَشْكُرُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر حاضر شَكَرَ يَشْكُرُ، مصدر شُكْرًا، شکر کرنا (تم شکر کرو)

اَلَمْ يَرَوْا اِلَى الطَّيْرِ مُسَخَّرٰتٍ فِيْ جَوِّ السَّمَآءِ ؕ	کیا اُنہوں نے پرندوں کی طرف نہیں دیکھا آسمان کی فضامیں مسخر ہیں۔

اَلَمْ يَرَوْا (اَ، لَمْ يَرَوْا) اَ، ہمزہ استفہامیہ، کیا، لَمْ يَرَوْا، فعل مضارع منفی جحد بلم جمع مذکر غائب رَاٰى يَرٰى، مصدر رُؤْيَةٌ، دیکھنا، لَمْ، کی وجہ سے ترجمہ (اُنہوں نے نہیں دیکھا)

اِلَى الطَّيْرِ (اِلٰى، اَلطَّيْرِ) اِلٰى، حرف جار، کی طرف، اَلطَّيْرِ، مجرور، پرندوں (پرندوں کی طرف)

مُسَخَّرٰتٍ، تَسْخِيْرٌ، مصدر سے اسم مفعول جمع مؤنث (مسخر ہیں)

فِيْ جَوِّ السَّمَآءِ (فِيْ، جَوِّ، اَلسَّمَآءِ) فِيْ، حرف جار، میں، جَوِّ، مجرور، مضاف، فضا، ہوا، جمع، جَوَآءٌ، اَلسَّمَآءِ، مضاف الیہ، آسمان کی، جمع، اَلسَّمٰوٰتِ (آسمان کی فضامیں)

مَا يُمْسِكُهُنَّ اِلَّا اللّٰهُ ؕ	انہیں اللہ کے سوا کوئی نہیں تھامتا۔

مَا، نافیہ (نہیں) يُمْسِكُهُنَّ (يُمْسِكُ، هُنَّ) يُمْسِكُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب اَمْسَكَ يُمْسِكُ، مصدر اِمْسَاكٌ، روکنا، تھامنا، وہ تھامتا ہے، هُنَّ، ضمیر جمع مؤنث غائب، انہیں (وہ تھامتا انہیں)

اِلَّا، کلمہ استثنا (مگر، سوا) اَللّٰهُ (اللہ کے)

اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ۝۷۹	بے شک اس میں ان لوگوں کیلئے یقیناً نشانیاں ہیں (جو) ایمان لاتے ہیں۔

اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل (بے شک)

فِيْ ذٰلِكَ، فِيْ، حرف جار، میں، ذٰلِكَ، مجرور، اسم اشارہ واحد مذکر بعید، اس (اس میں)

لَاٰيٰتٍ (لَ، اٰيٰتٍ) لَ، لام تاکید، یقیناً، اٰیٰتٍ، نشانیاں، واحد، اٰيَةٍ (یقیناً نشانیاں ہیں)

لِّقَوْمٍ (لِ، قَوْمٍ) لِ، حرف جار، کیلئے، قَوْمٍ، مجرور، قوم، لوگوں (لوگوں کیلئے)

يُّؤْمِنُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب اٰمَنَ يُؤْمِنُ، مصدر اِيْمَانًا، ایمان لانا (وہ ایمان لاتے ہیں)

وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُمْ مِّنْۢ بُيُوْتِكُمْ سَكَنًا	اور اللہ نے تمہارے لیے تمہارے گھروں میں رہنے کی جگہ بنادی ہے

وَ اللّٰهُ جَعَلَ (وَ، اَللّٰهُ، جَعَلَ) وَ، حرف عطف، اور، اَللّٰهُ، اللہ، جَعَلَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب جَعَلَ يَجْعَلُ، مصدر جَعْلًا، بنانا، اس نے بنادی (اور اللہ نے بنادی ہے)

لَكُمْ (لَ، كُمْ) لَ، حرف جار، لیے، كُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (تمہارے لیے)

مِّنْۢ بُيُوْتِكُمْ (مِنْ، بُيُوْتِ، كُمْ) مِنْ، حرف جار بمعنی فِیْ، میں، بُيُوْتِ، مجرور، مضاف، گھروں، واحد، بَيْتٌ، كُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (تمہارے گھروں میں)

سَكَنًا، سُكُوْنٌ، سے اسم (رہنے کی جگہ، تسکین، آرام، رحمت، سکون)

وَّجَعَلَ لَكُمْ مِّنْ جُلُوْدِ الْاَنْعَامِ بُيُوْتًا تَسْتَخِفُّوْنَهَا يَوْمَ ظَعْنِكُمْ وَيَوْمَ اِقَامَتِكُمْ ۙ	اور اس نے تمہارے لیے چوپاؤں کی کھالوں سے گھر بنائے۔ تم انہیں اپنے سفر کے دن اور اپنے قیام کے دن ہلکا پھلکا پاتے ہو۔

وَّ، حرف عطف (اور) جَعَلَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب جَعَلَ يَجْعَلُ، مصدر جَعْلًا، بنانا (اس نے بنائے) لَكُمْ (لَ، كُمْ) لَ، حرف جار، لیے، كُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (تمہارے لیے)

مِّنْ جُلُوْدِ الْاَنْعَامِ (مِنْ، جُلُوْدِ، اَلْاَنْعَامِ) مِنْ، حرف جار، سے، جُلُوْدِ، مجرور، مضاف، جلدوں، چمڑوں، کھالوں، واحد، جِلْدٌ، اَلْاَنْعَامِ، مضاف الیہ، چوپاؤں کی، مویشیوں، واحد، نِعْمٌ (چوپاؤں کی کھالوں سے) بُيُوْتًا، گھروں، واحد، بَيْتٌ،

تَسْتَخِفُّوْنَهَا (تَسْتَخِفُّوْنَ، هَا) تَسْتَخِفُّوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر حاضر اِسْتَخَفَّ يَسْتَخِفُّ، مصدر اِسْتِخْفَافٌ، ہلکا پلکا پانا، ہلکا سمجھنا، تم ہلکا پھلکا پاتے ہو، هَا، ضمیر واحد مؤنث غائب، اس، ضمیر کا مرجع جُلُوْدِ الْاَنْعَامِ ہے (تم انہیں ہلکا پھلکا پاتے ہو)

يَوْمَ ظَعْنِكُمْ (يَوْمَ، ظَعْنِ، كُمْ) يَوْمَ، مضاف، اسم ظرف، دن، ظَعْنِ، مضاف الیہ، مضاف، اسم و مصدر، سفر کرنا، کوچ کرنا، ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا، سفر، كُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے، اپنے (اپنے سفر کے دن) وَ، حرف عطف (اور)

يَوْمَ اِقَامَتِكُمْ (يَوْمَ اِقَامَةِ، كُمْ) يَوْمَ، مضاف، اسم ظرف، دن، اِقَامَةِ، مضاف الیہ، مضاف، اسم و مصدر، اقامت، قیام، كُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر، اپنے (اپنے قیام کے دن)

وَمِنْ اَصْوَافِهَا وَ اَوْبَارِهَا وَ اَشْعَارِهَآ اَثَاثًا وَّ مَتَاعًا اِلٰى حِيْنٍ ۝۸۰	اور ان کی اونوں سے اور ان کی پشموں سے اور ان کے بالوں سے گھر کا سامان اور ایک وقت تک فائدہ اٹھانے کی چیزیں (بنائیں)

وَ، حرف عطف (اور) مِنْ اَصْوَافِهَا (مِنْ، اَصْوَافِ، هَا) مِنْ، حرف جار، سے، اَصْوَافِ، مجرور، مضاف، بھیڑوں کی اونوں، واحد، صَوْفٌ، هَا، مضاف الیہ، ضمیر واحد مؤنث غائب، اس، ضمیر کا مرجع جُلُوْدِ الْاَنْعَامِ ہے (ان کی اونوں سے) وَ، حرف عطف (اور)

اَوْبَارِهَا (اَوْبَارِ، هَا) اَوْبَارِ، مضاف، اونٹ کی پشموں، واحد، وُبُرٌ، هَا، مضاف الیہ، ضمیر واحد مؤنث غائب، اس کی، ضمیر کا مرجع جُلُوْدِ الْاَنْعَامِ ہے (ان کی پشموں سے) وَ، حرف عطف (اور)

اَشْعَارِهَآ (اَشْعَارِ، هَا) اَشْعَارِ، مضاف، بالوں، واحد، شَعْرٌ، هَا، مضاف الیہ، ضمیر واحد مؤنث غائب، اس کے، ضمیر کا مرجع جُلُوْدِ الْاَنْعَامِ ہے (ان کے بالوں)

اَثَاثًا، گھر کا سامان، مال واسباب، اثاثہ جات، اس کا واحد نہیں ہوتا، وَّ، حرف عطف (اور)

مَتَاعًا، اسم مفرد نکرہ، اسم مصدر بمعنی مصدر (فائدہ اٹھانے کی چیز)

اِلٰی حِیْنٍ، اِلٰی، حرف جار، تک، حِیْنٍ، مجرور، اسم ظرف، ایک وقت، ایک مدت (ایک وقت تک)

وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُمْ مِّمَّا خَلَقَ ظِلٰلًا وَّجَعَلَ لَكُمْ مِّنَ الْجِبَالِ اَكْنَانًا	اور اللہ نے تمہارے لیے ان (چیزوں) سے جو اس نے پیدا کیں سائے بنائے اور اس نے تمہارے لیے پہاڑوں میں پناہ گاہیں بنائیں۔

وَ اللّٰهُ جَعَلَ (وَ، اَللّٰهُ، جَعَلَ) وَ، حرف عطف، اور، اَللّٰهُ، اللہ، جَعَلَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب جَعَلَ یَجْعَلُ، مصدر جَعْلًا، بنانا، اس نے بنائے (اور اللہ نے بنائے)

لَكُمْ (لَ، كُمْ) لَ، حرف جار، لیے، كُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (تمہارے لیے)

مِّمَّا (مِنْ، مَا) مِنْ، حرف جار، سے، مَا، مجرور، اسم موصول، جو (ان سے جو)

خَلَقَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب خَلَقَ یَخْلُقُ، مصدر خَلْقًا، پیدا کرنا (اس نے پیدا کیں)

ظِلٰلًا (سائے) واحد، ظِلٌّ، وَّ، حرف عطف (اور)

جَعَلَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب جَعَلَ یَجْعَلُ، مصدر جَعْلًا، بنانا (اس نے بنائیں)

لَكُمْ (لَ، كُمْ) لَ، حرف جار، لیے، كُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (تمہارے لیے)

مِّنَ الْجِبَالِ (مِنْ، اَلْجِبَالِ) مِنْ، حرف جار بمعنی فِیْ، میں، اَلْجِبَالِ، مجرور، پہاڑوں، واحد، جَبَلٌ (پہاڑوں میں) اَكْنَانًا، غاریں، چھپنے کی جگہ، پناہ گاہیں، واحد، كِنٌّ،

وَّجَعَلَ لَكُمْ سَرَابِيْلَ تَقِيْكُمُ الْحَرَّ وَ سَرَابِيْلَ تَقِيْكُمْ بَاْسَكُمْ ؕ	اور اس نے تمہارے لیے قمیضیں بنائیں وہ تمہیں گرمی سے بچاتی ہیں اور وہ قمیضیں (زرہیں) تمہیں تمہاری لڑائی میں بچاتی ہیں۔

وَّ، حرف عطف (اور) جَعَلَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب جَعَلَ یَجْعَلُ، مصدر جَعْلًا، بنانا (اس نے بنائیں) لَكُمْ (لَ، كُمْ) لَ، حرف جار، لیے، كُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (تمہارے لیے)

سَرَابِيْلَ (قمیضیں) کرتے، واحد، سِرْبَالٌ،

تَقِيْكُمُ (تَقِيْ، كُمْ) تَقِيْ، فعل مضارع واحد مؤنث غائب وَقٰى يَقِيْ، مصدر وِقَايَةٌ، بچانا، محفوظ رکھنا، وہ بچاتی، كُمْ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہیں (وہ تمہیں بچاتی ہیں) الْحَرَّ (گرمی) وَ، حرف عطف (اور)

سَرَابِيْلَ (قمیضیں) تَقِيْكُمُ (تَقِيْ، كُمْ) تَقِيْ، فعل مضارع واحد مؤنث غائب وَقٰى يَقِيْ، مصدر وِقَايَةٌ، بچانا، محفوظ رکھنا، وہ بچاتی ہیں، كُمْ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہیں (وہ تمہیں بچاتی ہیں)

بَأْسَكُمْ (بَأْسَ، كُمْ) بَأْسَ، مضاف، سختی، جنگ کی شدت، لڑائی، كُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہاری (تمہاری لڑائی میں)

كَذٰلِكَ يُتِمُّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكُمْ لَعَلَّكُمْ تُسْلِمُوْنَ ﴿۸۱﴾	اسی طرح وہ اپنی نعمت تم پر پوری کرتا ہے تاکہ تم فرمانبردار بن جاؤ۔

كَذٰلِكَ، كَ، حرف تشبیہ، مانند، طرح، جیسا، ذٰلِكَ، اسم اشارہ واحد مذکر بعید، اسی، اس (اسی طرح)

يُتِمُّ، فعل مضارع واحد مذکر غائب اَتَمَّ يُتِمُّ، مصدر اِتْمَامٌ، پورا کرنا (وہ پوری کرتا ہے)

نِعْمَتَهٗ (نِعْمَتَ، هٗ) نِعْمَتَ، مضاف، نعمت، هٗ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اپنی (اپنی نعمت)

عَلَيْكُمْ (عَلٰى، كُمْ) عَلٰى، حرف جار، پر، كُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر، تم (تم پر)

لَعَلَّكُمْ (لَعَلَّ، كُمْ) لَعَلَّ، حرف مشبہ بالفعل، تاکہ، كُمْ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تم (تاکہ تم)

تُسْلِمُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر حاضر اَسْلَمَ يُسْلِمُ، مصدر اِسْلَامٌ، تابعدار ہونا، فرمانبرداری کرنا (تم فرمانبردار بن جاؤ)

فَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّمَا عَلَيْكَ الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ﴿۸۲﴾	پھر اگر وہ پھر جائیں تو آپ کے ذمے سوائے اس کے نہیں کہ پیغام کھول کر پہنچا دینا ہے۔

فَاِنْ (فَ، اِنْ) فَ، حرف عطف، پھر، اِنْ، شرطیہ، اگر (پھر اگر)

تَوَلَّوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب تَوَلّٰى يَتَوَلّٰى، مصدر تَوَلِّيٌّ، منہ موڑنا، پھر جانا، اِنْ کی وجہ سے ترجمہ (وہ پھر

جائیں) فَاِنَّمَا(فَ،اِنَّمَا) فَ، حرف عطف،تو،اِنَّمَا، کلمہ حصر، بے شک، صرف، سوائے اس کے نہیں (تو سوائے اس کے نہیں) عَلَيْكَ(عَلٰى،كَ) عَلٰى، حرف جار، پر کے ذمے،كَ، مجرور، ضمیر واحد مذکر حاضر،آپ (آپ کے ذمے) الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ(اَلْبَلٰغُ، اَلْمُبِيْنُ) اَلْبَلٰغُ، موصوف، مصدر ہے، پہنچادینا، کافی ہونا،قرآن مجید میں بمعنی تبلیغ آیا ہے،اَلْمُبِيْنُ، صفت،اِبَانَةٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر،ظاہر کرنے والا،واضح طور ،صریح،کھول کر (کھول کر پیغام پہنچادینا ہے)

يَعْرِفُوْنَ نِعْمَتَ اللّٰهِ ثُمَّ يُنْكِرُوْنَهَا وَاَكْثَرُهُمُ الْكٰفِرُوْنَ ﴿۸۳﴾	وہ اللہ کی نعمت کو پہچانتے ہیں پھر وہ اس کا انکار کرتے ہیں اور ان میں سے اکثر ناشکری کرنے والے ہیں۔

يَعْرِفُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب عَرَفَ يَعْرِفُ، مصدر عِرْفَانٌ، پہچاننا (وہ پہچانتے ہیں)

نِعْمَتَ اللّٰهِ (نِعْمَتَ،اَللّٰهِ) نِعْمَتَ، مضاف نعمت،اَللّٰهِ، مضاف الیہ،اللہ کی (اللہ کی نعمت)

ثُمَّ، حرف عطف (پھر) يُنْكِرُوْنَهَا(يُنْكِرُوْنَ،هَا) يُنْكِرُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب اَنْكَرَ يُنْكِرُ، مصدر اِنْكَارًا، انکار کرنا،وہ انکار کرتے ہیں، هَا، ضمیر واحد مؤنث غائب،اس کا (وہ اس کا انکار کرتے ہیں)

وَ، حرف عطف (اور) اَكْثَرُهُمُ (اَكْثَرُ،هُمْ) اَكْثَرُ، مضاف، كَثْرَةٌ،سے افعل التفضیل کا صیغہ،بہت زیادہ،اکثر،هُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب،ان میں (ان میں سے اکثر)

الْكٰفِرُوْنَ، كُفْرًا، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، کفر کرنے والے،انکار کرنے والے ناشکری کرنے والے

وَيَوْمَ نَبْعَثُ مِنْ كُلِّ اُمَّةٍ شَهِيْدًا ثُمَّ لَا يُؤْذَنُ لِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَلَا هُمْ يُسْتَعْتَبُوْنَ ﴿۸۴﴾	اور جس دن ہم ہر امت سے ایک گواہ کھڑا کریں گے پھر ان لوگوں کو اجازت نہیں دی جائے گی جنہوں نے کفر کیا اور نہ ان کے عذر قبول کیے جائیں گے۔

وَ، حرف عطف (اور) يَوْمَ،اسم ظرف زمان ((جس) دن)

نَبْعَثُ، فعل مضارع جمع متکلم بَعَثَ يَبْعَثُ، مصدر بَعْثًا، بھیجنا، موت کے بعد دوبارہ اٹھانا، کھڑا کرنا (ہم کھڑا کریں گے) مِنْ كُلِّ اُمَّةٍ(مِنْ، كُلِّ،اُمَّةٍ)مِنْ، حرف جار،سے،كُلِّ، مجرور، مضاف، تمام،ہر،

اُمَّةٍ، مضاف الیہ، امت (ہر امت سے) شَهِيْدًا، شَهَادَةٌ وَ شُهُوْدَةٌ، سے اسم فاعل واحد مذکر، احوال کہنے والا (ایک گواہ) ثُمَّ، حرف عطف (پھر)

لَا يُؤْذَنُ، فعل مضارع مجہول منفی واحد مذکر غائب اَذِنَ يَاْذَنُ، مصدر اِذْنًا، اجازت دینا (اسے اجازت نہیں دی جائے گی) لِلَّذِيْنَ (لِ، اَلَّذِيْنَ) لِ، حرف جار، کو، اَلَّذِيْنَ، مجرور، اسم موصول جمع مذکر، وہ لوگ جو (ان لوگوں کو جنہوں نے) كَفَرُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب كَفَرَ يَكْفُرُ، مصدر كُفْرًا، کفر کرنا (انہوں نے کفر کیا) وَلَا هُمْ، وَ، حرف عطف، اور، لَا، نہ، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان کے (اور نہ ان کے) يُسْتَعْتَبُوْنَ، فعل مضارع مجہول جمع مذکر غائب اِسْتَعْتَبَ يَسْتَعْتِبُ، مصدر اِسْتِعْتَابًا، رضاجوئی کرنا، عتاب کو دور کرنا، عذر قبول کرنا، توبہ کا مطالبہ کرنا (ان کے عذر قبول کیے جائیں گے)

اور جب وہ لوگ جنہوں نے ظلم کیا عذاب کو دیکھیں گے تو وہ ان سے کم نہیں کیا جائے گا اور نہ انہیں مہلت دی جائے گی۔	وَاِذَا رَاَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوا الْعَذَابَ فَلَا يُخَفَّفُ عَنْهُمْ وَلَا هُمْ يُنْظَرُوْنَ ﴿۸۵﴾

وَاِذَا، وَ، حرف عطف، اور، اِذَا، اسم ظرف زمان، مستقبل بمعنی شرط جب (اور جب)

رَاَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب رَاٰى يَرٰى، مصدر رُؤْيَةٌ، دیکھنا، اِذَا، کی وجہ سے ترجمہ (وہ دیکھے گا)

اَلَّذِيْنَ، اسم موصول جمع مذکر (وہ لوگ جنہوں نے)

ظَلَمُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب ظَلَمَ يَظْلِمُ، مصدر ظُلْمًا، ظلم کرنا (اُنہوں نے ظلم کیا)

اَلْعَذَابَ (عذاب) فَلَا يُخَفَّفُ (فَ، لَا يُخَفَّفُ) فَ، حرف عطف، تو، لَا يُخَفَّفُ، فعل مضارع مجہول منفی واحد مذکر غائب خَفَّفَ يُخَفِّفُ، مصدر تَخْفِيْفًا، کم کرنا، ہلکا کرنا، وہ کم نہیں کیا جائے گا (تو وہ کم نہیں کیا جائے گا) عَنْهُمْ (عَنْ، هُمْ) عَنْ، حرف جار، سے، هُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، ان (ان سے)

وَلَا هُمْ، وَ، حرف عطف، اور، لَا، نہ، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، انہیں (اور نہ انہیں)

يُنْظَرُوْنَ، فعل مضارع مجہول جمع مذکر غائب اَنْظَرَ يُنْظِرُ، مصدر اِنْظَارٌ، مہلت دینا (انہیں مہلت دی جائے گی)

وَ اِذَا رَاَ الَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا شُرَكَآءَهُمْ قَالُوْا رَبَّنَا هٰٓؤُلَآءِ شُرَكَآؤُنَا الَّذِيْنَ كُنَّا نَدْعُوْا مِنْ دُوْنِكَ ۚ	اور جب وہ لوگ جنہوں نے شریک بنائے اپنے شریکوں کو دیکھیں گے (تو) وہ کہیں گے اے ہمارے رب! یہ ہمارے وہ شریک ہیں جنہیں ہم تیرے سوا پکارا کرتے تھے

وَ اِذَا، وَ، حرف عطف، اور، اِذَا، اسم ظرف زمان، متضمن بمعنی شرط، جب (اور جب)

رَاَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب رَاٰی يَرٰی، مصدر رُؤْيَةٌ، دیکھنا، اِذَا، کی وجہ سے ترجمہ (وہ دیکھے گا)

الَّذِيْنَ، اسم موصول جمع مذکر (وہ لوگ جنہوں نے)

اَشْرَكُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب اَشْرَكَ يُشْرِكُ، مصدر اِشْرَاكًا، شرک کرنا، شریک بنانا (اُنہوں نے شریک بنائے) شُرَكَآءَهُمْ (شُرَكَآءَ، هُمْ) شُرَكَآءَ، مضاف، شریکوں، باطل معبودوں، هُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اپنے (اپنے شریکوں کو)

قَالُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب قَالَ يَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، کہنا، اِذَا، کی وجہ سے ترجمہ (وہ کہیں گے)

رَبَّنَا، اصل میں، يَا رَبَّنَا، تھا (يَا، رَبَّ، نَا) يَا، حرف ندا محذوف ہے، اے، رَبَّنَا، منادٰی، رَبَّ، مضاف، رب، پروردگار، نَا، مضاف الیہ، ضمیر جمع متکلم، ہمارے (اے ہمارے رب)

هٰٓؤُلَآءِ، اسم اشارہ جمع مذکر قریب (یہ) شُرَكَآؤُنَا (شُرَكَآؤُ، نَا) شُرَكَآؤُ، مضاف، شریکوں، واحد، شَرِيْكٌ، نَا، مضاف الیہ، ضمیر جمع متکلم، ہمارے (ہمارے شریک) الَّذِيْنَ، اسم موصول جمع مذکر (وہ جنہیں)

كُنَّا، فعل ماضی جمع متکلم كَانَ يَكُوْنُ، مصدر كَوْنًا، ہونا (ہم تھے)

نَدْعُوْا، فعل مضارع جمع متکلم دَعَا يَدْعُوْ، مصدر دَعْوَةٌ، بلانا، پکارنا (ہم پکارا کرتے)

مِنْ دُوْنِكَ (مِنْ، دُوْنِ، كَ) مِنْ، حرف جار، ترجمہ کی ضرورت نہیں، دُوْنِ، مجرور، مضاف، علاوہ، سوا،

كَ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر حاضر، آپ کے، تیرے (تیرے سوا)

فَاَلْقَوْا اِلَيْهِمُ الْقَوْلَ اِنَّكُمْ لَكٰذِبُوْنَ ﴿۸۶﴾	تو وہ (شرکاء) ان کی طرف بات پھینک ماریں گے بلاشبہ تم یقیناً جھوٹے ہو۔

فَاَلْقَوْا (فَ، اَلْقَوْا) فَ، حرف عطف، تو، اَلْقَوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب اَلْقٰى يُلْقِيْ، مصدر اِلْقَآءٌ، ڈالنا، پھینک مارنا، ترجمہ بحوالہ قیامت، وہ پھینک ماریں گے (تو وہ پھینک ماریں گے)

اِلَيْهِمُ (اِلٰى، هِمْ) اِلٰى، حرف جار، کی طرف، هِمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، ان (ان کی طرف)

الْقَوْلَ (بات) اِنَّكُمْ (اِنَّ، كُمْ) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، بلاشبہ، كُمْ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تم (بلاشبہ تم) لَكٰذِبُوْنَ (لَ، كٰذِبُوْنَ) لَ، لام تاکید، ضرور، یقیناً، كٰذِبُوْنَ، كِذْبٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، جھوٹ بولنے والے، جھوٹے، واحد، كَاذِبٌ (یقیناً جھوٹے)

وَ اَلْقَوْا اِلَى اللّٰهِ يَوْمَئِذِ اِلسَّلَمَ وَ ضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿۸۷﴾	اور اس دن وہ اللہ کی طرف فرمانبرداری پیش کریں گے اور ان سے گم ہو جائے گا جو وہ جھوٹ باندھتے تھے۔

وَ، حرف عطف (اور) اَلْقَوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب اَلْقٰى يُلْقِيْ، مصدر اِلْقَآءٌ، ڈالنا، پیش کرنا، پھینک مارنا، ترجمہ بحوالہ قیامت (وہ پیش کریں گے)

اِلَى اللّٰهِ (اِلٰى، اَللّٰهِ) اِلٰى، حرف جار، کی طرف، اَللّٰهِ، مجرور، اللہ (اللہ کی طرف)

يَوْمَئِذٍ (يَوْمَ، اِذٍ) يَوْمَ، مضاف، دن، اِذٍ، مضاف الیہ، اس (اس دن)

اَلسَّلَمَ، تَسْلِيْمٌ، مصدر سے اسم، فرمانبرداری، اطاعت (عاجزی) وَ، حرف عطف (اور)

ضَلَّ، فعل ماضی واحد مذکر غائب ضَلَّ يَضِلُّ، مصدر ضَلَالًا، گمراہ ہونا، گم ہونا، حوالہ قیامت کی وجہ سے ترجمہ (گم ہو جائے گا) عَنْهُمْ (عَنْ، هُمْ) عَنْ، حرف جار، سے، هُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، ان (ان سے) مَّا، اسم موصول (جو) كَانُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب كَانَ يَكُوْنُ، مصدر كَوْنًا، ہونا (وہ تھے) يَفْتَرُوْنَ فعل مضارع جمع مذکر غائب اِفْتَرٰى يَفْتَرِيْ مصدر اِفْتِرَآءٌ، جھوٹ باندھنا (وہ جھوٹ

باندھتے)

اَلَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ زِدْنٰهُمْ عَذَابًا فَوْقَ الْعَذَابِ بِمَا كَانُوْا يُفْسِدُوْنَ ﴿۸۸﴾	وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا اور اُنہوں نے اللہ کی راہ سے روکا ہم انہیں عذاب پر عذاب زیادہ دیں گے اس وجہ سے جو وہ فساد کرتے تھے۔

اَلَّذِيْنَ، اسم موصول جمع مذکر (وہ لوگ جنہوں نے)

كَفَرُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب كَفَرَ يَكْفُرُ، مصدر كُفْرًا، کفر کرنا، انکار کرنا (اُنہوں نے کفر کیا)

وَ، حرف عطف (اور) صَدُّوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب صَدَّ يَصُدُّ، مصدر صَدًّا، صُدُوْدًا، رکنا، روکنا (اُنہوں نے روکا) عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ (عَنْ، سَبِيْلِ، اَللّٰهِ) عَنْ، حرف جار، سے، سَبِيْلِ، مجرور، مضاف، راہ، اَللّٰهِ، مضاف الیہ، اللہ کی (اللہ کی راہ سے)

زِدْنٰهُمْ (زِدْنَا، هُمْ) زِدْنَا، فعل ماضی جمع متکلم زَادَ يَزِيْدُ، مصدر زِيَادَةً، زیادہ دینا، حوالہ قیامت ترجمہ، ہم زیادہ دیں گے، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، انہیں (ہم انہیں زیادہ دیں گے) عَذَابًا (عذاب)

فَوْقَ الْعَذَابِ (فَوْقَ، اَلْعَذَابِ) فَوْقَ، مضاف، اسم ظرف، اوپر، پر، اَلْعَذَابِ، مضاف الیہ، عذاب (عذاب پر) بِمَا (بِ، مَا) بِ، حرف جار، وجہ سے، مَا، مجرور، اسم موصول، جو (اس وجہ سے جو)

كَانُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب كَانَ يَكُوْنُ، مصدر كَوْنًا، ہونا (وہ تھے)

يُفْسِدُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب اَفْسَدَ يُفْسِدُ، مصدر اِفْسَادًا، فساد کرنا (وہ فساد کرتے)

وَيَوْمَ نَبْعَثُ فِيْ كُلِّ اُمَّةٍ شَهِيْدًا عَلَيْهِمْ مِّنْ اَنْفُسِهِمْ وَجِئْنَا بِكَ شَهِيْدًا عَلٰى هٰٓؤُلَآءِ ؕ	اور جس دن ہم ہر امت میں ان پر انہی میں سے ایک گواہ کھڑا کریں گے اور آپ کو ان لوگوں پر گواہ لائیں گے

وَ، حرف عطف (اور) يَوْمَ، اسم ظرف زمان ((جس) دن)

نَبۡعَثُ، فعل مضارع جمع متکلم بَعَثَ يَبۡعَثُ، مصدر بَعۡثًا، موت کے بعد دوبارہ اٹھانا، کھڑا کرنا (ہم کھڑا کریں گے) فِيۡ كُلِّ اُمَّةٍ، فِيۡ، حرف جار، میں، كُلِّ، مجرور، مضاف، ہر، اُمَّةٍ، مضاف الیہ، امت (ہر امت میں)
شَهِيۡدًا، شُهُوۡدًا، سے اسم فاعل واحد مذکر (ایک گواہ، شاہد، احوال کہنے والا)
عَلَيۡهِمۡ (عَلٰى، هِمۡ) عَلٰى، حرف جار، پر، هِمۡ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، ان (ان پر)
مِّنۡ اَنۡفُسِهِمۡ (مِنۡ، اَنۡفُسِ، هِمۡ) مِنۡ، حرف جار، سے، اَنۡفُسِ، مجرور، مضاف، نفسوں، جانوں، هِمۡ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان کے (ان کے نفسوں میں سے، انہی میں سے)
وَ، حرف عطف (اور) جِئۡنَا، فعل ماضی جمع متکلم جَآءَ يَجِيۡٓءُ، مصدر مَجِيۡٓءٌ، آنا، صلہ میں لفظ باء سے شروع ہو رہا ہے اس لیے ترجمہ، لانا، اور احوال قیامت سے ترجمہ ہوگا (ہم لائیں گے)
بِكَ (بِ، كَ) بِ، حرف جار، کو، كَ، مجرور، ضمیر واحد مذکر حاضر، آپ (آپ کو)
شَهِيۡدًا، شَهَادَةٌ وَشُهُوۡدًا، سے اسم فاعل (گواہ، شاہد)
عَلٰى هٰٓؤُلَآءِ، عَلٰى، حرف جار، پر، هٰٓؤُلَآءِ، مجرور، اسم اشارہ جمع قریب، ان لوگوں (ان لوگوں پر)

وَ نَزَّلۡنَا عَلَيۡكَ الۡكِتٰبَ تِبۡيَانًا لِّكُلِّ شَىۡءٍ وَّهُدًى وَّ رَحۡمَةً وَّ بُشۡرٰى لِلۡمُسۡلِمِيۡنَ ﴿۸۹﴾ ع	اور ہم نے آپ پر یہ کتاب نازل کی (جس میں) ہر چیز کا کھلا بیان ہے اور مسلمانوں کیلئے ہدایت اور رحمت اور خوشخبری ہے۔

ع ١٢ ٦ ١٨

وَ، حرف عطف (اور) نَزَّلۡنَا، فعل ماضی جمع متکلم نَزَّلَ يُنَزِّلُ، مصدر تَنۡزِيۡلًا، اتارنا، نازل کرنا (ہم نے نازل کی) عَلَيۡكَ (عَلٰى، كَ) عَلٰى، حرف جار، پر، كَ، مجرور، ضمیر واحد مذکر حاضر، آپ (آپ پر)
الۡكِتٰبَ، کتاب (قرآن) تِبۡيَانًا، مصدر ہے، بَانَ يَبِيۡنُ، کا، کھلا بیان (وضاحت)
لِّكُلِّ شَىۡءٍ (لِ، كُلِّ، شَىۡءٍ) لِ، حرف جار، کا، كُلِّ، مجرور، مضاف، ہر، شَىۡءٍ، مضاف الیہ، چیز (ہر چیز کا)
وَّ، حرف عطف (اور) هُدًى، اسم مصدر (ہدایت) وَّ، حرف عطف (اور) رَحۡمَةً، مصدر (رحمت)

وَّ، حرف عطف (اور) بُشۡرٰی، اسم (خوشخبری)

لِلۡمُسۡلِمِيۡنَ (لِ، اَلۡمُسۡلِمِيۡنَ) لِ، حرف جار، کیلئے، اَلۡمُسۡلِمِيۡنَ، مجرور، اِسۡلَامٌ، سے اسم فاعل جمع مذکر، مسلمانوں، فرمانبر داروں، واحد، مُسۡلِمٌ (مسلمانوں کیلئے)

اِنَّ اللّٰهَ يَاۡمُرُ بِالۡعَدۡلِ وَالۡاِحۡسَانِ وَاِيۡتَآئِ ذِى الۡقُرۡبٰى وَيَنۡهٰى عَنِ الۡفَحۡشَآءِ وَالۡمُنۡكَرِ وَالۡبَغۡىِ ۚ	بے شک اللہ تعالیٰ عدل اور احسان اور قرابت والوں کو دینے کا حکم دیتا ہے اور وہ بے حیائی اور برے کام اور ظلم وزیادتی سے منع کرتا ہے۔

اِنَّ اللّٰهَ (اِنَّ، اَللّٰهَ) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، اَللّٰهَ، اللہ (بے شک اللہ)

يَاۡمُرُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب اَمَرَ يَاۡمُرُ، مصدر اَمۡرًا، حکم دینا (وہ حکم دیتا ہے)

بِالۡعَدۡلِ (بِ، اَلۡعَدۡلِ) بِ، حرف جار، کا، اَلۡعَدۡلِ، مجرور، عدل (عدل کا) وَ، حرف عطف (اور) الۡاِحۡسَانِ، نیکی (احسان) وَ، حرف عطف (اور) اِيۡتَآئِ، مصدر (دینا)

ذِى الۡقُرۡبٰى (ذِىۡ، اَلۡقُرۡبٰى) ذِىۡ، مضاف، والا، صاحب، اسماء ستہ مکبّرہ میں سے ہے، اَلۡقُرۡبٰى، اسم مصدر، رشتہ داری، قرابت (قرابت والے) وَ، حرف عطف (اور) يَنۡهٰى، فعل مضارع واحد مذکر غائب نَهٰى يَنۡهٰى، مصدر نَهۡىٌ، روکنا، منع کرنا (وہ منع کرتا ہے) عَنِ الۡفَحۡشَآءِ (عَنۡ، اَلۡفَحۡشَآءِ) عَنۡ، حرف جار، سے، اَلۡفَحۡشَآءِ، مجرور، اسم (برائی، بے حیائی) وَ، حرف عطف (اور) اَلۡمُنۡكَرِ، اِنۡكَارٌ، مصدر سے اسم مفعول، وہ قول و فعل جن سے شریعت نے منع کیا ہو (برے کام) وَ، حرف عطف (اور) اَلۡبَغۡىِ، مصدر، میانہ روی سے بڑھنے کی خواہش، سرکشی، ضد (ظلم وزیادتی)

يَعِظُكُمۡ لَعَلَّكُمۡ تَذَكَّرُوۡنَ ۝٩٠	وہ تمہیں نصیحت کرتا ہے تاکہ تم نصیحت حاصل کرو۔

يَعِظُكُمۡ (يَعِظُ، كُمۡ) يَعِظُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب وَعَظَ يَعِظُ، مصدر وَعۡظًا، نصیحت کرنا، وہ نصیحت کرتا ہے، كُمۡ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہیں (وہ تمہیں نصیحت کرتا ہے)

لَعَلَّكُمۡ (لَعَلَّ، كُمۡ) لَعَلَّ، حرف مشبہ بالفعل، تاکہ، کُمۡ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تم (تاکہ تم)

تَذَكَّرُوۡنَ، اصل میں تَتَذَكَّرُوۡنَ، تھا، ایک تا، تخفیف کیلئے حذف ہے، فعل مضارع جمع مذکر حاضر تَذَكَّرَ يَتَذَكَّرُ، مصدر تَذَكُّرٌ، نصیحت حاصل کرنا (تم نصیحت حاصل کرو)

وَ اَوۡفُوۡا بِعَهۡدِ اللّٰهِ اِذَا عٰهَدۡتُّمۡ	اور تم اللہ کے عہد کو پورا کرو جب تم عہد کرو۔

وَ، حرف عطف (اور) اَوۡفُوۡا، فعل امر جمع مذکر حاضر اَوۡفٰى يُوۡفِيۡ، مصدر اِيۡفَآءٌ، وعدہ پورا کرنا (تم پورا کرو)

بِعَهۡدِ اللّٰهِ (بِ، عَهۡدِ، اَللّٰهِ) بِ، حرف جار، کو، عَهۡدِ، مجرور، مضاف، عہد، اَللّٰهِ، مضاف الیہ، اللہ کے (اللہ کے عہد کو) اِذَا، اسم ظرف زمان، مستقبل پر دلالت کرتا ہے بمعنی شرط (جب)

عٰهَدۡتُّمۡ، فعل ماضی جمع مذکر حاضر عَاهَدَ يُعَاهِدُ، مصدر مُعَاهَدَةٌ، عہد کرنا، معاہدہ کرنا، اِذَا، کی وجہ سے ترجمہ (تم عہد کرو)

وَلَا تَنۡقُضُوا الۡاَيۡمَانَ بَعۡدَ تَوۡكِيۡدِهَا وَقَدۡ جَعَلۡتُمُ اللّٰهَ عَلَيۡكُمۡ كَفِيۡلًا ؕ	اور تم قسموں کو ان کے پختہ کرنے کے بعد مت توڑو حالانکہ یقیناً تم نے اللہ کو اپنے اوپر ضامن بنایا ہے۔

وَ، حرف عطف (اور) لَا تَنۡقُضُوۡا، فعل نہی جمع مذکر حاضر نَقَضَ يَنۡقُضُ، مصدر نَقۡضًا (عہد نامہ) کی بے حرمتی کرنا، ختم کرنا، توڑنا (تم مت توڑو)

الۡاَيۡمَانَ، قسمیں، واحد، يَمِيۡنٌ، اصل معنی داہنے ہاتھ کے ہیں، حلف کیلئے بطور استعارہ استعمال ہوتا ہے۔

بَعۡدَ (بعد) تَوۡكِيۡدِهَا، تَوۡكِيۡدِ، مضاف، مصدر وَكَّدَ يُوَكِّدُ، کا، پختہ کرنا، استوار کرنا، پختگی، هَا، مضاف الیہ، ضمیر واحد مؤنث غائب، اس، ضمیر کا مرجع الۡاَيۡمَانَ ہے (انکے پختہ کرنے)

وَ، حالیہ (حالانکہ) قَدۡ، کلمہ تحقیق (یقیناً)

جَعَلۡتُمُ، فعل ماضی جمع مذکر حاضر جَعَلَ يَجۡعَلُ، مصدر جَعۡلًا، بنانا (تم نے بنایا) اللّٰهَ (اللہ)

عَلَيۡكُمۡ (عَلٰى، كُمۡ) عَلٰى، حرف جار، اوپر، كُمۡ، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر، اپنے (اپنے اوپر)

كَفِيۡلًا، كِفَالَةٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر (ذمہ دار، ضامن)

اِنَّ اللّٰہَ یَعۡلَمُ مَا تَفۡعَلُوۡنَ ﴿۹۱﴾	بے شک اللہ جانتا ہے جو تم کرتے ہو۔

اِنَّ اللّٰہَ (اِنَّ، اَللّٰہَ) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، اَللّٰہَ، اللہ (بے شک اللہ)

یَعۡلَمُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب عَلِمَ یَعۡلَمُ، مصدر عِلۡمًا، جاننا (وہ جانتا ہے) مَا، اسم موصول (جو)

تَفۡعَلُوۡنَ، فعل مضارع جمع مذکر حاضر فَعَلَ یَفۡعَلُ، مصدر فِعۡلًا، کام کرنا، کرنا (تم کرتے ہو)

وَلَا تَکُوۡنُوۡا کَالَّتِیۡ نَقَضَتۡ غَزۡلَهَا مِنۡۢ بَعۡدِ قُوَّۃٍ اَنۡکَاثًا ؕ	اور تم اس عورت کی طرح نہ ہو جاؤ جس نے اپنا کاتا ہوا سوت مضبوطی (سے کاتنے) کے بعد ٹکڑے ٹکڑے کر کے توڑ ڈالا۔

وَ، حرف عطف (اور) لَا تَکُوۡنُوۡا، فعل نہی جمع مذکر حاضر کَانَ یَکُوۡنُ، مصدر کَوۡنًا، ہونا (تم نہ ہو جاؤ)

کَالَّتِیۡ (كَ، اَلَّتِیۡ) كَ، حرف تشبیہ، حرف جار، مانند، طرح، اَلَّتِیۡ، مجرور، اسم موصول واحد مؤنث، اس (عورت) جس نے (اس (عورت) کی طرح جس نے)

نَقَضَتۡ، فعل ماضی واحد مؤنث غائب نَقَضَ یَنۡقُضُ، مصدر نَقۡضًا، توڑنا، ختم کرنا (اس نے توڑ ڈالا)

غَزۡلَهَا (غَزۡلَ، هَا) غَزۡلَ، مضاف، اسم فعل مصدر بمعنی اسم مفعول، کاتا ہوا سوت، هَا، مضاف الیہ ضمیر واحد مؤنث غائب، اپنا (اپنا کاتا ہوا سوت)

مِنۡۢ بَعۡدِ قُوَّۃٍ (مِنۡ، بَعۡدِ، قُوَّۃٍ) مِنۡ، حرف جار، ترجمہ کی ضرورت نہیں، بَعۡدِ، مجرور، مضاف، بعد، قُوَّۃٍ، مضاف الیہ، طاقت کے، مضبوطی کے (مضبوطی کے بعد) اَنۡکَاثًا، ٹکڑے ٹکڑے، واحد، نِکۡثٌ، جس کے معنی سوت کے ٹکڑے سے ہے، جو دوبارہ کاتنے کیلئے توڑا جائے۔

تَتَّخِذُوۡنَ اَیۡمَانَکُمۡ دَخَلًاۢ بَیۡنَکُمۡ اَنۡ تَکُوۡنَ اُمَّۃٌ ہِیَ اَرۡبٰی مِنۡ اُمَّۃٍ ؕ	تم اپنی قسموں کو اپنے درمیان دھوکہ دینے کا ذریعہ بناتے ہو (اس لیے) کہ ایک جماعت وہ (مال میں دوسری) جماعت سے زیادہ بڑھی ہوئی ہو۔

تَتَّخِذُوۡنَ، فعل مضارع جمع مذکر حاضر اِتَّخَذَ یَتَّخِذُ، مصدر اِتِّخَاذًا، بنانا (تم بناتے ہو)

اَيْمَانَكُمْ (اَيْمَانَ، كُمْ) اَيْمَانَ، مضاف، قسمیں، واحد يَمِيْنٌ، كُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر، اپنی (اپنی قسموں کو) دَخَلًا، دَخِلَ يَدْخَلُ، کا مصدر ہے، ملاوٹ جو فساد کیلئے ہو، فساد، دغا، بہانہ، دھوکہ دینے کا ذریعہ، بَيْنَكُمْ (بَيْنَ، كُمْ) بَيْنَ، مضاف، درمیان، كُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر، اپنے (اپنے درمیان) اَنْ، مصدریہ (کہ) تَكُوْنَ، فعل مضارع واحد مؤنث غائب كَانَ يَكُوْنُ، مصدر كَوْنًا، ہونا (وہ ہو) اُمَّةٌ (ایک امت۔ایک جماعت) هِيَ، ضمیر واحد مؤنث غائب (وہ)

اَرْبٰى، رِبَا، سے جس کے معنی بڑھنے اور چڑھنے کے ہیں، افعل التفضیل کا صیغہ (زیادہ بڑھی ہوئی)

مِنْ اُمَّةٍ (مِنْ، اُمَّةٍ) مِنْ، حرف جار، سے، اُمَّةٍ، مجرور، جماعت ((دوسری) جماعت سے)

اِنَّمَا يَبْلُوْكُمُ اللّٰهُ بِهٖ ؕ	اللہ تمہیں اس (عہد) کے ذریعے صرف آزماتا ہے۔

اِنَّمَا، کلمہ حصر (بے شک، صرف، سوائے اس کے نہیں)

يَبْلُوْكُمْ (يَبْلُوْ، كُمْ) يَبْلُوْ، فعل مضارع واحد مذکر غائب بَلَا يَبْلُوْ، مصدر بَلَآءٌ، آزمانا، وہ آزماتا ہے، كُمْ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہیں (وہ تمہیں آزماتا ہے) اللّٰهُ (اللہ)

بِهٖ (بِ، ہٖ) بِ، حرف جار، کے ذریعے، ہٖ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس (اس کے ذریعے)

وَ لَيُبَيِّنَنَّ لَكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ مَا كُنْتُمْ فِيْهِ تَخْتَلِفُوْنَ ﴿۹۲﴾	اور یقیناً قیامت کے دن وہ تمہارے لیے ضرور کھول کر بیان کرے گا جس میں تم اختلاف کرتے تھے۔

وَ، حرف عطف (اور) لَيُبَيِّنَنَّ (لَ، يُبَيِّنَنَّ) لَ، لام تاکید، یقیناً، يُبَيِّنَنَّ، فعل مضارع بانون تاکید ثقیلہ واحد مذکر غائب بَيَّنَ يُبَيِّنُ، مصدر تَبْيِيْنٌ، کھول کر بیان کرنا، وہ ضرور کھول کر بیان کرے گا (یقیناً وہ ضرور کھول کر بیان کرے گا) لَكُمْ (لَ، كُمْ) لَ، حرف جار، لیے، كُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (تمہارے لیے) يَوْمَ الْقِيٰمَةِ، يَوْمَ، مضاف، دن، اَلْقِيٰمَةِ، مضاف الیہ، قیامت کے (قیامت کے دن) مَا، اسم موصول (جس) كُنْتُمْ، فعل ماضی جمع مذکر حاضر كَانَ يَكُوْنُ، مصدر كَوْنًا، ہونا (تم تھے)

فِيۡهِ (فِیۡ، هِ) فِیۡ، حرف جار، میں، هِ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس (اس میں) تَخۡتَلِفُوۡنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب اِخۡتَلَفَ يَخۡتَلِفُ، مصدر اِخۡتِلَافٌ، اختلاف کرنا (تم اختلاف کرتے)

وَ لَوۡ شَآءَ اللّٰهُ لَجَعَلَكُمۡ اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّ لٰكِنۡ يُّضِلُّ مَنۡ يَّشَآءُ وَ يَهۡدِىۡ مَنۡ يَّشَآءُ ؕ	اور اگر اللہ چاہتا یقیناً وہ تمہیں ایک امت بنادیتا اور لیکن وہ گمراہ کرتا ہے جسے چاہتا ہے اور وہ ہدایت دیتا ہے جسے چاہتا ہے۔

وَ لَوۡ، وَ، حرف عطف، اور، لَوۡ، شرطیہ، اگر (اور اگر)

شَآءَ اللّٰهُ (شَآءَ، اَللّٰهُ) شَآءَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب شَآءَ يَشَآءُ، مصدر مَشِيۡٓـئَةٌ، چاہنا، لَوۡ، کی وجہ سے ترجمہ، وہ چاہتا، اَللّٰهُ، اللہ (اللہ چاہتا)

لَجَعَلَكُمۡ (لَ، جَعَلَ، كُمۡ) لَ، لام تاکید، ضرور، یقیناً، جَعَلَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب جَعَلَ يَجۡعَلُ، مصدر جَعۡلًا، بنانا، لَوۡ، کی وجہ سے ترجمہ، وہ بنادیتا، كُمۡ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہیں (یقیناً وہ تمہیں بنادیتا)

اُمَّةً وَّاحِدَةً، اُمَّةً، موصوف امت، وَاحِدَةً، صفت، اسم فاعل واحد مؤنث مرفوع نکرہ، ایک (ایک امت)

وَّ، حرف عطف (اور) لٰكِنۡ، حرف استدراک (لیکن)

يُّضِلُّ، فعل مضارع واحد مذکر غائب اَضَلَّ يُضِلُّ، مصدر اِضۡلَالًا، گمراہ کرنا (وہ گمراہ کرتا ہے)

مَنۡ، اسم موصول (جسے) يَّشَآءُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب شَآءَ يَشَآءُ، مصدر مَشِيۡٓـئَةٌ، چاہنا (وہ چاہتا ہے) وَ، حرف عطف (اور) يَهۡدِىۡ، فعل مضارع واحد مذکر غائب هَدٰى يَهۡدِىۡ، مصدر هِدَايَةٌ، ہدایت دینا (وہ ہدایت دیتا ہے) مَنۡ، اسم موصول (جسے)

يَّشَآءُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب شَآءَ يَشَآءُ، مصدر مَشِيۡٓـئَةٌ، چاہنا (وہ چاہتا ہے)

وَ لَتُسۡـَٔـلُنَّ عَمَّا كُنۡتُمۡ تَعۡمَلُوۡنَ ﴿۹۳﴾	اور یقیناً تم اس کے بارے میں ضرور پوچھے جاؤ گے جو تم عمل کیا کرتے تھے۔

وَ، حرف عطف (اور) لَتُسۡـَٔـلُنَّ، لَ، لام تاکید، یقیناً، تُسۡـَٔـلُنَّ، فعل مضارع مجہول بانون تاکید ثقیلہ جمع

مذکر حاضر سَاَلَ یَسْئَلُ، مصدر سُؤَالٌ، سوال کرنا، پوچھنا، تم ضرور پوچھے جاؤ گے (یقیناً تم ضرور پوچھے جاؤ گے) عَمَّا (عَنْ، مَا) عَنْ، حرف جار، کے بارے میں، مَا، مجرور، اسم موصول، جو (اس کے بارے میں جو) كُنْتُمْ، فعل ماضی جمع مذکر حاضر كَانَ يَكُوْنُ، مصدر كَوْنًا، ہونا (تم تھے)

تَعْمَلُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر حاضر عَمِلَ يَعْمَلُ، مصدر عَمَلًا، عمل کرنا (تم عمل کیا کرتے)

وَلَا تَتَّخِذُوْٓا اَيْمَانَكُمْ دَخَلًاۢ بَيْنَكُمْ فَتَزِلَّ قَدَمٌۢ بَعْدَ ثُبُوْتِهَا وَتَذُوْقُوا السُّوْٓءَ بِمَا صَدَدْتُّمْ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۚ	اور تم اپنی قسموں کو اپنے درمیان دھوکہ دینے کا ذریعہ مت بناؤ ورنہ کوئی قدم (اسلام پر) جمنے کے بعد پھسل جائے گا اور تم برائی (سزا) کامزہ چکھو گے اس وجہ سے جو تم نے اللہ کی راہ سے روکا۔

وَلَا تَتَّخِذُوْٓا، وَ، حرف عطف، اور، لَا تَتَّخِذُوْا، فعل نہی جمع مذکر حاضر اِتَّخَذَ يَتَّخِذُ، مصدر اِتِّخَاذًا، بنانا (تم مت بناؤ) اَيْمَانَكُمْ، اَيْمَانَ، مضاف، قسموں، واحد، يَمِيْنٌ، كُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر، اپنی (اپنی قسموں کو) دَخَلًا، دَخِلَ يَدْخَلُ، کا مصدر، دھوکہ دینے کا ذریعہ، بہانہ، دغا، فساد، بَيْنَكُمْ (بَيْنَ، كُمْ) بَيْنَ، مضاف، درمیان، كُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر، اپنے (اپنے درمیان) فَتَزِلَّ (فَ، تَزِلَّ) فَ، حرف عطف، سببیہ، ورنہ، تَزِلَّ، فعل مضارع واحد مؤنث غائب زَلَّ يَزِلُّ، مصدر زَلَلًا، پھسلنا (وہ پھسل جائے گا) قَدَمٌ (کوئی قدم)

بَعْدَ ثُبُوْتِهَا (بَعْدَ، ثُبُوْتِ، هَا) بَعْدَ، مضاف، بعد، ثُبُوْتِ، مضاف الیہ، مضاف، مصدر ہے، جمنا، ثابت رہنا، استوا ہونا، هَا، مضاف الیہ، ضمیر واحد مؤنث غائب، اپنے (اپنے جمنے کے بعد)

وَ، حرف عطف (اور) تَذُوْقُوْا، فعل مضارع جمع مذکر حاضر ذَاقَ يَذُوْقُ، مصدر ذَوْقٌ، مزہ چکھنا (تم مزہ چکھو گے) السُّوْٓءَ، سَوْءٌ، مصدر سے اسم (برائی) بِمَا (بِ، مَا) بِ، حرف جار، وجہ سے، مَا، مجرور، اسم موصول، جو (اس وجہ سے جو) صَدَدْتُّمْ، فعل ماضی جمع مذکر حاضر صَدَّ يَصُدُّ، مصدر صَدًّا وَصُدُوْدًا، روکنا (تم نے روکا) عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ (عَنْ، سَبِيْلِ، اَللّٰهِ) عَنْ، حرف جار، سے، سَبِيْلِ، مجرور، مضاف، راہ،

اَللّٰهِ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اللہ کی (اللہ کی راہ سے)

وَ لَكُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ۝	اور تمہارے لیے بہت بڑا عذاب ہو۔

وَ، حرف عطف (اور) لَكُمْ (لَ، كُمْ) لَ، حرف جار، لیے، كُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (تمہارے لیے) عَذَابٌ عَظِيْمٌ، عَذَابٌ، موصوف، عذاب، عَظِيْمٌ، عَظْمَةٌ، سے صفت مشبہ، بہت بڑا (بہت بڑا عذاب)

وَلَا تَشْتَرُوْا بِعَهْدِ اللّٰهِ ثَمَنًا قَلِيْلًا ؕ	اور تم اللہ کے عہد کو تھوڑی سی قیمت کے بدلے میں مت بیچو

وَ، حرف عطف (اور) لَا تَشْتَرُوْا، فعل نہی جمع مذکر حاضر اِشْتَرٰى يَشْتَرِىْ، مصدر اِشْتِرَآءٌ، خریدنا، بیچنا (تم مت بیچو) بِعَهْدِ اللّٰهِ (بِ، عَهْدِ، اَللّٰهِ) بِ، حرف جار، بدلے میں، عَهْدِ، مجرور، مضاف، عہد، اَللّٰهِ، مضاف الیہ، اللہ کے (اللہ کے عہد کے بدلے میں)

ثَمَنًا قَلِيْلًا، ثَمَنًا، موصوف، قیمت، قَلِيْلًا، قِلَّةٌ، سے صفت مشبہ، بہت کم، تھوڑی سی (تھوڑی سی قیمت)

اِنَّمَا عِنْدَ اللّٰهِ هُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝	بے شک (جو) اللہ کے پاس ہے وہ تمہارے لیے بہتر ہے اگر تم جانتے ہو۔

اِنَّمَا، کلمہ حصر، سوائے اس کے نہیں (بے شک)

عِنْدَ اللّٰهِ (عِنْدَ، اَللّٰهِ) عِنْدَ، مضاف، پاس، ہاں، اَللّٰهِ، مضاف الیہ، اللہ کے (اللہ کے پاس)

هُوَ، ضمیر واحد مذکر غائب (وہ) خَيْرٌ (بہتر، اچھا)

لَّكُمْ (لَ، كُمْ) لَ، حرف جار، لیے، كُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (تمہارے لیے)

اِنْ، شرطیہ (اگر) كُنْتُمْ، فعل ماضی جمع مذکر حاضر كَانَ يَكُوْنُ، مصدر كَوْنًا، ہونا، اِنْ کی وجہ سے ترجمہ (تم ہو) تَعْلَمُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر حاضر عَلِمَ يَعْلَمُ، مصدر عِلْمًا، جاننا (تم جانتے)

مَا عِنْدَكُمْ يَنْفَدُ وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ بَاقٍ ؕ	جو تمہارے پاس ہے وہ ختم ہو جائے گا اور جو اللہ کے پاس ہے (وہ) باقی رہنے والا ہے۔

مَا، اسم موصول (جو) عِنۡدَكُمۡ (عِنۡدَ، كُمۡ) عِنۡدَ، مضاف، اسم ظرف، پاس، ہاں،
كُمۡ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (تمہارے پاس)
يَنۡفَدُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب نَفِدَ يَنۡفَدُ، مصدر نَفَادًا، خرچ ہونا، ختم ہونا (وہ ختم ہو جائے گا)
وَ، حرف عطف (اور) مَا، اسم موصول (جو)
عِنۡدَ اللّٰهِ (عِنۡدَ، اَللّٰهِ) عِنۡدَ، مضاف، اسم ظرف، مضاف، ہاں، پاس، اَللّٰهِ، مضاف الیہ، اللہ کے (اللہ کے پاس) بَاقٍ، بَقَآءٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر (باقی رہنے والا)

وَ لَنَجۡزِيَنَّ الَّذِيۡنَ صَبَرُوۡۤا اَجۡرَهُمۡ بِاَحۡسَنِ مَا كَانُوۡا يَعۡمَلُوۡنَ ﴿۹۶﴾	اور یقیناً ہم ان لوگوں کو جنہوں نے صبر کیا ان کا اجر ضرور بدلے میں دیں گے اس سے زیادہ بہتر جو وہ عمل کیا کرتے تھے۔

وَ، حرف عطف (اور) لَنَجۡزِيَنَّ (لَ، نَجۡزِيَنَّ) لَ، لام تاکید، یقیناً، نَجۡزِيَنَّ، فعل مضارع بانون تاکید ثقیلہ جمع متکلم جَزٰى يَجۡزِىۡ، مصدر جَزَآءٌ، بدلہ میں دینا، ہم ضرور بدلہ میں دیں گے (یقیناً ہم ضرور بدلے میں دیں گے) الَّذِيۡنَ، اسم موصول جمع مذکر (ان لوگوں کو جنہوں نے)
صَبَرُوۡۤا، فعل ماضی جمع مذکر غائب صَبَرَ يَصۡبِرُ، مصدر صَبۡرًا، صبر کرنا (انہوں نے صبر کیا)
اَجۡرَهُمۡ (اَجۡرَ، هُمۡ) اَجۡرَ، مضاف، اجر، ثواب، بدلہ، هُمۡ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان کا (ان کا اجر) بِاَحۡسَنِ (بِ، اَحۡسَنِ) بِ، حرف جار، سے، اَحۡسَنِ، مجرور، اِحۡسَانٌ، مصدر سے افعل التفضیل کا صیغہ، زیادہ بہتر (اس سے زیادہ بہتر) مَا، اسم موصول (جو)
كَانُوۡا، فعل ماضی جمع مذکر غائب كَانَ يَكُوۡنُ، مصدر كَوۡنًا، ہونا (وہ تھے)
يَعۡمَلُوۡنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب عَمِلَ يَعۡمَلُ، مصدر عَمَلًا، عمل کرنا (وہ عمل کیا کرتے)

مَنۡ عَمِلَ صَالِحًا مِّنۡ ذَكَرٍ اَوۡ اُنۡثٰى وَهُوَ مُؤۡمِنٌ فَلَنُحۡيِيَنَّهٗ حَيٰوةً طَيِّبَةً ۚ	جو نیک عمل کرے مرد ہو یا عورت اس حال میں کہ وہ مومن ہو تو یقیناً ہم اسے ضرور زندگی بخشیں

	گے پاکیزہ زندگی۔

مَنْ، اسم موصول شرطیہ جازم (جو) عَمِلَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب عَمِلَ يَعْمَلُ، مصدر عَمَلًا، عمل کرنا (وہ عمل کرے) صَالِحًا (اچھا نیک) مِّنْ ذَكَرٍ، مِنْ، حرف جار، سے، ذَكَرٍ، مجرور، مرد (مرد سے) اَوْ، حرف عطف (یا) اُنْثٰى (عورت) وَ هُوَ، وَ، حالیہ، اس حال میں کہ، هُوَ، ضمیر واحد مذکر غائب، وہ (اس حال میں کہ وہ) مُؤْمِنٌ، اِيْمَانًا، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر، ایمان والا (مومن)

فَلَنُحْيِيَنَّهٗ (فَ، لَ، نُحْيِيَنَّ، هٗ) فَ، حرف عطف، تو، لَ، لام تاکید، یقیناً، نُحْيِيَنَّ، فعل مضارع بانون تاکید ثقیلہ جمع متکلم اَحْيٰى يُحْيِيْ، مصدر اِحْيَآءٌ، زندہ کرنا، زندگی بخشنا، ہم ضرور زندگی بخشیں گے، هٗ، ضمیر واحد مذکر غائب، اسے (تو یقیناً ہم اسے ضرور زندگی بخشیں گے)

حَيٰوةً طَيِّبَةً، حَيٰوةً، موصوف، زندگی، طَيِّبَةً، صفت، طِيْبٌ، سے صفت مشبہ، پاکیزہ (پاکیزہ زندگی)

وَ لَنَجْزِيَنَّهُمْ اَجْرَهُمْ بِاَحْسَنِ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۹۷﴾	اور یقیناً ہم انہیں ان کا اجر ضرور بدلے میں دیں گے اس سے زیادہ بہتر جو وہ عمل کیا کرتے تھے۔

وَ، حرف عطف (اور) لَنَجْزِيَنَّهُمْ، لَ، لام تاکید، یقیناً، نَجْزِيَنَّ، فعل مضارع بانون تاکید ثقیلہ جمع متکلم جَزٰى يَجْزِيْ، مصدر جَزَآءٌ، بدلہ میں دینا، ضرور ہم بدلہ میں دیں گے، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، انہیں (یقیناً ہم انہیں ضرور بدلہ میں دیں گے) اَجْرَهُمْ (اَجْرَ، هُمْ) اَجْرَ، مضاف، اجر، بدلہ، ثواب، انعام، هُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان کا (ان کا اجر)

بِاَحْسَنِ (بِ، اَحْسَنِ) بِ، حرف جار، سے، اَحْسَنِ، مجرور، اِحْسَانٌ، سے افعل التفضیل کا صیغہ، زیادہ بہتر (اس سے زیادہ بہتر) مَا، اسم موصول (جو)

كَانُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب كَانَ يَكُوْنُ، مصدر كَوْنًا، ہونا (وہ تھے)

يَعْمَلُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب عَمِلَ يَعْمَلُ، مصدر عَمَلًا، عمل کرنا (وہ عمل کیا کرتے)

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ۝	پس جب آپ قرآن پڑھیں تو مردود شیطان سے اللہ کی پناہ مانگیں۔

فَاِذَا (فَ،اِذَا) فَ، حرف عطف، پس، اِذَا، اسم ظرف زمان مستقبل بمعنی شرط، جب (پس جب)
قَرَاْتَ، فعل ماضی واحد مذکر حاضر قَرَأَ يَقْرَأُ، مصدر قَرَاءَةٌ، پڑھنا، اِذَا، کی وجہ سے ترجمہ (آپ پڑھیں)
الْقُرْاٰنَ (قرآن) فَاسْتَعِذْ (فَ، اِسْتَعِذْ) فَ، حرف عطف، تو، اِسْتَعِذْ، فعل امر واحد مذکر حاضر اِسْتَعَاذَ يَسْتَعِيْذُ، مصدر اِسْتِعَاذَةٌ، پناہ مانگنا، آپ پناہ مانگیں (تو آپ پناہ مانگیں)
بِاللّٰهِ (بِ، اَللّٰهِ) بِ، حرف جار، کی، اَللّٰهِ، مجرور، اللہ (اللہ کی)
مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (مِنْ، اَلشَّيْطٰنِ، اَلرَّجِيْمِ) مِنْ، حرف جار، سے،
اَلشَّيْطٰنِ، مجرور، موصوف، شیطان، اَلرَّجِيْمِ، صفت، رَجْمٌ، سے اسم مفعول، رجم کیا ہوا، پتھر مارا ہوا، مردود (مردود شیطان سے)

اِنَّهٗ لَيْسَ لَهٗ سُلْطٰنٌ عَلَى الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ۝	بے شک حقیقت یہ ہے کہ اس (شیطان) کا ان لوگوں پر کوئی زور نہیں ہے جو ایمان لائے اور اپنے رب پر توکل کرتے ہیں

اِنَّهٗ (اِنَّ، هٗ) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، هٗ، ضمیر واحد مذکر غائب، ضمیر کے بعد جملہ مفسرہ ہے، اس لیے ضمیر شان یا قصہ ہے، حقیقت یہ ہے، بات یہ ہے (بے شک حقیقت یہ ہے)
لَيْسَ، فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب، اس کا فعل امر اور فعل مضارع نہیں آتا (نہیں ہے)
لَهٗ (لَ، هٗ) لَ، حرف جار، کا، هٗ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس (اس کا) سُلْطٰنٌ، قوت، غلبہ، سند (زور)
عَلَى الَّذِيْنَ، عَلٰى، حرف جار، پر، اَلَّذِيْنَ، مجرور، اسم موصول جمع مذکر، وہ لوگ جو (ان لوگوں پر جو)
اٰمَنُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب اٰمَنَ يُؤْمِنُ، مصدر اِيْمَانًا، ایمان لانا (وہ ایمان لائے)
وَ، حرف عطف (اور) عَلٰى رَبِّهِمْ (عَلٰى، رَبِّ، هِمْ) عَلٰى، حرف جار، پر، رَبِّ، مجرور، مضاف، رب، پروردگار، هِمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اپنے (اپنے رب پر)

يَتَوَكَّلُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب تَوَكَّلَ يَتَوَكَّلُ، مصدر تَوَكُّلٌ، بھروسہ کرنا، توکل کرنا (وہ توکل کرتے ہیں)

اِنَّمَا سُلْطٰنُهٗ عَلَى الَّذِيْنَ يَتَوَلَّوْنَهٗ وَالَّذِيْنَ هُمْ بِهٖ مُشْرِكُوْنَ ۞	بے شک صرف اس کا زور ان لوگوں پر ہے جو اس سے دوستی کرتے ہیں اور وہ جو اس کی وجہ سے شریک بنانے والے ہیں۔

ع ۱۳ ۱۱ ۱۹

اِنَّمَا، کلمہ حصر، سوائے اس کے نہیں، درحقیقت (بے شک صرف)

سُلْطٰنُهٗ (سُلْطٰنُ، هٗ) سُلْطٰنُ، مضاف، زور، غلبہ، طاقت، هٗ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس کا (اس کا زور) عَلَى الَّذِيْنَ، عَلٰى، حرف جار، پر، اَلَّذِيْنَ، مجرور، اسم موصول جمع مذکر، وہ لوگ جو (ان لوگوں پر جو) يَتَوَلَّوْنَهٗ (يَتَوَلَّوْنَ، هٗ) يَتَوَلَّوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب تَوَلّٰى يَتَوَلّٰى، مصدر تَوَلِّيٌ، دوستی کرنا، وہ دوستی کرتے ہیں، هٗ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس (وہ اس سے دوستی کرتے ہیں) وَ، حرف عطف (اور) اَلَّذِيْنَ، اسم موصول جمع مذکر (وہ لوگ جو) هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب (وہ)

بِهٖ (بِ، هٖ) بِ، حرف جار، وجہ سے، هٖ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس (اس کی وجہ سے)

مُشْرِكُوْنَ، اِشْرَاكًا، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، مشرکوں (شریک بنانے والے)

وَاِذَا بَدَّلْنَآ اٰيَةً مَّكَانَ اٰيَةٍ ۙ وَّاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا يُنَزِّلُ قَالُوْٓا اِنَّمَآ اَنْتَ مُفْتَرٍ ؕ	اور جب ہم کوئی آیت کسی (دوسری) آیت کی جگہ بدل دیتے ہیں اور اللہ اس کو زیادہ جاننے والا ہے جو وہ نازل کرتا ہے تو وہ کہتے ہیں بے شک آپ (خود) گھڑنے والے ہیں۔

وَاِذَا، وَ، حرف عطف، اور، اِذَا، اسم ظرف زمان مستقبل بمعنی شرط، جب (اور جب)

بَدَّلْنَآ، فعل ماضی جمع متکلم بَدَّلَ يُبَدِّلُ، مصدر تَبْدِيْلًا، بدلنا، تبدیل کرنا، اِذَا، کی وجہ سے ترجمہ (ہم بدل دیتے ہیں) اٰيَةً (کوئی آیت) جمع، اٰيٰتٍ، مَّكَانَ اٰيَةٍ، مَكَانَ، مضاف، اسم ظرف، جگہ، اٰيَةٍ، مضاف الیہ، کسی آیت کی (کسی آیت کی جگہ) وَّاللّٰهُ (وَ، اَللّٰهُ) وَ، حرف عطف، اور، اَللّٰهُ، اللہ (اور اللہ)

اَعۡلَمُ، عِلۡمًا، مصدر سے افعل التفضیل کا صیغہ (زیادہ جاننے والا)

بِمَا (بِ، مَا) بِ، حرف جار، کو، مَا، مجرور، موصولہ، جو (اس کو جو)

یُنَزِّلُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب نَزَّلَ یُنَزِّلُ، مصدر تَنۡزِیۡلًا، اتارنا، نازل کرنا (وہ نازل کرتا ہے)

قَالُوۡٓا، فعل ماضی جمع مذکر غائب قَالَ یَقُوۡلُ، مصدر قَوۡلًا، کہنا، اِذَا، کی وجہ سے ترجمہ (وہ کہتے ہیں)

اِنَّمَآ، کلمہ حصر، سوائے اس کے نہیں (بے شک) اَنۡتَ، ضمیر واحد مذکر حاضر (تو، آپ)

مُفۡتَرٍ، اِفۡتِرَآءٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر (گھڑنے والا)

بَلۡ اَکۡثَرُهُمۡ لَا یَعۡلَمُوۡنَ ﴿۱۰۱﴾	بلکہ ان کے اکثر نہیں جانتے۔

بَلۡ، کلمہ اضراب، ماقبل کی نفی کرتا ہے (بلکہ) اَکۡثَرُهُمۡ (اَکۡثَرُ، هُمۡ) اَکۡثَرُ، مضاف، کَثۡرَةٌ، سے افعل التفضیل کا صیغہ، بہت زیادہ، اکثر، هُمۡ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان کے (ان کے اکثر)

لَا یَعۡلَمُوۡنَ، فعل مضارع منفی جمع مذکر غائب عَلِمَ یَعۡلَمُ، مصدر عِلۡمًا، جاننا (وہ نہیں جانتے)

قُلۡ نَزَّلَهٗ رُوۡحُ الۡقُدُسِ مِنۡ رَّبِّكَ بِالۡحَقِّ لِیُثَبِّتَ الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا وَ هُدًی وَّ بُشۡرٰی لِلۡمُسۡلِمِیۡنَ ﴿۱۰۲﴾	آپ کہہ دیجئے (حضرت) جبرائیل (علیہ السلام) نے اسے آپ کے رب کی طرف سے حق کے ساتھ نازل کیا تاکہ وہ ان لوگوں کو ثابت قدم رکھے جو ایمان لائے اور مسلمانوں کیلئے ہدایت اور خوشخبری ہے۔

قُلۡ، فعل امر واحد مذکر حاضر قَالَ یَقُوۡلُ، مصدر قَوۡلًا، کہنا (آپ کہہ دیجئے)

نَزَّلَهٗ (نَزَّلَ، هٗ) نَزَّلَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب نَزَّلَ یُنَزِّلُ، مصدر تَنۡزِیۡلًا، اتارنا، نازل کرنا، نازل کیا، هٗ، ضمیر واحد مذکر غائب، اسے (نازل کیا اسے) رُوۡحُ الۡقُدُسِ، روح القدس (جبرائیل علیہ السلام)

مِنۡ رَّبِّكَ (مِنۡ، رَّبِّ، كَ) مِنۡ، حرف جار بمعنی اِلٰی، کی طرف سے، رَبِّ، مجرور، مضاف، رب، پروردگار، كَ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر حاضر، آپ کے (آپ کے رب کی طرف سے)

بِالْحَقِّ (بِ، اَلْحَقِّ) بِ، حرف جار، کے ساتھ، اَلْحَقِّ، مجرور، حق، سچ (حق کے ساتھ)

لِيُثَبِّتَ (لِ، يُثَبِّتَ) لِ، لام تعلیل ناصبہ، تاکہ، يُثَبِّتَ، فعل مضارع واحد مذکر غائب ثَبَّتَ يُثَبِّتُ، مصدر تَثْبِيْتًا، ثابت قدم رکھنا، وہ ثابت قدم رکھے (تاکہ وہ ثابت قدم رکھے)

الَّذِيْنَ، اسم موصول جمع مذکر (ان لوگوں کو جو)

اٰمَنُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب اٰمَنَ يُؤْمِنُ، مصدر اِيْمَانًا، ایمان لانا (وہ ایمان لائے)

وَ، حرف عطف (اور) هُدًى، اسم مصدر (ہدایت) وَّ، حرف عطف (اور) بُشْرٰى (خوشخبری)

لِلْمُسْلِمِيْنَ (لِ، اَلْمُسْلِمِيْنَ) لِ، حرف جار، کیلئے، اَلْمُسْلِمِيْنَ، مجرور، اِسْلَامٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، اسلام والے، مسلمانوں (مسلمانوں کیلئے)

وَ لَقَدْ نَعْلَمُ اَنَّهُمْ يَقُوْلُوْنَ اِنَّمَا يُعَلِّمُهٗ بَشَرٌ ؕ	اور بلاشبہ یقیناً ہم جانتے ہیں کہ بے شک وہ کہتے ہیں سوائے اس کے نہیں کہ اسے ایک آدمی سکھاتا ہے۔

وَلَقَدْ، وَ، حرف عطف، اور، لَ، لام تاکید، بلاشبہ، قَدْ، مزید تاکید کیلئے، کلمہ تحقیق، یقیناً (اور بلاشبہ یقیناً)

نَعْلَمُ، فعل مضارع جمع متکلم عَلِمَ يَعْلَمُ، مصدر عِلْمًا، جاننا (ہم جانتے ہیں)

اَنَّهُمْ (اَنَّ، هُمْ) اَنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، وہ (بے شک وہ)

يَقُوْلُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب قَالَ يَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، کہنا (وہ کہتے ہیں)

اِنَّمَا، کلمہ حصر، سوائے اس کے نہیں (بے شک)

يُعَلِّمُهٗ (يُعَلِّمُ، هٗ) يُعَلِّمُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب عَلَّمَ يُعَلِّمُ، مصدر تَعْلِيْمٌ، تعلیم دینا، سکھانا، سکھاتا ہے، هٗ، ضمیر واحد مذکر غائب، اسے (سکھاتا ہے اسے)

بَشَرٌ، اسم نکرہ (ایک بشر، ایک آدمی)

لِسَانُ الَّذِيْ يُلْحِدُوْنَ اِلَيْهِ اَعْجَمِيٌّ وَّ هٰذَا	اس کی زبان جس کی طرف وہ غلط نسبت کرتے ہیں عجمی ہے اور یہ (قرآن) واضح

لِسَانٌ عَرَبِيٌّ مُّبِيْنٌ ﴿۱۰۳﴾	عربی زبان ہے

لِسَانُ الَّذِیْ، لِسَانُ، مضاف، زبان، اَلَّذِیْ، مضاف الیہ، اسم موصول واحد مذکر، اس کی جس (اس کی زبان جس کی) یُلْحِدُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب اَلْحَدَ یُلْحِدُ، مصدر اِلْحَادًا، غلط نسبت کرنا (وہ غلط نسبت کرتے ہیں) اِلَیْہِ (اِلٰی، ہٖ) اِلٰی، حرف جار، کی طرف، ہٖ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس (اس کی طرف) اَعْجَمِیٌّ (عجمی) وَّ، حرف عطف (اور) ھٰذَا، اسم اشارہ واحد مذکر قریب (یہ) لِسَانٌ (زبان) عَرَبِیٌّ مُّبِیْنٌ (عَرَبِیٌّ، مُبِیْنٌ) عَرَبِیٌّ، موصوف، عربی، مُبِیْنٌ، صفت، اِبَانَۃٌ، مصدر سے اسم فاعل، واضح، کھلی، ظاہر کرنے والا (واضح عربی)

اِنَّ الَّذِیْنَ لَا یُؤْمِنُوْنَ بِاٰیٰتِ اللّٰہِ ۙ لَا یَھْدِیْھِمُ اللّٰہُ وَ لَھُمْ عَذَابٌ اَلِیْمٌ ﴿۱۰۴﴾	بے شک وہ لوگ جو اللہ کی آیات پر ایمان نہیں لاتے اللہ انہیں ہدایت نہیں دیتا اور ان کیلئے دردناک عذاب ہے

اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل (بے شک) اَلَّذِیْنَ، اسم موصول جمع مذکر (وہ لوگ جو) لَا یُؤْمِنُوْنَ، فعل مضارع منفی جمع مذکر غائب اٰمَنَ یُؤْمِنُ، مصدر اِیْمَانًا، ایمان لانا (وہ ایمان نہیں لاتے) بِاٰیٰتِ اللّٰہِ (بِ، اٰیٰتِ، اَللّٰہِ) بِ، حرف جار، پر، اٰیٰتِ، مجرور، مضاف، آیات، واحد، اٰیَۃٌ، اَللّٰہِ، مضاف الیہ، اللہ کی (اللہ کی آیت پر) لَا یَھْدِیْھِمُ (لَا یَھْدِیْ، ھِمْ) لَا یَھْدِیْ، فعل مضارع منفی واحد مذکر غائب ھَدٰی یَھْدِیْ، مصدر ھِدَایَۃٌ، ہدایت دینا، وہ ہدایت نہیں دیتا، ھِمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، انہیں (وہ انہیں ہدایت نہیں دیتا) اللّٰہُ (اللہ) وَ، حرف عطف (اور) لَھُمْ (لَ، ھُمْ) لَ، حرف جار، کیلئے، ھُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، ان (اور ان کیلئے) عَذَابٌ اَلِیْمٌ، عَذَابٌ، موصوف، عذاب، سزا، اَلِیْمٌ، صفت، اَلَمٌ سے بمعنی فاعل صفت مشبہ، دکھ دینے والا، دردناک (دردناک عذاب)

اِنَّمَا یَفْتَرِی الْکَذِبَ الَّذِیْنَ لَا یُؤْمِنُوْنَ بِاٰیٰتِ اللّٰہِ ۚ	بے شک وہ لوگ جھوٹ گھڑتے ہیں جو اللہ کی آیات پر ایمان نہیں رکھتے۔

اِنَّمَا، کلمہ حصر، سوائے اس کے نہیں (بے شک)

یَفْتَرِیْ، فعل مضارع واحد مذکر غائب اِفْتَرٰی یَفْتَرِیْ، مصدر اِفْتِرَآءٌ، گھڑنا (وہ گھڑتا ہے)

الْکَذِبَ (جھوٹ) الَّذِیْنَ، اسم موصول جمع مذکر (وہ لوگ جو)

لَایُؤْمِنُوْنَ، فعل مضارع منفی جمع مذکر غائب اٰمَنَ یُؤْمِنُ، مصدر اِیْمَانًا، ایمان رکھنا (وہ ایمان نہیں رکھتے) بِاٰیٰتِ اللّٰہِ (بِ، اٰیٰتِ، اَللّٰہِ) بِ، حرف جار، پر، اٰیٰتِ، مجرور، مضاف، آیات، واحد، اٰیَۃٌ، اَللّٰہِ، مضاف الیہ، اللہ کی (اللہ کی آیات پر)

وَ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْكٰذِبُوْنَ ﴿۱۰۵﴾	اور وہی لوگ ہی جھوٹے ہیں۔

وَ، حرف عطف (اور) اُولٰٓئِكَ، اسم اشارہ جمع مذکر بعید (وہی لوگ) هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب (وہ، وہی)

الْکٰذِبُوْنَ، کِذْبٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، جھوٹ بولنے والے (جھوٹے)

مَنْ كَفَرَ بِاللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ اِيْمَانِهٖۤ اِلَّا مَنْ اُكْرِهَ وَ قَلْبُهٗ مُطْمَئِنٌّۢ بِالْاِيْمَانِ	جو اپنے ایمان کے بعد اللہ کے ساتھ کفر کرے سوائے اس کے جو مجبور کیا گیا اور اس کا دل ایمان پر مطمئن ہو۔

مَنْ، شرطیہ اسم موصول (جو) کَفَرَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب کَفَرَ یَکْفُرُ، مصدر کُفْرًا، کفر کرنا (وہ کفر کرے) بِاللّٰہِ (بِ، اَللّٰہِ) بِ، حرف جار، کے ساتھ، اَللّٰہِ، مجرور، اللہ (اللہ کے ساتھ)

مِنْۢ بَعْدِ اِیْمَانِهٖۤ (مِنْ، بَعْدِ، اِیْمَانِ، ہٖ) مِنْ، حرف جار، ترجمہ کی ضرورت نہیں، بَعْدِ، مجرور، مضاف، بعد، اِیْمَانِ، مضاف الیہ، مضاف، ایمان کے، ہٖ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اپنے (اپنے ایمان کے بعد) اِلَّا، حرف استثنا (مگر، سوائے) مَنْ، اسم موصول (اس کے جو)

اُکْرِہَ، فعل ماضی مجہول واحد مذکر غائب اَکْرَہَ یُکْرِہُ، مصدر اِکْرَاہٌ، مجبور کرنا (وہ مجبور کیا گیا)

وَ، حرف عطف (اور) قَلْبُهٗ (قَلْبُ، هٗ) قَلْبُ، مضاف، دل، هٗ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس کا (اس کا دل) مُطْمَئِنٌّ، اِطْمِیْنَانٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر (مطمئن)

بِالْاِیْمَانِ (بِ، اَلْاِیْمَانِ) بِ، حرف جار، پر، اَ لْاِیْمَانِ، مجرور، ایمان (ایمان پر)

وَلٰكِنْ مَّنْ شَرَحَ بِالْكُفْرِ صَدْرًا فَعَلَيْهِمْ غَضَبٌ مِّنَ اللّٰهِ ۚ	اور لیکن جو کفر کے کیلئے (اپنا) سینہ کھول دے تو ان پر اللہ کی طرف سے غضب ہے۔

وَ لٰكِنْ، وَ، حرف عطف، اور، لٰكِنْ، حرف استدراک، حرف مشبہ بالفعل، لیکن (اور لیکن)

مَّنْ، شرطیہ اسم موصول (جو) شَرَحَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب شَرَحَ يَشْرَحُ، مصدر شَرْحًا، پھیلانا، کھول دینا (وہ کھول دے) بِالْكُفْرِ (بِ، اَلْكُفْرِ) بِ، حرف جار، کیلئے، ساتھ، اَلْكُفْرِ، مجرور، کفر (کفر کیلئے) صَدْرًا (سینہ) فَعَلَيْهِمْ (فَ، عَلٰى، هِمْ) فَ، حرف عطف، تو، عَلٰى، حرف جار، پر، هِمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، ان (تو ان پر) غَضَبٌ، اسم فعل، انتقام (غضب)

مِّنَ اللّٰهِ، مِنْ، حرف جار بمعنی اِلٰی، کی طرف سے، اَللّٰهِ، مجرور، اللہ (اللہ کی طرف سے)

وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ۝١٠٦	اور ان کیلئے بہت بڑا عذاب ہے۔

وَ لَهُمْ، وَ، حرف عطف، اور، لَ، حرف جار، کیلئے، هُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، ان (اور ان کیلئے)

عَذَابٌ عَظِيْمٌ، عَذَابٌ موصوف، عذاب، سزا عَظِيْمٌ، عَظْمَةٌ سے صفت مشبہ، بہت بڑا (بہت بڑا عذاب)

ذٰلِكَ بِاَنَّهُمُ اسْتَحَبُّوا الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا عَلَى الْاٰخِرَةِ ۙ وَ اَنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ ۝١٠٧	یہ اس وجہ سے ہے کہ بے شک اُنہوں نے دنیاوی زندگی کو آخرت پر محبوب رکھا اور بے شک اللہ کافر لوگوں کو ہدایت نہیں دیتا

ذٰلِكَ، اسم اشارہ واحد مذکر بعید (یہ) بِاَنَّهُمُ (بِ، اَنَّ، هُمْ) بِ، حرف جار، وجہ سے، اَنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، انہوں نے (اس وجہ سے کہ بے شک اُنہوں نے) اِسْتَحَبُّوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب اِسْتَحَبَّ يَسْتَحِبُّ، مصدر اِسْتِحْبَابٌ، دوست رکھنا، محبوب رکھنا، ترجیح دینا (اُنہوں نے محبوب رکھا) الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا، اَلْحَيٰوةَ، موصوف، زندگی،

اَلدُّنْيَا، صفت، دنیاوی (دنیاوی زندگی) عَلَى الْاٰخِرَةِ (عَلٰى، اَلْاٰخِرَةِ) عَلٰى، حرف جار، پر، کے مقابلے میں، اَلْاٰخِرَةِ، مجرور، آخرت (آخرت پر) وَ، حرف عطف (اور) اَنَّ اللّٰهَ، اَنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک،

اَللّٰهَ، اللہ (بے شک اللہ) لَا يَهْدِيْ، فعل مضارع منفی واحد مذکر غائب هَدٰى يَهْدِيْ، مصدر هِدَايَةٌ، ہدایت دینا (وہ ہدایت نہیں دیتا) الْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ، اَلْقَوْمَ، موصوف، قوم، لوگوں، اَلْكٰفِرِيْنَ، صفت، كُفْرًا، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، کفر کرنے والے، کافروں، واحد، اَلْكَافِرُ (کافر لوگوں)

اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ طَبَعَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ وَ سَمْعِهِمْ وَ اَبْصَارِهِمْ ۚ	یہ وہ لوگ ہیں جن کے دلوں اور ان کے کانوں اور ان کی آنکھوں پر اللہ نے مہر لگادی۔

اُولٰٓئِكَ، اسم اشارہ جمع مذکر بعید (یہ) الَّذِيْنَ، اسم موصول جمع مذکر (وہ لوگ جن کے)
طَبَعَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب طَبَعَ يَطْبَعُ، مصدر طَبْعًا، مہر لگانا (اس نے مہر لگادی) اللّٰهُ (اللہ نے)
عَلٰى قُلُوْبِهِمْ (عَلٰى، قُلُوْبِ، هِمْ) عَلٰى، حرف جار، پر، قُلُوْبِ، مجرور، مضاف، دلوں، واحد، قَلْبٌ،
هِمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان کے (ان کے دلوں پر) وَ، حرف عطف (اور)
سَمْعِهِمْ (سَمْعِ، هِمْ) سَمْعِ، مضاف، کان، قوت سامعہ، سننا، هِمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان کے (ان کے کان) وَ، حرف عطف (اور) اَبْصَارِهِمْ (اَبْصَارِ، هِمْ) اَبْصَارِ، مضاف، آنکھیں، واحد، بَصَرِ، هِمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان کی (ان کی آنکھیں)

وَ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْغٰفِلُوْنَ ﴿۱۰۸﴾	اور وہی لوگ ہی غافل ہیں۔

وَ، حرف عطف (اور) اُولٰٓئِكَ، اسم اشارہ جمع مذکر بعید (وہی لوگ) هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب (وہ، وہی)
الْغٰفِلُوْنَ، غَفْلَةٌ، سے اسم فاعل جمع مذکر، غفلت کرنے والے، بے خبر، غافل، واحد، اَلْغَافِلُ،

لَا جَرَمَ اَنَّهُمْ فِى الْاٰخِرَةِ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿۱۰۹﴾	کوئی شک نہیں کہ یقیناً وہ لوگ آخرت میں وہی خسارہ اٹھانے والے ہیں۔

لَا جَرَمَ ،يَقِيْنًا، اور ،حَقًّا، کا ہم معنی ہے ،اس کا معنی لا محالہ تھا وسیع استعمال کے بعد قسم یا حق کے معنی میں مستعمل ہونے لگا (کوئی شک نہیں)

اَنَّهُمْ (اَنَّ،هُمْ) اَنَّ، حرف مشبہ بالفعل ،بے شک ،یقیناً، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب ،وہ (یقیناً وہ)

فِي الْاٰخِرَةِ (فِيْ، اَلْاٰخِرَةِ) فِيْ، حرف جار، میں، اَلْاٰخِرَةِ، مجرور، آخرت (آخرت میں)

هُمُ، ضمیر جمع مذکر غائب (وہی)

الْخٰسِرُوْنَ، خُسْرَانٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (خسارہ اٹھانے والے)

ثُمَّ اِنَّ رَبَّكَ لِلَّذِيْنَ هَاجَرُوْا مِنْۢ بَعْدِ مَا فُتِنُوْا ثُمَّ جٰهَدُوْا وَصَبَرُوْٓا ۙ اِنَّ رَبَّكَ مِنْۢ بَعْدِهَا لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۱۰﴾ ع	پھر بے شک آپ کا رب ان لوگوں کیلئے جنہوں نے ہجرت کی اس کے بعد کہ وہ فتنوں میں ڈالے گئے پھر اُنہوں نے جہاد کیا اور صبر کیا بے شک اس کے بعد آپ کا رب یقیناً بہت بخشنے والا، بہت رحم کرنے والا ہے۔

ثُمَّ، حرف عطف (پھر) اِنَّ رَبَّكَ (اِنَّ، رَبَّ، كَ) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک ،رَبَّ، مضاف ،رب ، كَ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر حاضر، آپ کا (بے شک آپ کا رب)

لِلَّذِيْنَ (لِ، اَلَّذِيْنَ) لِ، حرف جار، کیلئے، اَلَّذِيْنَ، مجرور، اسم موصول جمع مذکر، وہ لوگ جو (ان لوگوں کیلئے جنہوں نے) هَاجَرُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب هَاجَرَ يُهَاجِرُ، مصدر مُهَاجَرَةٌ، ہجرت کرنا (اُنہوں نے ہجرت کی) مِنْۢ بَعْدِ مَا، مِنْ، حرف جار زائدہ، ترجمہ کی ضرورت نہیں ،بَعْدِ، مجرور، بعد، مَا، مصدریہ، کہ (اس کے بعد کہ)

فُتِنُوْا، فعل ماضی مجہول جمع مذکر غائب فَتَنَ يَفْتِنُ، مصدر فَتْنٌ ،فُتُوْنًا، فتنہ میں ڈالنا، آزمانا، دکھ دینا (وہ فتنوں میں ڈالے گئے) ثُمَّ، حرف عطف (پھر)

جٰهَدُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب جَاهَدَ يُجَاهِدُ، مصدر مُجَاهَدَةٌ، جہاد کرنا (اُنہوں نے جہاد کیا)

ربع ۱/۴

وَ، حرف عطف (اور) صَبَرُوۡۤا، فعل ماضی جمع مذکر غائب صَبَرَ یَصۡبِرُ، مصدر صَبۡرًا، صبر کرنا (اُنہوں نے صبر کیا) اِنَّ رَبَّكَ (اِنَّ، رَبَّ، كَ) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، رَبَّ، مضاف، رب، پروردگار، كَ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر حاضر، آپ کا (بے شک آپ کا رب)

مِنۡۢ بَعۡدِهَا (مِنۡ، بَعۡدِ، هَا) مِنۡ، حرف جار، ترجمہ کی ضرورت نہیں، بَعۡدِ، مجرور، مضاف، بعد، هَا، مضاف الیہ، ضمیر واحد مؤنث غائب، اس کے (اس کے بعد)

لَغَفُوۡرٌ (لَ، غَفُوۡرٌ) لَ، لام تاکید، ضرور، یقیناً، غَفُوۡرٌ، اللہ کا صفاتی نام، غُفۡرَانٌ، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ (بہت بخشنے والا) رَّحِیۡمٌ، اللہ کا صفاتی نام، رَحۡمَةٌ، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ (بہت رحم کرنے والا)

يَوۡمَ تَاۡتِىۡ كُلُّ نَفۡسٍ تُجَادِلُ عَنۡ نَّفۡسِهَا وَتُوَفّٰى كُلُّ نَفۡسٍ مَّا عَمِلَتۡ وَهُمۡ لَا يُظۡلَمُوۡنَ ۝۱۱۱	جس دن ہر نفس آئے گا کہ وہ اپنی ذات کی طرف سے جھگڑا کرتا ہوگا۔ ہر نفس کو پورا پورا (بدلہ) دیا جائے گا جو اس نے عمل کیا اور وہ ظلم نہیں کیے جائیں گے۔

يَوۡمَ، اسم ظرف (جس دن) تَاۡتِىۡ، فعل مضارع واحد مؤنث غائب اَتٰى يَاۡتِىۡ، مصدر اِتۡيَانٌ، آنا (آئے گا) كُلُّ نَفۡسٍ، كُلُّ، مضاف، ہر، کل افراد، نَفۡسٍ، مضاف الیہ، نفس، جان (ہر نفس)

تُجَادِلُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب جَادَلَ يُجَادِلُ، مصدر مُجَادَلَةٌ، جھگڑا کرنا (وہ جھگڑا کرتا ہوگا) عَنۡ نَّفۡسِهَا (عَنۡ، نَفۡسِ، هَا) عَنۡ، حرف جار، کی طرف سے، نَفۡسِ، مجرور، مضاف، نفس، جان، ذات، هَا، مضاف الیہ، ضمیر واحد مؤنث غائب، اپنی (اپنی ذات کی طرف سے) وَ، حرف عطف (اور) تُوَفّٰى، فعل مضارع مجہول واحد مؤنث غائب وَفّٰى يُوَفِّىۡ، مصدر تَوۡفِيَةٌ، پورا کرنا، پورا پورا دینا (وہ پورا پورا دیا جائے گا) كُلُّ نَفۡسٍ، كُلُّ، مضاف، ہر، کل افراد، نَفۡسٍ، مضاف الیہ، نفس، جان (ہر نفس کو)

مَّا، اسم موصول (جو) عَمِلَتۡ، فعل ماضی واحد مؤنث غائب عَمِلَ يَعۡمَلُ، مصدر عَمَلًا، عمل کرنا (اس نے عمل کیا) وَ، حرف عطف (اور) هُمۡ، ضمیر جمع مذکر غائب (وہ) لَا يُظۡلَمُوۡنَ، فعل مضارع مجہول منفی

جمع مذکر غائب ظَلَمَ يَظْلِمُ، مصدر ظُلْمًا، ظلم کرنا (وہ ظلم نہیں کیے جائیں گے)

وَضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا قَرْيَةً كَانَتْ اٰمِنَةً مُّطْمَئِنَّةً	اور اللہ نے ایک بستی کی مثال بیان کی کہ وہ امن والی، اطمینان والی تھی۔

وَ، حرف عطف (اور) ضَرَبَ اللّٰهُ، ضَرَبَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب ضَرَبَ يَضْرِبُ، مصدر ضَرْبًا، مارنا، بیان کرنا، بیان کی، اَللّٰهُ، اللہ نے (اللہ نے بیان کی) مَثَلًا (مثال) قَرْيَةً (ایک بستی)

كَانَتْ، فعل ماضی واحد مؤنث غائب كَانَ يَكُوْنُ، مصدر كَوْنًا، ہونا (وہ تھی)

اٰمِنَةً، اَمْنٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مؤنث (امن والی)

مُّطْمَئِنَّةً، اِطْمِيْنَانٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مؤنث (اطمیان والی)

يَّاْتِيْهَا رِزْقُهَا رَغَدًا مِّنْ كُلِّ مَكَانٍ فَكَفَرَتْ بِاَنْعُمِ اللّٰهِ	اس کے پاس اس کا رزق بافراغت ہر جگہ سے آتا تھا تو اس نے اللہ کی نعمتوں کی ناشکری کی۔

يَّاْتِيْهَا، يَاْتِيْ، فعل مضارع واحد مذکر غائب اَتٰى يَاْتِيْ، مصدر اِتْيَانٌ، آنا، وہ آتا، هَا، ضمیر واحد مؤنث غائب، اس کے (وہ آتا اس کے پاس) رِزْقُهَا (رِزْقُ، هَا) رِزْقُ، مضاف، رزق، هَا، مضاف الیہ، ضمیر واحد مؤنث غائب، اس کا (اس کا رزق) رَغَدًا، مصدر ہے، صفت مشبہ ہو کر مستعمل ہوا ہے، بافراعت، وسیع، خوب، بافراط کھانا، مِّنْ كُلِّ مَكَانٍ، مِنْ، حرف جار، سے، كُلِّ، مجرور، مضاف، ہر، مَكَانٍ، مضاف الیہ، ظرف مکان، مکان، جگہ (ہر جگہ سے) فَكَفَرَتْ (فَ، كَفَرَتْ) فَ، حرف عطف، تو، كَفَرَتْ، فعل ماضی واحد مؤنث غائب كَفَرَ يَكْفُرُ، مصدر كُفْرًا، کفر کرنا، انکار کرنا، ناشکری کرنا، اس نے ناشکری کی (تو اس نے ناشکری کی) بِاَنْعُمِ اللّٰهِ (بِ، اَنْعُمِ، اَللّٰهِ) بِ، حرف جار، کی، اَنْعُمِ، مجرور، مضاف، نعمتوں، واحد، نِعْمَةٌ، اَللّٰهِ، مضاف الیہ، اللہ کی (اللہ کی نعمتوں کی)

فَاَذَاقَهَا اللّٰهُ لِبَاسَ الْجُوْعِ وَالْخَوْفِ	تو اللہ نے اس کو بھوک اور خوف کے لباس کا مزہ چکھایا

بِمَا كَانُوْا يَصْنَعُوْنَ ﴿۱۱۲﴾	(پہنایا) اس وجہ سے جو وہ کیا کرتے تھے۔

فَاَذَاقَهَا اللّٰهُ (فَ، اَذَاقَ، هَا، اَللّٰهُ) فَ، حرف عطف، تو، اَذَاقَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب اَذَاقَ يُذِيْقُ، مصدر اَذَاقَةٌ، مزہ چکھانا، مزہ چکھایا، هَا، ضمیر واحد مؤنث غائب، اس کو، ضمیر کا مرجع قَرْيَةٌ، ہے، اَللّٰهُ، اللہ نے (تو اللہ نے اس کو مزہ چکھایا)

لِبَاسَ الْجُوْعِ وَ الْخَوْفِ (لِبَاسَ، اَلْجُوْعِ، وَ، اَلْخَوْفِ) لِبَاسَ، مضاف، لباس، اَلْجُوْعِ، مضاف الیہ، بھوک کے، وَ، حرف عطف، اور، اَلْخَوْفِ، خوف (بھوک اور خوف کے لباس کا)

بِمَا (بِ، مَا) بِ، حرف جار، وجہ سے، مَا، مجرور، اسم موصول، جو (اس وجہ سے جو)

كَانُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب كَانَ يَكُوْنُ، مصدر كَوْنًا، ہونا (وہ تھے)

يَصْنَعُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب صَنَعَ يَصْنَعُ، مصدر صَنْعًا، بنانا، کرنا، تخلیق کرنا (وہ کیا کرتے)

وَ لَقَدْ جَآءَهُمْ رَسُوْلٌ مِّنْهُمْ فَكَذَّبُوْهُ فَاَخَذَهُمُ الْعَذَابُ وَ هُمْ ظٰلِمُوْنَ ﴿۱۱۳﴾	اور بلا شبہ یقیناً ان کے پاس ان میں سے ایک رسول آیا تو اُنہوں نے اسے جھٹلایا تو انہیں عذاب نے اس حال میں پکڑا کہ وہ ظلم کرنے والے تھے۔

وَ لَقَدْ (وَ، لَ، قَدْ) وَ، حرف عطف، اور، لَ، لام تاکید، ضرور، بلا شبہ، قَدْ، کلمہ تحقیق، یقیناً (اور بلا شبہ یقیناً)

جَآءَهُمْ (جَآءَ، هُمْ) جَآءَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب جَآءَ يَجِيْٓءُ، مصدر مَجِيْٓءٌ، آنا، وہ آیا، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان کے (ان کے پاس آیا) رَسُوْلٌ (ایک رسول)

مِّنْهُمْ (مِنْ، هُمْ) مِنْ، حرف جار، سے، هُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، ان (ان میں سے)

فَكَذَّبُوْهُ (فَ، كَذَّبُوْا، هُ) فَ، حرف عطف، تو، كَذَّبُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب كَذَّبَ يُكَذِّبُ، مصدر تَكْذِيْبٌ، جھٹلانا، اُنہوں نے جھٹلایا، هُ، ضمیر واحد مذکر غائب، اسے (تو اُنہوں نے اسے جھٹلایا)

فَاَخَذَهُمُ الْعَذَابُ (فَ، اَخَذَ، هُمْ، اَلْعَذَابُ) فَ، حرف عطف، تو،

اَخَذَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب اَخَذَ یَأْخُذُ، مصدر اَخْذًا، پکڑنا، پکڑ لیا، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، انہیں، اَلْعَذَابُ، عذاب نے (تو انہیں عذاب نے پکڑ لیا) وَ، حالیہ (اس حال میں کہ) هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب (وہ) ظٰلِمُوْنَ، ظُلْمٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، ظلم کرنے والے، واحد، ظَالِمٌ،

فَكُلُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ حَلٰلًا طَيِّبًا	پس تم اس میں سے کھاؤ جو اللہ نے تمہیں حلال پاکیزہ رزق دیا ہے۔

فَكُلُوْا (فَ، كُلُوْا) فَ، حرف عطف، پس، كُلُوْا، فعل امر جمع مذکر حاضر اَكَلَ يَأْكُلُ، مصدر اَكْلًا، کھانا، تم کھاؤ (پس تم کھاؤ) مِمَّا (مِنْ، مَا) مِنْ، حرف جار، سے، مَا، مجرور، اسم موصول، جو (اس میں سے جو)

رَزَقَكُمُ اللّٰهُ (رَزَقَ، كُمْ، اَللّٰهُ) رَزَقَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب رَزَقَ يَرْزُقُ، مصدر رِزْقٌ، رزق دینا، رزق دیا، كُمْ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہیں، اَللّٰهُ، اللہ نے (اللہ نے تمہیں رزق دیا)

حَلٰلًا طَيِّبًا، حَلٰلًا، موصوف، مصدر ہے، حلال، حلال ہونا، طَيِّبًا، صفت، طَيِّبًا، سے صفت مشبہ (پاکیزہ)

وَّاشْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ اِيَّاهُ تَعْبُدُوْنَ ﴿۱۱۴﴾	اور تم اللہ کی نعمت کا شکر ادا کرو اگر تم صرف اسی کی عبادت کرتے ہو۔

وَّ اشْكُرُوْا (وَ، اُشْكُرُوْا) وَ، حرف عطف، اور، اُشْكُرُوْا، فعل امر جمع مذکر حاضر شَكَرَ يَشْكُرُ، مصدر شُكْرًا، شکر ادا کرنا (تم شکر ادا کرو) نِعْمَتَ اللّٰهِ (نِعْمَتَ، اَللّٰهِ) نِعْمَتَ، مضاف، نعمت، اَللّٰهِ، مضاف الیہ، اللہ کی (اللہ کی نعمت) اِنْ، شرطیہ (اگر)

كُنْتُمْ، فعل ماضی جمع مذکر غائب كَانَ يَكُوْنُ، مصدر كَوْنًا، ہونا، اِنْ، کی وجہ سے ترجمہ (تم ہو)

اِيَّاهُ، واحد مذکر غائب کی ضمیر منصوب منفصل (اس ہی کی، صرف اسی کی)

تَعْبُدُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر حاضر عَبَدَ يَعْبُدُ، مصدر عِبَادَةٌ، عبادت کرنا (تم عبادت کرتے ہو)

اِنَّمَا حَرَّمَ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةَ وَالدَّمَ وَلَحْمَ الْخِنْزِيْرِ وَمَآ اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ	بے شک اس نے تم پر مردار اور خون اور سور کا گوشت حرام کیا اور جس پر غیر اللہ کا نام لیا گیا ہو۔

اِنَّمَا، کلمہ حصر (بے شک، سوائے اس کے نہیں)

حَرَّمَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب حَرَّمَ يُحَرِّمُ، مصدر تَحْرِيْمًا، حرام کرنا (اس نے حرام کیا)

عَلَيْكُمُ (عَلٰی، كُمْ) عَلٰی، حرف جار، پر، كُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر، تم (تم پر)

الْمَيْتَةَ (مردار) وَ، حرف عطف (اور) الدَّمَ (خون) وَ، حرف عطف (اور)

لَحْمَ الْخِنْزِيْرِ، لَحْمَ، مضاف، گوشت، اَلْخِنْزِيْرِ، مضاف الیہ، سور کا (سور کا گوشت)

وَمَآ، وَ، حرف عطف، اور، مَا، اسم موصول، جس (اور جس)

اُهِلَّ، فعل ماضی مجہول واحد مذکر غائب اَهَلَّ يُهِلُّ، مصدر اِهْلَالًا، نام لینا، نامزد کرنا پکارا جانا (نام لیا گیا)

لِغَيْرِ اللّٰهِ (لِ، غَيْرِ، اَللّٰهِ) لِ، حرف جار، کا، غَيْرِ، مجرور، مضاف، غیر، سوا، علاوہ، اَللّٰهِ، مضاف الیہ، اللہ

کے (اللہ کے علاوہ کا غیر اللہ کا) بِهٖ (بِ، هٖ) بِ، حرف جار، پر، هٖ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس (اس پر)

فَمَنِ اضْطُرَّ غَيْرَ بَاغٍ وَّلَا عَادٍ فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿١١٥﴾	پھر جو شخص مجبور کر دیا جائے نہ باغی ہو اور نہ حد سے تجاوز کرنے والا ہو تو بے شک اللہ بہت بخشنے والا، بہت رحم کرنے والا ہے

فَمَنِ (فَ، مَنْ) فَ، حرف عطف، پھر، مَنْ، اسم موصول شرطیہ، جو (پھر جو)

اُضْطُرَّ، فعل ماضی مجہول واحد مذکر غائب اِضْطَرَّ يَضْطَرُّ، مصدر اِضْطِرَارٌ، مجبور کرنا، لاچار کرنا (وہ مجبور کر دیا جائے) غَيْرَ (نہ) بَاغٍ، بَغْيٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر (باغی، سرکش)

وَّلَا عَادٍ، وَ، حرف عطف، اور، لَا، نہ، عَادٍ، عُدْوَانٌ، سے اسم فاعل واحد مذکر (حد سے تجاوز کرنے والا)

فَاِنَّ اللّٰهَ (فَ، اِنَّ، اَللّٰهَ) فَ، حرف عطف، تو، اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، اَللّٰهَ، اللہ (تو بے شک اللہ) غَفُوْرٌ، اللہ کا صفاتی نام، غُفْرَانٌ، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ (بہت بخشنے والا)

رَّحِيْمٌ، اللہ کا صفاتی نام، رَحْمَةٌ، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ (بہت رحم کرنے والا)

وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَا تَصِفُ اَلْسِنَتُكُمُ الْكَذِبَ هٰذَا	اور تم مت کہو اس کو جو تمہاری زبانیں جھوٹ

حَلٰلٌ وَّ هٰذَا حَرَامٌ لِّتَفۡتَرُوۡا عَلَى اللّٰهِ الۡكَذِبَ ؕ	بیان کرتی ہیں کہ یہ حلال ہے اور یہ حرام ہے تاکہ تم اللہ پر جھوٹ بہتان باندھو۔

وَ، حرف عطف (اور) لَا تَقُوۡلُوۡا، فعل نہی جمع مذکر حاضر قَالَ يَقُوۡلُ، مصدر قَوۡلًا، کہنا (تم مت کہو)

لِمَا (لِ، مَا) لِ، حرف جار، کو، مَا، مجرور، اسم موصول، جو (اس کو جو)

تَصِفُ، فعل مضارع واحد مؤنث غائب وَصَفَ يَصِفُ، مصدر وَصۡفٌ، بیان کرنا (وہ بیان کرتی ہے)

اَلۡسِنَتُكُمُ (اَلۡسِنَتُ، كُمۡ) اَلۡسِنَتُ، مضاف، زبانیں، واحد، لِسَانٌ، كُمۡ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہاری (تمہاری زبانیں) الۡكَذِبَ (جھوٹ)

هٰذَا حَلٰلٌ، هٰذَا، اسم اشارہ واحد مذکر قریب، یہ، حَلٰلٌ، مشار الیہ، مصدر ہے، حلال (یہ حلال ہے)

وَّ، حرف عطف (اور) هٰذَا حَرَامٌ، هٰذَا، اسم اشارہ واحد مذکر قریب، یہ، حَرَامٌ، مشار الیہ، اسم ہے، حرام (یہ حرام ہے) لِّتَفۡتَرُوۡا (لِ، تَفۡتَرُوۡا) لِ، لام تعلیل ناصبہ، تاکہ، تَفۡتَرُوۡا، فعل مضارع جمع مذکر حاضر اِفۡتَرٰى يَفۡتَرِىۡ، مصدر اِفۡتِرَآءٌ، بہتان باندھنا، گھڑنا، تم بہتان باندھو (تاکہ تم بہتان باندھو)

عَلَى اللّٰهِ، عَلٰى، حرف جار، پر، اَللّٰهِ، مجرور، اللہ (اللہ پر) الۡكَذِبَ (جھوٹ)

اِنَّ الَّذِيۡنَ يَفۡتَرُوۡنَ عَلَى اللّٰهِ الۡكَذِبَ لَا يُفۡلِحُوۡنَ ؕ﴿۱۱۶﴾	بے شک وہ لوگ جو اللہ پر جھوٹ بہتان باندھتے ہیں وہ فلاح نہیں پاتے۔

اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل (بے شک) الَّذِيۡنَ، اسم موصول جمع مذکر (وہ لوگ جو)

يَفۡتَرُوۡنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب اِفۡتَرٰى يَفۡتَرِىۡ، مصدر اِفۡتِرَآءٌ، بہتان باندھنا، گھڑنا (وہ بہتان باندھتے ہیں) عَلَى اللّٰهِ، عَلٰى، حرف جار، پر، اَللّٰهِ، مجرور، اللہ (اللہ پر) الۡكَذِبَ (جھوٹ)

لَا يُفۡلِحُوۡنَ، فعل مضارع منفی جمع مذکر غائب اَفۡلَحَ يُفۡلِحُ، مصدر اِفۡلَاحٌ، کامیاب ہونا، فلاح پانا (وہ فلاح نہیں پاتے)

مَتَاعٌ قَلِيۡلٌ ۖ وَّ لَهُمۡ عَذَابٌ اَلِيۡمٌ ﴿۱۱۷﴾	بہت تھوڑا فائدہ ہے اور ان کیلئے دردناک عذاب

	ہے

مَتَاعٌ قَلِيْلٌ، مَتَاعٌ، موصوف، مصدر ہے، پونجی، سامان، فائدہ، جمع، اَمْتِعَةٌ، قَلِيْلٌ، قِلَّةٌ، مصدر سے صفت مشبہ، بہت تھوڑا (بہت تھوڑا فائدہ) وَّ لَهُمْ (وَ، لَ، هُمْ) وَ، حرف عطف، اور، لَ، حرف جار، کیلئے، هُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، ان (اور ان کیلئے)

عَذَابٌ اَلِيْمٌ، عَذَابٌ، موصوف، عذاب، اَلِيْمٌ، اَ لَمٌ، مصدر سے بمعنی فاعل صفت مشبہ، دکھ دینے والا، دردناک (دردناک عذاب)

وَعَلَى الَّذِيْنَ هَادُوْا حَرَّمْنَا مَا قَصَصْنَا عَلَيْكَ مِنْ قَبْلُ ۚ	اور ان لوگوں پر جو یہودی ہوئے ہم نے حرام کیا جو ہم نے آپ پر اس سے پہلے بیان کیا۔

وَ عَلَى الَّذِيْنَ (وَ، عَلٰى، اَلَّذِيْنَ) وَ، حرف عطف، اور، عَلٰى، حرف جار، پر، اَلَّذِيْنَ، مجرور، اسم موصول جمع مذکر، وہ لوگ جو (اور ان لوگوں پر جو) هَادُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب هَادَا يَهُوْدُ، مصدر هَوْدًا، یہودی ہونا (یہودی ہوئے) حَرَّمْنَا، فعل ماضی جمع متکلم حَرَّمَ يُحَرِّمُ، مصدر تَحْرِيْمًا، حرام کرنا (ہم نے حرام کیا) مَا، اسم موصول (جو) قَصَصْنَا، فعل ماضی جمع متکلم قَصَّ يَقُصُّ، مصدر قَصَصًا، بیان کرنا، بتانا (ہم نے بیان کیا) عَلَيْكَ (عَلٰى، كَ) عَلٰى، حرف جار، پر، كَ، مجرور، ضمیر واحد مذکر حاضر، آپ (آپ پر) مِنْ قَبْلُ (مِنْ، قَبْلُ) مِنْ، حرف جار، سے، قَبْلُ، مجرور، پہلے (اس سے پہلے)

وَمَا ظَلَمْنٰهُمْ وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ﴿۱۱۸﴾	اور ہم نے ان پر ظلم نہیں کیا اور لیکن وہ (خود) اپنی جانوں پر ظلم کرتے تھے۔

وَ مَا ظَلَمْنٰهُمْ (وَ، مَا، ظَلَمْنَا، هُمْ) وَ، حرف عطف، اور، مَا، نافیہ، نہیں، ظَلَمْنَا، فعل ماضی جمع متکلم ظَلَمَ يَظْلِمُ، مصدر ظُلْمًا، ظلم کرنا، ہم نے ظلم کیا، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان (اور ہم نے ان پر ظلم نہیں کیا) وَ لٰكِنْ، وَ، حرف عطف، اور، لٰكِنْ، حرف استدراک، لیکن (اور لیکن)

كَانُوْٓا، فعل ماضی جمع مذکر غائب كَانَ يَكُوْنُ، مصدر كَوْنًا، ہونا (وہ (خود) تھے)

اَنْفُسَهُمْ (اَنْفُسَ، هُمْ) اَنْفُسَ، مضاف، نفسوں، جانوں، هُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اپنی (اپنی جانوں پر) يَظْلِمُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب ظَلَمَ يَظْلِمُ، مصدر ظُلْمًا، ظلم کرنا (وہ ظلم کرتے)

ثُمَّ اِنَّ رَبَّكَ لِلَّذِيْنَ عَمِلُوا السُّوْٓءَ بِجَهَالَةٍ ثُمَّ تَابُوْا مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ وَ اَصْلَحُوْٓا ۙ اِنَّ رَبَّكَ مِنْۢ بَعْدِهَا لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۱۹﴾	پھر بے شک آپ کا رب ان لوگوں کیلئے جنہوں نے جہالت سے برے عمل کیے پھر اس کے بعد اُنہوں نے توبہ کر لی اور اصلاح کر لی بے شک آپ کا رب اس کے بعد یقیناً بے حد بخشنے والا، بہت رحم کرنے والا ہے۔

ع ۱۵ / ۱۶

ثُمَّ، حرف عطف (پھر) اِنَّ رَبَّكَ (اِنَّ، رَبَّ، كَ) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، رَبَّ، مضاف، رب، پروردگار، كَ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر حاضر، آپ کا (بے شک آپ کا رب)

لِلَّذِيْنَ (لِ، اَلَّذِيْنَ) لِ، حرف جار، کیلئے، اَلَّذِيْنَ، مجرور، اسم موصول جمع مذکر، وہ لوگ جو (ان لوگوں کیلئے جنہوں نے) عَمِلُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب عَمِلَ يَعْمَلُ، مصدر عَمَلًا، عمل کرنا (اُنہوں نے عمل کیے) السُّوْٓءَ، سَوْءٌ، مصدر سے اسم (برے) بِجَهَالَةٍ (بِ، جَهَالَةٍ) بِ، حرف جار، سے، جَهَالَةٍ، مجرور، مصدر، جہالت (جہالت سے)

ثُمَّ، حرف عطف (پھر) تَابُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب تَابَ يَتُوْبُ، مصدر تَوْبَةٌ، توبہ کرنا (اُنہوں نے توبہ کرلی) مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ، مِنْ، حرف جار، ترجمہ کی ضرورت نہیں، بَعْدِ، مجرور، مضاف، بعد، ذٰلِكَ، مضاف الیہ، اسم اشارہ واحد مذکر بعید، اس (اس کے بعد) وَ، حرف عطف (اور)

اَصْلَحُوْٓا، فعل ماضی جمع مذکر غائب اَصْلَحَ يُصْلِحُ، مصدر اِصْلَاحًا، اصلاح کرنا (اُنہوں نے اصلاح کرلی) اِنَّ رَبَّكَ (اِنَّ، رَبَّ، كَ) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، رَبَّ، مضاف، رب، پروردگار، كَ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر حاضر، آپ کا (بے شک آپ کا رب)

مِنْۢ بَعْدِهَا، مِنْ، حرف جار، ترجمہ کی ضرورت نہیں، بَعْدِ، مجرور، مضاف، بعد، هَا، مضاف الیہ، ضمیر واحد مؤنث غائب، اس کے (اس کے بعد) لَغَفُوْرٌ (لَ، غَفُوْرٌ) لَ، لام تاکید، یقیناً، غَفُوْرٌ، اللہ کا صفاتی نام، غُفْرَانٌ، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ، بے حد بخشنے والا (یقیناً بے حد بخشنے والا)

رَّحِيْمٌ، اللہ کا صفاتی نام، رَحْمَةٌ، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ (بہت رحم کرنے والا)

اِنَّ اِبْرٰهِيْمَ كَانَ اُمَّةً قَانِتًا لِّلّٰهِ حَنِيْفًا ؕ	بے شک (حضرت) ابراہیم (علیہ السلام) ایک امت تھا، اللہ کا فرمانبردار، یکسو تھا۔

اِنَّ اِبْرٰهِيْمَ، اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، اِبْرٰهِيْمَ، حضرت ابراہیم علیہ السلام (حضرت ابراہیم) كَانَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب كَانَ يَكُوْنُ، مصدر كَوْنًا، ہونا (وہ تھا) اُمَّةً، دین، طریقہ (ایک امت) قَانِتًا، قُنُوْتٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر، اطاعت گزار (فرمانبردار)

لِّلّٰهِ (لِ، اَللّٰهِ) لِ، حرف جار، کا، اَللّٰهِ، مجرور، اللہ (اللہ کا) حَنِيْفًا، حَنْفٌ، مصدر سے صفت مشبہ، گمراہی سے استقامت کی طرف مائل ہونے والا، سب باطل راہیں چھوڑ کر راہ حق پر چلنے والا، سیدھی راہ والا (یکسو)

وَ لَمْ يَكُ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۱۲۰﴾	اور وہ مشرکوں میں سے نہ تھا۔

وَ، حرف عطف (اور) لَمْ يَكُ، فعل مضارع منفی جحد بلم واحد مذکر غائب كَانَ يَكُوْنُ، مصدر كَوْنًا، ہونا (وہ نہ تھا) مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ، مِنْ، حرف جار، سے، اَلْمُشْرِكِيْنَ، مجرور، اِشْرَاكٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، شرک کرنے والے، مشرکوں (مشرکوں میں سے)

شَاكِرًا لِّاَنْعُمِهٖ ؕ	اس کی نعمتوں کا شکر کرنے والا تھا۔

شَاكِرًا، شُكْرٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (شکر کرنے والا)

لِّاَنْعُمِهٖ (لِ ۔ اَنْعُمِ، هٖ) لِ، حرف جار، کا، اَنْعُمِ، مجرور، مضاف، نعمتوں، واحد، نِعْمَةٌ، هٖ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس کی (اس کی نعمتوں کا)

اِجْتَبٰىهُ وَهَدٰىهُ اِلٰى صِرَاطٍ	اس نے اسے چن لیا اور اس نے اسے سیدھے راستے کی

مُّسۡتَقِيۡمٍ ﴿۱۲۱﴾	طرف ہدایت دی۔

اِجۡتَبٰىهُ (اِجۡتَبٰى، هُ) اِجۡتَبٰى، فعل ماضی واحد مذکر غائب اِجۡتَبٰى يَجۡتَبِىۡ، مصدر اِجۡتِبَآءٌ، چن لینا، منتخب کرنا، اس نے چن لیا، هُ، ضمیر واحد مذکر غائب، اسے (اس نے اسے چن لیا) وَ، حرف عطف (اور)

هَدٰىهُ (هَدٰى، هُ) هَدٰى، فعل ماضی واحد مذکر غائب هَدٰى يَهۡدِىۡ، مصدر هِدَايَةٌ، ہدایت دینا، اس نے ہدایت دی، هُ، ضمیر واحد مذکر غائب، اسے (اس نے اسے ہدایت دی)

اِلٰى صِرَاطٍ مُّسۡتَقِيۡمٍ، اِلٰى، حرف جار، کی طرف، صِرَاطٍ، مجرور، موصوف، راستہ، مُسۡتَقِيۡمٍ، صفت، اِسۡتِقَامَةٌ، مصدر سے اسم فاعل، سیدھے (سیدھے راستے کی طرف)

وَاٰتَيۡنٰهُ فِى الدُّنۡيَا حَسَنَةً ؕ	اور ہم نے اسے دنیا میں بھلائی دی۔

وَ، حرف عطف (اور) اٰتَيۡنٰهُ (اٰتَيۡنَا، هُ) اٰتَيۡنَا، فعل ماضی جمع متکلم اٰتٰى يُؤۡتِىۡ، مصدر اِيۡتَآءٌ، دینا، ہم نے دی، هُ، ضمیر جمع مذکر غائب، اسے (ہم نے اسے دی)

فِى الدُّنۡيَا (فِىۡ، اَلدُّنۡيَا) فِىۡ، حرف جار، میں، اَلدُّنۡيَا، مجرور، دنیا (دنیا میں) حَسَنَةً (نیکی، خوبی، بھلائی)

وَاِنَّهٗ فِى الۡاٰخِرَةِ لَمِنَ الصّٰلِحِيۡنَ ﴿۱۲۲﴾	اور بے شک وہ آخرت میں یقیناً نیک لوگوں میں سے ہے۔

وَاِنَّهٗ (وَ، اِنَّ، هٗ) وَ، حرف عطف، اور، اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، هٗ، ضمیر واحد مذکر غائب، وہ (اور بے شک وہ) فِى الۡاٰخِرَةِ (فِىۡ، اَلۡاٰخِرَةِ) فِىۡ، حرف جار، میں، اَلۡاٰخِرَةِ، مجرور، آخرت (آخرت میں)

لَمِنَ الصّٰلِحِيۡنَ (لَ، مِنۡ، اَلصّٰلِحِيۡنَ) لَ، لام تاکید، ضرور، یقیناً، مِنۡ، حرف جار، سے، اَلصّٰلِحِيۡنَ، صَلَاحٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، نیک لوگوں، واحد، صَالِحٌ (یقیناً نیک لوگوں میں سے)

ثُمَّ اَوۡحَيۡنَاۤ اِلَيۡكَ اَنِ اتَّبِعۡ مِلَّةَ اِبۡرٰهِيۡمَ حَنِيۡفًا ؕ	پھر ہم نے آپ کی طرف وحی کی کہ آپ حضرت ابراہیم (علیہ السلام) کی ملت کی پیروی کریں جو ایک (اللہ کی) طرف ہو جانے والا تھا۔

ثُمَّ، حرف عطف (پھر) اَوۡحَيۡنَآ، فعل ماضی جمع متکلم اَوۡحٰى يُوۡحِىۡ، مصدر اِيۡحَآءٌ، وحی کرنا (ہم نے وحی کی) اِلَيۡكَ (اِلٰى، كَ) اِلٰى، حرف جار، کی طرف، كَ، مجرور، ضمیر واحد مذکر حاضر، آپ (آپ کی طرف) اَنِ مصدریہ (یہ کہ) اِتَّبِعۡ، فعل امر واحد مذکر حاضر اِتَّبَعَ يَتَّبِعُ، مصدر اِتِّبَاعًا، پیروی کرنا (آپ پیروی کریں) مِلَّةَ اِبۡرٰهِيۡمَ، مِلَّةَ، مضاف، ملت، دین، طریقہ، اِبۡرٰهِيۡمَ، مضاف الیہ، حضرت ابراہیم علیہ السلام (حضرت ابراہیم کی ملت) حَنِيۡفًا، حَنۡفٌ، سے صفت مشبہ، باطل راہیں چھوڑ کر حق پکڑنے والا، سیدھی راہ والا، یکسو (ایک (اللہ کی) طرف ہو جانے والا)

وَمَا كَانَ مِنَ الۡمُشۡرِكِيۡنَ ﴿۱۲۳﴾	اور وہ مشرکوں میں سے نہ تھا۔

وَمَا كَانَ، وَ، حرف عطف، اور، مَا، نافیہ، نہیں، كَانَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب كَانَ يَكُوۡنُ، مصدر كَوۡنًا، ہونا (وہ تھا)

مِنَ الۡمُشۡرِكِيۡنَ (مِنۡ، اَلۡمُشۡرِكِيۡنَ) مِنۡ، حرف جار، سے، اَلۡمُشۡرِكِيۡنَ، مجرور، اِشۡرَاكٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، شرک کرنے والے، مشرکوں (مشرکوں میں سے)

اِنَّمَا جُعِلَ السَّبۡتُ عَلَى الَّذِيۡنَ اخۡتَلَفُوۡا فِيۡهِ ؕ	ہفتے کا دن صرف ان لوگوں پر مقرر کیا گیا جنہوں نے اس میں اختلاف کیا۔

اِنَّمَا، کلمہ حصر، بے شک، سوائے اس کے نہیں (صرف)

جُعِلَ، فعل ماضی مجہول واحد مذکر غائب جَعَلَ يَجۡعَلُ، مصدر جَعۡلًا، بنانا، مقرر کرنا (وہ مقرر کیا گیا)

السَّبۡتُ (ہفتہ کا دن) عَلَى الَّذِيۡنَ (عَلٰى، اَلَّذِيۡنَ) عَلٰى، حرف جار، پر، اَلَّذِيۡنَ، مجرور، اسم موصول جمع مذکر، وہ لوگ جو (ان لوگوں پر جنہوں نے) اِخۡتَلَفُوۡا، فعل ماضی جمع مذکر غائب اِخۡتَلَفَ يَخۡتَلِفُ، مصدر اِخۡتِلَافٌ، اختلاف کرنا (اُنہوں نے اختلاف کیا)

فِيۡهِ (فِىۡ، هِ) فِىۡ، حرف جار، میں، هِ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس (اس میں)

وَاِنَّ رَبَّكَ لَيَحۡكُمُ بَيۡنَهُمۡ يَوۡمَ	اور بے شک آپ کا رب ان کے درمیان قیامت کے دن

الْقِيٰمَةِ فِيْمَا كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ﴿۱۲۴﴾	اس کا ضرور فیصلہ کرے گا جس میں وہ اختلاف کیا کرتے تھے

وَاِنَّ،وَ، حرف عطف، اور، اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک (اور بے شک)

رَبَّكَ (رَبَّ،كَ) رَبَّ، مضاف، رب، پروردگار، كَ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر حاضر، آپ کا (آپ کا رب)

لَيَحْكُمُ (لَ، يَحْكُمُ) لَ، لام تاکید، ضرور، یقیناً، يَحْكُمُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب حَكَمَ يَحْكُمُ، مصدر حُكْمًا، حکم کرنا، فیصلہ کرنا، وہ فیصلہ کرے گا (وہ ضرور فیصلہ کرے گا)

بَيْنَهُمْ (بَيْنَ، هُمْ) بَيْنَ، مضاف، درمیان، هُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان کے (ان کے درمیان) يَوْمَ الْقِيٰمَةِ، يَوْمَ، مضاف، دن، اَلْقِيٰمَةِ، مضاف الیہ، قیامت کے (قیامت کے دن)

فِيْمَا (فِيْ، مَا) فِيْ، حرف جار، بمعنی باء، کا، مَا، مجرور، اسم موصول، جس (اس کا جس)

كَانُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب كَانَ يَكُوْنُ، مصدر كَوْنًا، ہونا (وہ تھے)

فِيْهِ (فِيْ، هِ) فِيْ، حرف جار، میں، هِ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس (اس میں)

يَخْتَلِفُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب اِخْتَلَفَ يَخْتَلِفُ، مصدر اِخْتِلَافٌ، اختلاف کرنا (وہ اختلاف کیا کرتے)

اُدْعُ اِلٰى سَبِيْلِ رَبِّكَ بِالْحِكْمَةِ وَ الْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ وَجَادِلْهُمْ بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ ؕ	آپ اپنے رب کے راستے کی طرف حکمت اور اچھی نصیحت کے ساتھ دعوت دیں اور آپ ان سے اس (طریقہ) سے مباحثہ کریں (کہ) وہ جو سب سے اچھا ہو

اُدْعُ، فعل امر واحد مذکر حاضر دَعَا يَدْعُوْ، مصدر دَعْوَةٌ، بلانا، پکارنا، دعوت دینا (آپ دعوت دیں)

اِلٰى سَبِيْلِ (اِلٰى، سَبِيْلِ) اِلٰى، حرف جار، کی طرف، سَبِيْلِ، مجرور، راستے (راستے کی طرف)

رَبِّكَ (رَبِّ، كَ) رَبِّ، مضاف، رب، پروردگار، كَ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر حاضر، اپنے (اپنے رب کے) بِالْحِكْمَةِ (بِ، اَلْحِكْمَةِ) بِ، حرف جار، کے ساتھ، اَلْحِكْمَةِ، مجرور، حکمت (حکمت کے ساتھ)

وَ، حرف عطف (اور) الۡمَوۡعِظَةِ الۡحَسَنَةِ (اَلۡمَوۡعِظَةِ، اَلۡحَسَنَةِ) اَلۡمَوۡعِظَةِ، موصوف، اسم مصدر ایسی نصیحت جو دل پر اترے، اَلۡحَسَنَةِ، صفت، نیک، اچھی، بھلی (اچھی نصیحت) وَ، حرف عطف (اور)

جَادِلۡهُمۡ (جَادِلۡ، هُمۡ) جَادِلۡ، فعل امر واحد مذکر حاضر جَادَلَ يُجَادِلُ، مصدر مُجَادَلَةٌ، باہم گفتگو کرنا، مباحثہ کرنا، آپ مباحثہ کریں، هُمۡ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان (آپ ان سے مباحثہ کریں)

بِالَّتِيۡ (بِ، اَلَّتِيۡ) بِ، حرف جار، سے، اَلَّتِيۡ، مجرور، اسم موصول واحد مؤنث، جو (اس سے جو)

هِيَ، ضمیر واحد مؤنث غائب (وہ) اَحۡسَنُ، حُسۡنٌ، سے افعل التفضیل کا صیغہ، زیادہ اچھا (سب سے اچھا)

بے شک آپ کا رب ہی اس کو زیادہ جاننے والا ہے جو اس کے راستے سے بھٹکا ہوا ہے اور وہی ہدایت پانے والوں کو زیادہ جاننے والا ہے۔	اِنَّ رَبَّكَ هُوَ اَعۡلَمُ بِمَنۡ ضَلَّ عَنۡ سَبِيۡلِهٖ وَهُوَ اَعۡلَمُ بِالۡمُهۡتَدِيۡنَ ۞

اِنَّ رَبَّكَ (اِنَّ، رَبَّ، كَ) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، رَبَّ، مضاف، رب، پروردگار، كَ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر حاضر، آپ کا (بے شک آپ کا رب) هُوَ، ضمیر منفصلہ واحد مذکر غائب (وہ، وہی)

اَعۡلَمُ، عِلۡمٌ، مصدر سے افعل التفضیل کا صیغہ (زیادہ جاننے والا)

بِمَنۡ (بِ، مَنۡ) بِ، حرف جار، کو، مَنۡ، مجرور، اسم موصول، جو (اس کو جو)

ضَلَّ، فعل ماضی واحد مذکر غائب ضَلَّ يَضِلُّ، مصدر ضَلَالًا، گمراہ ہونا، بھٹکنا (وہ بھٹکا ہوا ہے)

عَنۡ سَبِيۡلِهٖ (عَنۡ، سَبِيۡلِ، ہٖ) عَنۡ، حرف جار، سے، سَبِيۡلِ، مجرور، مضاف، راستہ، ہٖ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس کے (اس کے راستے سے) وَ، حرف عطف (اور) هُوَ ضمیر منفصلہ واحد مذکر غائب (وہ، وہی) اَعۡلَمُ، عِلۡمٌ، مصدر سے افعل التفضیل کا صیغہ (زیادہ جاننے والا)

بِالۡمُهۡتَدِيۡنَ (بِ، اَلۡمُهۡتَدِيۡنَ) بِ، حرف جار، کو، اَلۡمُهۡتَدِيۡنَ، مجرور، اِهۡتِدَآءٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، ہدایت یافتہ (ہدایت پانے والے)

اور اگر تم بدلہ لو تو تم اس کی مثل بدلہ لو جو تم کو اس سے تکلیف	وَاِنۡ عَاقَبۡتُمۡ فَعَاقِبُوۡا بِمِثۡلِ

مَا عُوْقِبْتُمْ بِهٖ ؕ	دی گئی۔

وَاِنْ،وَ، حرف عطف،اور، اِنْ، شرطیہ، اگر (اور اگر)

عَاقَبْتُمْ، فعل ماضی جمع مذکر حاضر عَاقَبَ يُعَاقِبُ، مصدر مُعَاقَبَةٌ، عذاب دینا، سزا دینا، بدلہ دینا، تکلیف دینا بدلہ لینا، اِنْ، کی وجہ سے ترجمہ (تم بدلہ لو)

فَعَاقِبُوْا (فَ، عَاقِبُوْا) فَ، حرف عطف، تو، عَاقِبُوْا، فعل امر جمع مذکر حاضر عَاقَبَ يُعَاقِبُ، مصدر مُعَاقَبَةٌ، عذاب دینا، سزا دینا، بدلہ لینا، تکلیف دینا، تم بدلہ لو (تو تم بدلہ لو)

بِمِثْلِ (بِ، مِثْلِ) بِ، حرف جار، کی، مِثْلِ، مجرور، مثل، مانند (اس کی مثل) مَا، اسم موصول (جو)

عُوْقِبْتُمْ، فعل ماضی مجہول جمع مذکر حاضر عَاقَبَ يُعَاقِبُ، مصدر مُعَاقَبَةٌ، عذاب دینا، سزا دینا، بدلہ دینا، تکلیف دینا بدلہ لینا (تم کو تکلیف دی گئی) بِهٖ (بِ، ہٖ) بِ، حرف جار، سے، ہٖ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس (اس سے)

وَلَئِنْ صَبَرْتُمْ لَهُوَ خَيْرٌ لِّلصّٰبِرِيْنَ ﴿۱۲۶﴾	اور یقیناً اگر تم صبر کرو (تو) ضرور وہ صبر کرنے والوں کیلئے بہتر ہے۔

وَلَئِنْ (وَ، لَ، اِنْ) وَ، حرف عطف، اور، لَ، لام تاکید، یقیناً، اِنْ، شرطیہ، اگر (اور یقیناً اگر)

صَبَرْتُمْ، فعل ماضی جمع مذکر حاضر صَبَرَ يَصْبِرُ، مصدر صَبْرًا، صبر کرنا، اِنْ، کی وجہ سے ترجمہ (تم صبر کرو) لَهُوَ (لَ، هُوَ) لَ، لام تاکید، بلاشبہ، ضرور، هُوَ، ضمیر منفصلہ واحد مذکر غائب، وہ (ضرور وہ)

خَيْرٌ (بہتر ہے) لِّلصّٰبِرِيْنَ (لِ، اَلصّٰبِرِيْنَ) لِ، حرف جار، کیلئے، اَلصّٰبِرِيْنَ، مجرور، صَبْرًا، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، صبر کرنے والے (صبر کرنے والوں کیلئے)

وَاصْبِرْ وَمَا صَبْرُكَ اِلَّا بِاللّٰهِ وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَلَا تَكُ فِيْ ضَيْقٍ مِّمَّا يَمْكُرُوْنَ ﴿۱۲۷﴾	اور آپ صبر کریں اور نہیں ہے آپ کا صبر کرنا مگر اللہ (کی توفیق) سے اور آپ ان پر غم نہ کریں اور آپ اس سے کسی تنگی میں نہ ہوں جو وہ تدبیریں کرتے ہیں۔

وَ اصْبِرْ (وَ،اِصْبِرْ) وَ، حرف عطف،اور،اِصْبِرْ، فعل امر واحد مذکر حاضر صَبَرَ یَصْبِرُ، مصدر، صَبْرًا، صبر کرنا (آپ صبر کریں) وَ مَا،وَ، حرف عطف،اور، مَا، نافیہ، نہیں (اور نہیں)

صَبْرُكَ (صَبْرُ،كَ) صَبْرُ، مضاف، مصدر، صبر کرنا، كَ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر حاضر،آپ کا (آپ کا صبر کرنا) اِلَّا، کلمہ استثنا (مگر) بِاللّٰهِ (بِ،اَللّٰهِ) بِ، حرف جار، سے،اَللّٰهِ، مجرور،اللہ (اللہ (کی توفیق) سے)

وَ، حرف عطف (اور) لَا تَحْزَنْ، فعل نہی واحد مذکر حاضر حَزَنَ يَحْزُنُ، مصدر حُزْنٌ، غم کرنا، دکھی ہونا (آپ غم نہ کریں) عَلَيْهِمْ (عَلٰى،هِمْ) عَلٰى، حرف جار، پر،هِمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب،ان (ان پر) وَ، حرف عطف (اور) لَا تَكُ، فعل نہی واحد مذکر حاضر كَانَ يَكُوْنُ، مصدر كَوْنًا، ہونا (آپ نہ ہوں)

فِيْ ضَيْقٍ،فِيْ، حرف جار، میں،ضَيْقٍ، مجرور، مصدر ہے، تنگ ہونا، کسی تنگی (کسی تنگی میں)

مِّمَّا (مِنْ،مَا) مِنْ، حرف جار، سے،مَا، مجرور،اسم موصول،جو (اس سے جو) يَمْكُرُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب مَكَرَ يَمْكُرُ، مصدر مَكْرًا،تدبیر کرنا، چال چلنا (وہ تدبیریں کرتے ہیں)

اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا وَّ الَّذِيْنَ هُمْ مُّحْسِنُوْنَ ﴿۱۲۸﴾ ع	بے شک اللہ ان لوگوں کے ساتھ ہے جنہوں نے تقوٰی اختیار کیا اور ان لوگوں کے جو (کہ) وہ احسان کرنے والے ہیں

ع ۱۶ ۹ ۲۲

اِنَّ اللّٰهَ (اِنَّ ،اَللّٰهَ) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، اَللّٰهَ،اللہ (بے شک اللہ)

مَعَ الَّذِيْنَ (مَعَ،اَلَّذِيْنَ) مَعَ،اسم ظرف مکان، مضاف، ساتھ ہے، اَلَّذِيْنَ، مضاف الیہ،اسم موصول جمع مذکر،ان لوگوں کے جنہوں نے (ان لوگوں کے ساتھ جنہوں نے)

اِتَّقَوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب اِتَّقٰى يَتَّقِيْ، مصدر اِتِّقَآءٌ، ڈرنا، تقوٰی اختیار کرنا (اُنہوں نے تقوٰی اختیار کیا) وَّ، حرف عطف (اور) الَّذِيْنَ،اسم موصول جمع مذکر (ان لوگوں کے جو)

هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب (وہ) مُّحْسِنُوْنَ،اِحْسَانٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (احسان کرنے والے)